مفاتیح الجنان اردو

PART-2
صفحہ 297 سے 624

(مولّفہ)

المحدث البارع العالم العامل الشیخ عبّاس القمّی النجفی اعلی اللہ مقامہ

(مترجمہ)

جناب شیخ الجامعہ حجّۃ الاسلام مولیٰنا اختر عبّاس مؤسّس وسرپرست جامع المنتظر لاہور

(ناشر)

امامیہ کتب خانہ لاہور

مغل حویلی - اندرون موچی دروازہ

اپنے ذاتی استعمال کے لئے الیکٹرونک کاپی بنائی ہے
سید نذر عباس
31.5.2003

فہرست کتاب مفاتیح الجنان یا توضیح الوظائف

فہرست باقیات الصالحات

(برحاشیہ مفاتیح الجنان)

آٹھویں یہ وہ مطلب ہے کہ جس کی سفر میں رعایت کرنی بہت اہم ہے اور وہ مسافر کا اپنی نماز فریضہ کا بمع شرائط اور حدود کے اوّل وقت میں بجا لانا ہے کیونکہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ زائرین اور حاجی حضرات راستے میں نماز کو نہیں پڑھتے یا شرائط کا خیال نہیں کرتے اور اسی گاڑی اور موٹر وغیرہ پر تیمم کر کے نجس کپڑے میں پڑھ لیتے ہیں حالانکہ یہ ان کے لئے جائز نہیں ہوتا اور یہ سب کچھ اس واسطے کرتے ہیں کہ انہیں مسائل سے واقفیت نہیں ہوتی ہے یا نماز سے بے اعتنائی کرتے ہیں حالانکہ امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا ہے کہ فریضہ نماز بیس حج سے بہتر ہے اور ایک حج ایک مکان کو سونے سے پُر کر کے تمام کو اللہ کے راستہ میں صدقہ دے دیئے جانے سے بہتر ہے۔ اور سفر میں نماز کو قصر پڑھنا چاہیئے اور نماز قصر کے بعد تیس مرتبہ اس تسبیح کو ترک نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ اس کی بہت تاکید کی گئی ہے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

پہلی فصل زیارات ائمہ علیہم السلام کے آداب میں ہے

آداب بہت زیادہ ہیں ہم یہاں پر چند ایک کو ذکر کرتے ہیں۔ پہلے زیارت کے سفر جانے سے پہلے غسل کرے۔ دوسرے راستے میں بے ہودہ ولغو کلام اور لڑائی جھگڑا اور گالی گلوچ کو چھوڑے رکھے تیسرے ہر امام علیہ السلام کی زیارت پڑھنے سے پہلے غسل کرے اور اس کا ذکر زیارت وارث سے پہلے آئے گا چوتھے حدث اکبر اور اصغر سے باطہارت ہو یعنی غسل اور وضو کے ساتھ رہے۔ پانچویں پاک اور پاکیزہ نیا اور سفید لباس پہنے۔ چھٹے روضہ مبارک پر جانے کے وقت چھوٹے چھوٹے قدم رکھے اور بہت وقار اور آرام اور خضوع اور خشوع، سر نیچے کئے ہوئے اور ادھر ادھر نہ دیکھتے ہوئے جائے۔ ساتویں سوائے امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے باقی زیارتوں کے لئے خوشبو لگا کر جائے۔ آٹھویں حرم مطہر کی طرف جانے کے وقت اللہ کا ذکر تکبیر اور حمد اور تسبیح اور تہلیل اور تمجید اور محمد و آل محمد پر درود وصلوات پڑھتا جائے۔ نویں حرم مبارک کے دروازے پر کھڑے ہو کر اذن دخول پڑھے اور کوشش کرے کہ اسے رقت قلب اور خضوع اور خشوع ہو اور فروتنی اللہ تعالیٰ کی عظمت وجلال کا تصور حاصل ہو۔ اور اس بزرگوار کی جلالت قدر کہ جس کے سامنے کھڑا تصور کرے اور یوں سمجھے کہ وہ بزرگوار اسے دیکھ رہے ہیں اور اس کے کلام کو سن رہے ہیں اور اس کے سلام کا جواب دیتے ہیں اور اس مطلب کی تائید وہ اذن دخول کرتا ہے جو اس وقت زائر کو پڑھنا ہوتا ہے اور ان کی

ہے تو آپ نے یہ فرمایا بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِاللّٰہِ وَاَعُوْذُ بِغُفْرَانِ اللّٰہِ وَاَعُوْذُ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ وَاَعُوْذُ بِالْاَئِمَّۃِ اور اس کے بعد ہر ایک ائمہ کا اسم گرامی لیا اور اس کے بعد یہ فرمایا عَلٰی مَا نَشَآءُ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْمُطِیْعِیْنَ نیز آنکھوں کے درد کے لئے وارد ہوا ہے کہ آیۃ الکرسی پڑھے اور دل میں نیت آنکھوں کے اچھے ہونے کی کرے اور آیۃ الکرسی کے پڑھنے سے پہلے ہاتھ کو آنکھوں پر رکھے اور یہ پڑھے۔ اُعِیْذُ نُوْرَ بَصَرِیْ بِنُوْرِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یُطْفَاءُ تو کھا ہے۔ کہ آنکھوں کے ضعف کے لئے فائدہ مند ہے۔ آنکھوں کے ضعف اور شب کوری کے لئے وارد

محبت اور لطف بھی یہی بتلاتا ہے جو اپنے شیعوں سے کرتے اور رکھتے ہیں اور زائر کو اپنے حالات میں غور و فکر کرنا چاہیئے اور اپنی خرابیوں اور ان مخالفتوں کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے کہ جو اس نے ان ذوات مقدسہ کی کی ہیں اور ان اذیتوں اور تکالیف کو نگاہ میں لائے جو اس نے ان حضرات اور اللہ کے پاک باز انسانوں اور ان کے شیعوں کے حق میں کی ہیں کیونکہ ان کے دوستوں کو تکالیف پہنچانا حقیقت میں ان ذوات مقدسہ کو آزار پہنچاتا ہے۔ واقعاً اگر انسان ان چیزوں کا خیال کرے تو اس کے قدم آگے بڑھنے سے رکیں گے اور اس کا دل خوفزدہ اور آنکھیں اشکبار ہوں گی اور یہی تمام آداب کی حقیقی روح ہے زائر کو ملتفت رہنا چاہیئے کہ وہ امام علیہ السلام کی زیارت کے جانے کے وقت فعل حرام نہ کرے جیسا کہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ زائر حرم کے جانے سے پہلے ڈاڑھی منڈاتے ہیں حالانکہ یہ وہ فعل ہے کہ جس سے امام کے دل پر ضرب کاری لگتی ہے جیسا کہ کسی نے امام حسین علیہ السلام کو خواب میں دیکھا تھا کہ اس سے امام علیہ السلام نے فرمایا کہ جب تم اپنے وطن ڈاڑھی منڈاتے ہو تو ہمارے دل پہ ضرب کاری اور زخم لگاتے ہو کیا تم مجھے کربلا معلیٰ آ کر میرے دل پر وار کرنے اور زخم لگانے آئے ہو لہٰذا انسان ڈاڑھی منڈوا کر بجائے امام علیہ السلام کے سلام کے جواب کے یہ جواب نہ لے کہ حضور فرمائیں نکل جا اور تیرے اوپر لعنت ہو اور زائر کو تاش وغیرہ ریڈیو کے راگ و دیگر لغویات کو سفر زیارت میں ترک کرنا چاہیئے۔ (التماس دعا مترجم) اور کتنا ہی اچھا لگتا ہے سخاوی کے عربی اشعار یہاں نقل کر دیئے جائیں۔

قَالُوا غَدًا نَاتِي دِيَارَ الحِمیٰ ۔ وَيَنْزِلُ الرَّكْبُ بِمَغْنَاهُمُ

فَكُلُّ مَنْ كَانَ مُطِيعًا لَهُمْ ۔ أَصْبَحَ مَسْرُورًا بِلُقْيَاهُمُ

قُلْتُ فَلِي ذَنْبٌ فَمَا حِيلَتِي ۔ بِأَيِّ وَجْهٍ أَتَلَقَّاهُمُ

قَالُوا أَلَيْسَ الْعَفْوُ مِنْ شَأْنِهِمْ ۔ لَاسِيَّمَا عَمَّنْ تَرَجَّاهُمُ

فَجِئْتُهُمْ أَسْعَى إِلَى بَابِهِمْ ۔ أَرْجُوهُمُ طَوْرًا وَأَخْشَاهُمُ

علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے بحار الانوار میں ایک روایت عیون المعجزات سے نقل کی ہے کہ ابراہیم جمال جو شیعان علی امیر المومنین علیہ السلام سے تھے اس نے چاہا کہ علی بن یقطین رضی اللہ عنہ جو ہارون رشید کا وزیر تھا ان سے ملاقات کرے، چونکہ ابراہیم ساربان تھا اور وہ وزیر تھے اور اس کی ظاہری شان اتنی نہ تھی کہ وہ وزیر کے دربار میں حاضر ہو تو اسے کسی نے علی بن یقطین رحمۃ اللہ علیہ کے پاس جانے نہ دیا، اسی

ہوا ہے کہ آیت نور کو کسی کاسہ پر مکرر لکھ کر پانی سے دھو دے اور کسی بوتل وغیرہ میں بند کر کے محفوظ کرے اور پھر میل (یعنی سرمچھوں) سے آنکھ میں لگاتا رہے روایت میں ہے کہ جو شخص قرآن کو دیکھ کر پڑھے اپنی آنکھوں سے فائدہ اٹھاتا رہے گا۔ اور یہ بھی وارد ہوا ہے کہ جو شخص ہر روز فجعلناہ سمیعا بصیرا پڑھے آنکھوں کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ شیخ کفعمی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آنکھوں کے درد اور دوسرے اعضائے کے درد کے لئے جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے توسل پکڑنا مجرب ہے

نکسیر کیلئے برف کا پانی سر اور ماتھے پر ڈالے

بطلان سحر کا تعویذ

جناب امیر المومنین

سال علی بن یقطین حج کرنے کے لئے گئے اور بعد میں مدینہ منورہ بھی آئے تو اس نے چاہا کہ اپنے امام جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں بھی حاضر ہو۔ اجازت طلب کی تو امام علیہ السلام نے اسے اجازت نہ دی۔ دوسرے دن اس کی ملاقات حضرت سے دروازے پر ہو گئی تو عرض کرنے لگے کہ اے میرے آقا مجھ سے کونسا قصور ہو گیا ہے کہ مجھے آپ نے اپنے پاس آنے کی اجازت مرحمت نہیں فرمائی تھی تو آپ نے فرمایا کہ اس کا سبب یہ ہے کہ تو نے اپنے ایک بھائی ابراہیم جمال کو اپنے پاس نہیں آنے دیا تھا اور اللہ تعالیٰ تیری سعی اور کوشش کو قبول کرنے سے انکار فرماتا ہے جب تک تجھے ابراہیم معاف نہ کرے۔ علی بن یقطین عرض کرنے لگے۔ اے میرے آقا میں ابراہیم سے اس وقت کہاں مل سکتا ہوں۔ میں اب مدینہ میں ہوں اور وہ کوفہ میں ہے آپ نے فرمایا کہ جب رات ہو جائے تو تو اکیلا بقیع چلا جا اور تیرے جانے کا تیرے غلام اور رفقاء کو پتہ نہ چلے۔ وہاں تجھے ایک اونٹ مع پلان کے نظر آئے گا اس اونٹ پر سوار ہو جانا اور کوفہ چلے جانا علی بن یقطین رات کو تنہا بقیع گئے اور وہاں اسی طرح کا اونٹ دیکھا اس پر سوار ہوئا اور ذراسی دیر میں کوفہ ابراہیم جمال کے دروازے پر پہنچ گئے اونٹ کو بٹھلایا اور ان کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ ابراہیم نے کہا کون ہے۔ تو انہوں نے جواب دیا کہ میں علی بن یقطین ہوں وہ کہنے لگے کہ علی بن یقطین کو میرے دروازے پر کیا کام ہے تو آپ کہنے لگے تو باہر تو آ کہ میرا معاملہ بہت بڑا ہے اور اسے قسم دینے لگے کہ تو مجھے اندر آنے کی اجازت دے، جب اندر گئے تو کہنے لگے اے ابراہیم میرے مولیٰ اور آقا نے مجھے حکم دیا ہے کہ تیرا عمل قبول نہیں ہوگا جب تک تجھ سے ابراہیم راضی نہیں ہوگا۔ وہ کہنے لگا کہ خدا تجھ سے عفو فرمائے یعنی میں نے تجھے معاف کیا (لیکن علی ابن ابراہیم نے اس پر اکتفا نہیں کی) بلکہ اپنے چہرے کو خاک پر رکھ دیا اور ابراہیم کو قسم دی کہ اپنے پاؤں کو میرے چہرے پر رکھ کر خوب ملے اور دبائے (یعنی تاکہ میرے تکبر کا نتیجہ معلوم ہو) ابراہیم نے اس کام کو کرنے سے انکار کیا اور علی بن یقطین اسے قسم دیتے تھے کہ وہ ایسے ہی کرے۔ ابراہیم نے اپنے پاؤں کو علی بن یقطین کے چہرے پر رکھ کر اسے ملا اور علی بن یقطین اس وقت کہہ رہا تھا کہ اے میرے اللہ تو گواہ رہنا۔ اس کے بعد وہاں سے آیا اور اونٹ پر سوار ہو کر اسی رات مدینہ واپس پہنچا اور اونٹ کو امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے دروازے پر بٹھایا تو اس وقت آپ نے اسے اندر آنے کی اجازت مرحمت فرمائی تو اس کے بعد حضرت نے ان چیزوں کو قبول کیا جو وہ آپ کو دینا چاہتا تھا۔ اس خبر کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مومن بھائیوں کے کتنے حقوق

علیہ السلام سے روایت ہے کہ ہرن کی پوست پر یہ لکھ کر اپنے ساتھ رکھے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ وَمَا شَاءَ اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا صَاغِرِينَ

دفع شیاطین اور جادوگران

کے لئے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وارد ہے کہ آیت سخرہ کو جو یہ ہے پڑھے إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا

ہیں لیکن آجکل زمانے کے شیعوں کے حالات دیکھئے کہ وہ مومن بھائیوں سے کیا معاملہ کر رہے ہیں کیا ہم سے ائمہ علیہ السلام ہمارے اسی کردار پر راضی ہونگے، دسویں روضہ مبارکہ کی عتبہ بوسی کرے یعنی چوکھٹ کو فقط بوسہ دے شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر زائر اللہ تعالیٰ کے شکرانہ کا سجدہ کرے کہ اس ذات نے اسے اس مقام پر پہنچنے کی توفیق عطا فرمائی تو بہتر ہے لیکن یہ سجدہ شکر خدا کا ہونا چاہیئے نہ کہ سجدہ امام کو تعظیمی کیونکہ اللہ کے سوا کسی کو سجدہ نہیں کیا جا سکتا نہ تعظیمی نہ غیر تعظیمی بعض جاہلوں نے جو یہ مسلک بنا کر عوام کو گمراہ کر رہے ہیں کہ امام علیہ السلام کا سجدہ تعظیمی جائز ہے وہ کفر ہے مذہب شیعہ ان چیزوں سے پاک و مبرا ہے گیارہویں حرم مبارک کے داخل ہونے کے وقت پہلے دائیں پاؤں کو اندر رکھے اور نکلنے کے وقت پہلے بائیں پاؤں کو باہر نکالے جیسا کہ مسجد کا حکم ہے۔ بارہویں ضریح مبارک کے پاس اتنا قریب جائے کہ اپنے آپ کو اس سے لپٹا سکے اور یہ گمان کرنا کہ ضریح سے دور کھڑا ہونے میں ادب ہے یہ باطل ہے کیونکہ ضریح مبارک کو بوسہ دینا اور اس پر سہارہ لینا وارد ہوا ہے۔ تیرہویں زیارت پڑھنے کے وقت قبلہ کی طرف پشت کرکے اپنا منہ قبر مبارک کی طرف کرکے زیارت پڑھے اور بظاہر یہ ادب صرف معصوم علیہ السلام کی قبر مبارک کی زیارت کے ساتھ خاص ہے اور جب زیارت سے فارغ ہو جائے تو دائیں حصّہ کو ضریح سے لگا کر تضرع اور زاری کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اور اسی طرح پھر بائیں حصہ کرکے دعا مانگے اور اللہ تعالیٰ کو صاحب قبر کا واسطہ دے کر دعا مانگے کہ خداوند عالم قیامت کے دن اس قبر کے معصوم علیہ السلام کو اس کی شفاعت کرنے والا قرار دے دعا کرنے میں خوب ہمت سے کام لے اور دیر تک توجہ کے ساتھ دعا کرتا رہے اور جب اس سے فارغ ہو جائے تو پھر سر مبارک کی طرف جا کر قبلہ رخ ہو کر دعا مانگے۔ چودہویں اگر کوئی عذر زیارت کو کھڑے ہو کر پڑھنے سے مثل کمر کے درد یا پاؤں کا درد یا ضعف وغیرہ ہو تو بیٹھ کر پڑھے۔ پندرہویں جب قبر مطہر کو دیکھے تو تکبیر یعنی اللہ اکبر زیارت کے پڑھنے سے پہلے کہے کیونکہ ایک روایت میں ہے کہ جو شخص امام علیہ السلام کے سامنے تکبیر کہے اور لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ پڑھے تو اس کے لئے اللہ کی بڑی رضوان لکھی جائے گی۔ سولہویں وہ زیارتیں پڑھے جو ائمہ علیہم السلام سے روایت ہوئی ہیں اور اپنی بنائی یا کسی کی بنائی ہوئی زیارتوں کے پڑھنے سے اجتناب کرے جو بعض بیوقوفوں نے زیارتوں سے کچھ کچھ کر اختراع کی ہیں اور بیوقوفوں کو اسی کے پڑھنے میں مشغول رکھتے

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ تَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفًا وَطَمَعًا إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِنَ الْمُحْسِنِينَ بعض روایات میں ہے۔ کہ تبارک اللہ رب العالمین تک پڑھے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے منقول ہے کہ اصفند کے ہر درخت اور پتوں اور دانوں پر ایک فرشتہ موکل ہے جو اس پر رہتا ہے جب تک وہ بوسیدہ نہیں ہو جاتا اس درخت کی جڑیں اور ٹہنیاں غم اور سحر کو دور کرتی ہیں اور اس کے دانوں میں ستر

ہیں رجیسا کہ بعض خدّاموں نے زائروں سے جلدی نذرو نیاز و روپیہ بٹورنے کی غرض سے مختصر زیارتیں غلط ملط اعراب سے بنا رکھی ہیں زائر کو سوائے زیارت پڑھانے کی اجرت کے اور کوئی مال نذرو نیاز و خمس وغیرہ کا خداموں کو دینے سے اجتناب کرنا چاہیئے اور اس سے پہلے مجتہد جامع الشرائط سے مسئلہ پوچھ لے جیسے وہ فرمائے ویسے مال کو وہیں پر ہی خرچ کرے اور خدّام کے جھانسے میں نہ آئے۔ شیخ کلینی رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحیم قصیر سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ اے میرے آقا میں نے اپنی طرف سے ایک دعا بنائی ہوئی ہے تو آپ نے فرمایا مجھے اپنی بنائی ہوئی دعاؤں کو چھوڑ یعنی یہ فضول ہیں، جب تجھے کوئی حاجت درپیش ہو تو رسول خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگ اور دو رکعت نماز پڑھکر جناب رسول خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے ہدیہ کر۔ سترہویں۔ زیارت کے بعد نماز زیارت بجا لائے اور وہ کم از کم دو رکعت نماز ہوتی ہے۔ شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر زیارت جناب رسول خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہو تو نماز زیارت کو آپ کے روضہ قدس میں بجا لائے اور اگر کسی دوسرے امام علیہ السلام کی ہو تو پھر نماز زیارت کو بالائے سر مبارک بجا لائے اور اس دو رکعت نمازِ زیارت کو مسجد میں بجا لانا بھی جائز ہے۔ علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ میرے گمان میں نماز زیارت کو اور دوسری نمازوں کو بالائے سر بجا لانا بہتر ہے اور اور علامہ بحر العلوم نے بھی درہ میں اسی مطلب کو نظم کیا ہے۔

وَمِنْ حَدِيثِ كَرْبَلَا وَالْكَعْبَةِ ‖ لِكَرْبَلَا بَانَ عُلُوُّ الرُّتْبَةِ ‖ وَغَيْرُهَا مِنْ سَائِرِ الْمَشَاهِدِ
أَمْثَالُهَا بِالنَّقْلِ ذِي الشَّوَاهِدِ ‖ وَمَا عُرِفْهِنَّ اقْتِرَابُ الرَّمْسِ ‖ وَأَثَرُ الصَّلوٰةِ عِنْدَ الرَّأْسِ
وَصَلِّ خَلْفَ الْقَبْرِ فَالصَّحِيحُ ‖ كَغَيْرِهِ فِي نَدْبِهَا صَرِيحٌ ‖ وَالْفَرْقُ بَيْنَ هٰذِهِ الْقُبُورِ
وَغَيْرِهَا كَالنُّورِ فَوْقَ الطُّورِ ‖ فَالسَّعْيُ لِلصَّلوٰةِ عِنْدَهَا نُدِبْ ‖ وَقُرْبُهَا بِالْلُّصُوقِ قَدْ طُلِبَ

اٹھارہویں اگر کسی نمازِ زیارت کی مخصوص کیفیت موجود نہ ہو تو پھر نماز زیارت کی دو رکعت میں پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ یٰسین اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ الرّحمٰن پڑھے اور نمازِ زیارت کے بعد جو دعا وارد ہوئی ہے اسے بھی پڑھے یا جو دل میں اپنی دنیا اور آخرت کے لئے چاہتا ہو دعا کرے اور بہتر ہے کہ عوام مومنین کے لئے دعا مانگے کیونکہ اس کا قبول ہونا زیادہ یقینی ہے۔

دردوں کی شفا ہے پس تمہیں اسفند کندر کے ساتھ دوا کرنی چاہیئے۔ امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ نے ایک اسیب زدہ کو دیکھا اور ایک کاسہ پانی کا طلب فرما کر اس پر الحمد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب النّاس پڑھا اور اسے اس کے منہ اور سر پر ڈالنے کو فرمایا اور وہ ہوش میں آ گیا۔ اور آپ نے فرمایا کہ یہ تجھے پھر کبھی نہ ہوگا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ جب جن پتھر مارے تو اسی پتھر کو لے کر ادھر پھینکیں جہاں سے وہ آیا ہو اور یہ کہے حَسْبِيَ اللّٰهُ وَكَفٰى وَسَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ دَعَا لَيْسَ وَرَاءَ اللّٰهِ مُنْتَهٰى جنوں کے شر سے

(لہٰذا بندہ مترجم کے خاتمہ بالخیر اور اہلبیت علیہ السلام کے ساتھ محشور ہونے کی دعا ضرور طلب فرمایئے خداوند عالم آپکی دعاؤں کو قبول کرے آمین) انیسویں شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جب تو حرم مبارک میں داخل ہو اور وہاں پر نماز جماعت پڑھی جارہی ہو تو پہلے نماز جماعت کے ساتھ شریک ہو کر نماز فریضہ پڑھے اور اس کے بعد نماز زیارت بجالائے اسی طرح نماز جماعت کے لئے زیارت پڑھنے کو بھی ترک کرے اور پھر جماعت سے فارغ ہونے کے بعد زیارت بجالائے خواہ نماز جماعت اس کے زیارت پڑھنے کے وسط میں بھی برپا ہو جائے کیونکہ زیارت پڑھنے والے کو زیارت کا نماز جماعت کے لئے چھوڑ دینا مستحب ہے، حرم کے متولی اور منتظم کو چاہیئے کہ وہ لوگوں کو نماز جماعت کا حکم دے، بیسویں، شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے آداب زیارت سے قرآن مجید کا ضریح مقدس کے قریب تلاوت کرنے کو بھی شمار کیا ہے اور پھر اس کو اس روح مقدس کے لئے ہدیہ کرے کہ جس کی زیارت کر رہا ہے کیونکہ اس کا فائدہ خود زائر کو پہنچتا ہے اور پھر اس کی تعظیم بھی ہے کہ جس کی زیارت کر رہا ہے، اکیسویں زائر کو نازیبا بات اور لغو و بیہودہ کلام اور دنیاوی باتوں کو ترک کر دینا چاہیئے، کیونکہ یہ چیزیں عام حالات میں بھی مکروہ ہیں اور رزق سے مانع اور قساوت قلب کا موجب ہوتی ہیں خصوصاً ان مطہر اور پاکیزہ مقامات اور روضوں میں خداوند عالم نے ان حضرات طاہرین کی تعظیم اور بزرگی کی خبر سورہ نور میں بیان فرمائی ہے کہ اذن اللہ ان ترفع الخ بائیسویں زیارت پڑھنے کے وقت اپنی آواز کو بلند نہ کرے تیسویں جب اس شہر سے کہ جس امام علیہ السلام کی زیارت کو گیا ہے باہر وطن کو یا کسی دوسری جگہ جانا چاہیئے تو امام علیہ السلام کو وداع کرے اور زیارت وداع جو نقل ہوئی ہیں اسے پڑھے، چوبیسویں اپنے گناہوں سے توبہ اور استغفار کرے اور زیارت سے واپس آنے کے بعد اپنے کردار اور اخلاق اور اعمال کو سدھارے اور بہتر بنائے تاکہ زیارت سے پہلے اور بعد نمایاں فرق معلوم ہو جائے پچیسویں استان مقدس کے خداموں کی اپنے وسعت کے مطابق خدمت بجالائے لیکن اس مال سے جن کے وہ مستحق نہیں ہیں انہیں کچھ نہ دے بلکہ اپنی طرف سے جو ہو سکے ان کی خدمت کرے اور استان مقدس کے خداموں کے لئے سزاوار بھی ہے کہ وہ صالح اور دیندار اور صاحب مروت و اخلاق بنیں اور زائرین سے جو کچھ تکالیف انہیں پہنچیں انہیں تحمل کریں اور ان سے غم و غصہ کا اظہار نہ کریں اور ان پر سختی و درشتی نہ کریں اور ان کی حاجت کے پورا کرنے میں کوشش کریں اور غریبوں کی راہ نمائی کریں اور

محفوظ رہنے کے لئے گھر میں مرغی اور مرغ اور کبوتر اور بھیڑ کا رکھنا مفید ہے، امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ سفر اور بیابان اور خطرناک مقامات میں جنات کے خطرے کے لئے اپنے ہاتھ کو سر پر رکھکر بلند آواز سے یہ پڑھے

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ وَلَہٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّکَرْھًا وَّاِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ اور با آواز بلند آذان کا پڑھنا بیابان اور ڈراونے مقامات میں بھی وارد ہوا ہے

زخم چشم یعنی نظر کیلئے

وان یکاد الذین تا آخر پڑھنا وارد ہوا ہے، نیز امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب تجھے ڈر ہو کہ

ان کی حفاظت کریں. خلاصہ خادموں کو حقیقی معنی میں خادم ہونا چاہیئے نہ کہ لوگوں کے لئے موجب نفرت اور حقارت بنیں شریعت کی پابندی کریں اور قوانین کا احترام بجا لائیں چھپیسویں وہاں پر جو مجاور فقراء موجود ہوں ان پر احسان کریں بالخصوص سادات کرام و علمائے اعلام وطلبہ دین متین جنہوں نے حقیقت میں ان مقامات کو آباد کیا ہوا ہے اور خدمت علم و دین میں مشغول ہیں ان کو اپنے حقوق و دیگر احسانات سے نوازیں ستائیسویں یہ شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جب زیارت کر چکے تو واپس لوٹنے کی اور وہاں سے چلے جانے میں جلدی کرے اور پھر دوبارہ آنے کا شوق دل میں لے کر جائے۔ اور جب عورتیں زیارت کر رہی ہوں تو مردوں کو ان سے علیحدہ ہو کر زیارت کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے اور عورتوں کو بھی مردوں سے علیحدہ ہو کر زیارت کرنی چاہیئے اور اگر عورتیں رات کو زیارت کریں تو زیادہ بہتر ہے اور عورتوں کو عمدہ اور اچھا لباس پہن کر حرم میں نہیں جانا چاہیئے تاکہ لوگ انہیں پہچان نہ سکیں اور مخفی طور پر باہر آئیں تاکہ کوئی انہیں بہت بڑا تصوّر نہ کرے بلکہ اپنی ہیئت بزرگی کو پستی والا لباس پہن کر تبدیل کریں. مؤلف کہتا ہے کہ ان کلمات سے معلوم ہوتا ہے کہ جو موجودہ زمانہ میں رواج ہو گیا ہے کہ عورتیں بناوٹ اور سجاوٹ کر کے اور عمدہ لباس پہن کر زیارت کے عنوان سے گھر سے باہر آتی ہیں اور حرم میں مردوں کے ساتھ شانہ بشانہ نامحرموں میں گھل مل کر زیارت کرتی ہیں اور بعض اوقات مردوں کے آگے بیٹھ کر ان لوگوں کی عبادت میں موجب خلل اور بدحواسی ہوتی ہیں اور ان کے گریہ وبکا اور تضرع اور زاری سے مانع ہوتی ہیں بلکہ ان لوگوں میں داخل ہوتی ہیں جو اللہ کے راستے سے مانع ہوتے ہیں یہ بہت قبیح اور برا فعل ہے بلکہ اس قسم کی زیارت شرعاً ناپسندیدہ ہے عبادت و ثواب کا موجب نہیں ہے. لہٰذا بہت احتیاط کی ضرورت ہے کہ ثواب کی بجائے عقاب لیکر نہ آئیں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ امیرالمؤمنین علیہ السّلام عراق والوں سے فرماتے تھے. کہ اے عراقیو۔ مجھے یہ بتلایا گیا ہے کہ تمہاری عورتیں راستوں میں مردوں سے ملتی اور مصادف ہوتی رہتی ہیں کیا اس حرکت سے تمہیں حیا اور شرم نہیں آتی خدا اس شخص پر لعنت کرتا ہے جسے غیرت نہ آئے۔ من لا یحضرہ الفقیہ میں اصبغ بن نباتہ نے جناب امیرالمؤمنین علیہ السّلام سے روایت کی ہے کہ میں نے آپ سے سنا کہ آپ فرماتے تھے کہ آخر زمان میں قیامت کے قریب جو سب زمانوں سے بدتر ہو گا عورتیں ننگی کھلے منہ، دین سے بے بہرہ فتنہ و فساد میں دخیل، شہوات کی طرف مائل لذتوں کی طرف

تیری نظر کسی کو لگے گی یا کسی کی نظر تجھے لگے گی تو تین دفعہ یہ پڑھے مَاشَآءَاللّٰهُ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ وارد ہوا ہے کہ جب کوئی اپنے آپ کو زیب وزینت دے تو جب اپنے گھر سے باہر آئے تو دو قل یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب النّاس پڑھے تاکہ اسے کوئی چیز اللہ کے اذن سے ضرر نہ پہنچا سکے. نیز زخم چشم کے لئے وارد ہوا ہے کہ ہاتھوں کو منہ کے سامنے کر کے سورہ الحمد اور توحید اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب النّاس پڑھے اور پھر ہاتھوں کو سر کے اگلے حصے سے اوپر کی طرف کھینچے. نیز زخم چشم

جلد جانے والی اور حرام چیزوں کو حلال سمجھنی والی ہونگیں اور جو ہمیشہ جہنم میں رہیں گی۔ اٹھائیسویں جب زوار بہت زیادہ ہوں تو جو لوگ ضریح کے پاس پہلے پہنچے ہوئے ہوں انہیں زیارت سے جلدی فارغ ہو جانا چاہیئے تاکہ دوسرے لوگ بھی زیارت ضریح مقدس کے ثواب پر فائز ہو سکیں، مؤلف کہتا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے باب میں کچھ اور آداب بھی ذکر کئے جائیں گے کہ جنہیں زائر کو بجا لانا چاہیئے۔

دُوسری فصل تمام حرم مُبارک کے اذن دخول میں ہے

یہاں پر وہ اذن دخول یعنی حرم کے اندر جانے سے جسے پہلے　　پڑھنا چاہیئے ذکر کئے جاتے ہیں پہلے شیخ کفعمی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جب جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسجد کے اندر یا ائمہ میں سے کسی امام علیہ السلام کے حرم کے اندر جانے کا ارادہ کرے تو پہلے یعنی دروازے پر کھڑے ہو کر یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ وَقَفْتُ عَلٰی بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ بُیُوْتِ نَبِیِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَقَدْ مَنَعْتَ النَّاسَ اَنْ یَدْخُلُوْا اِلَّا بِاِذْنِهٖ فَقُلْتَ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّا اَنْ یُؤْذَنَ لَكُمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعْتَقِدُ حُرْمَةَ صَاحِبِ هٰذَا الْمَشْهَدِ الشَّرِیْفِ فِیْ غَیْبَتِهٖ كَمَا اَعْتَقِدُهَا فِیْ حَضْرَتِهٖ وَاَعْلَمُ اَنَّ رَسُوْلَكَ وَخُلَفَاءَكَ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ اَحْیَاءٌ عِنْدَكَ یُرْزَقُوْنَ یَرَوْنَ مَقَامِیْ وَیَسْمَعُوْنَ كَلَامِیْ وَیَرُدُّوْنَ سَلَامِیْ وَاَنَّكَ حَجَبْتَ عَنْ سَمْعِیْ كَلَامَهُمْ وَفَتَحْتَ بَابَ فَهْمِیْ بِلَذِیْذِ مُنَاجَاتِهِمْ وَاِنِّیْ اَسْتَاْذِنُكَ یَا رَبِّ اَوَّلًا وَاَسْتَاْذِنُ رَسُوْلَكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ ثَانِیًا وَاَسْتَاْذِنُ خَلِیْفَتَكَ الْاِمَامَ الْمَفْرُوْضَ عَلَیَّ طَاعَتُهٗ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ اور لفظ فلان کی جگہ اس امام علیہ السلام کے بمع والد ماجد کے اسم گرامی کا ذکر کرے کہ جس کی زیارت کے لئے اندر جا رہا ہے مثل اگر امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے لئے حرم میں جا رہا ہے تو لفظ فلاں کی جگہ یوں کہے حسین بن علی علیہما السلام اسی طرح دوسرے اماموں کی زیارت کے وقت اس امام کا بمع والد ماجد کے مثلاً علی بن موسی الرضا علیہما السلام وغیرہ ذکر کرے اور پھر یہ پڑھے وَالْمَلٰٓئِكَةَ الْمُوَكَّلِیْنَ بِهٰذِهِ الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ ثَالِثًا ءَاَدْخُلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ءَاَدْخُلُ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ ءَاَدْخُلُ یَا مَلٰٓئِكَةَ اللّٰهِ الْمُقَرَّبِیْنَ الْمُقِیْمِیْنَ فِیْ هٰذَا الْمَشْهَدِ فَاْذَنْ لِیْ یَا مَوْلَایَ فِی الدُّخُوْلِ اَفْضَلَ مَا اَذِنْتَ لِاَحَدٍ

نظر کا تعویذ کا یہ تعویذ بھی ہے، اَللّٰهُمَّ رَبَّ مَطَرٍ حَابِسٍ وَحَجَرٍ یَابِسٍ وَلَیْلٍ دَامِسٍ وَرَطْبٍ وَیَابِسٍ رُدَّ عَیْنَ الْعَائِنِ عَلَیْهِ فِیْ كَبِدِهٖ وَنَحْرِهٖ وَمَالِهٖ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَهُوَ حَسِیْرٌ

ایک اور تعویذ

اَللّٰهُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ وَالْمَنِّ الْقَدِیْمِ وَالْوَجْهِ الْكَرِیْمِ ذَا الْكَلِمَاتِ التَّامَّاتِ وَالدَّعَوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ فُلَانَ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْیُنِ الْاِنْسِ

یہ وہ تعویذ ہے جو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حسنین علیہم السلام کے لئے

مِنْ اَوْلِيَائِكَ فَاِنْ لَمْ اَكُنْ اَهْلاً لِذٰلِكَ فَاَنْتَ اَهْلٌ لِذٰلِكَ اس کے بعد چوکھٹ کا بوسہ لیکر اندر داخل ہونے وقت یہ پڑھتا جائے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ دوسرا اذنِ دخول یہ ہے کہ علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے علمائے کرام کی قدیم کتابوں سے سرداب مقدس یا کسی امام علیہ السّلام کے حرم کے اندر داخل ہونے کے لئے فرمایا ہے کہ یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهٖ بُقْعَةٌ طَهَّرْتَهَا وَعَقْوَةٌ شَرَّفْتَهَا وَمَعَالِمُ زَكَّيْتَهَا حَيْثُ اَظْهَرْتَ فِيْهَا اَدِلَّةَ التَّوْحِيْدِ وَاَشْبَاحَ الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْتَهُمْ مُلُوْكًا لِحِفْظِ النِّظَامِ وَاخْتَرْتَهُمْ رُؤَسَاءَ لِجَمِيْعِ الْاَنَامِ وَبَعَثْتَهُمْ لِقِيَامِ الْقِسْطِ فِي ابْتِدَاءِ الْوُجُوْدِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ مَنَنْتَ عَلَيْهِمْ بِاسْتِنَابَةِ اَنْبِيَائِكَ لِحِفْظِ شَرَائِعِكَ وَاَحْكَامِكَ فَاَكْمَلْتَ بِاسْتِخْلَافِهِمْ رِسَالَةَ الْمُنْذِرِيْنَ كَمَا اَوْجَبْتَ رِيَاسَتَهُمْ فِيْ فِطَرِ الْمُكَلَّفِيْنَ فَسُبْحَانَكَ مِنْ اِلٰهٍ مَا اَرْاَفَكَ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ مِنْ مَلِكٍ مَا اَعْدَلَكَ حَيْثُ طَابَقَ صُنْعُكَ مَا فَطَرْتَ عَلَيْهِ الْعُقُوْلَ وَوَافَقَ حُكْمُكَ مَا قَرَّرْتَهُ فِي الْمَعْقُوْلِ وَالْمَنْقُوْلِ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى تَقْدِيْرِكَ الْحَسَنِ الْجَمِيْلِ وَلَكَ الشُّكْرُ عَلٰى قَضَائِكَ الْمُعَلَّلِ بِاَكْمَلِ التَّعْلِيْلِ فَسُبْحَانَ مَنْ لَا يُسْئَلُ عَنْ فِعْلِهٖ وَلَا يُنَازَعُ فِيْ اَمْرِهٖ وَسُبْحَانَ مَنْ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ قَبْلَ ابْتِدَاءِ خَلْقِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ مَنَّ عَلَيْنَا بِحُكَّامٍ يَقُوْمُوْنَ مَقَامَهٗ لَوْ كَانَ حَاضِرًا فِي الْمَكَانِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الَّذِيْ شَرَّفَنَا بِاَوْصِيَاءَ يَحْفَظُوْنَ الشَّرَائِعَ فِيْ كُلِّ الْاَزْمَانِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ الَّذِيْ اَظْهَرَهُمْ لَنَا بِمُعْجِزَاتٍ يَعْجِزُ عَنْهَا الثَّقَلَانِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ اَجْرَانَا عَلٰى عَوَائِدِهِ الْجَمِيْلَةِ فِي الْاُمَمِ السَّالِفِيْنَ اَللّٰهُمَّ فَلَكَ الْحَمْدُ وَالثَّنَاءُ الْعَلِيُّ كَمَا وَجَبَ لِوَجْهِكَ الْبَقَاءُ السَّرْمَدِيُّ وَكَمَا جَعَلْتَ نَبِيَّنَا خَيْرَ النَّبِيِّيْنَ وَمُلُوْكَنَا اَفْضَلَ الْمَخْلُوْقِيْنَ وَاخْتَرْتَهُمْ عَلَى الْعَالَمِيْنَ وَفِّقْنَا لِلسَّعْيِ اِلٰى اَبْوَابِهِمُ الْعَامِرَةِ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَاجْعَلْ اَرْوَاحَنَا تَحِنُّ اِلٰى مَوْطِئِ اَقْدَامِهِمْ وَنُفُوْسَنَا تَهْوِي النَّظَرَ اِلٰى مَجَالِسِهِمْ وَعَرَصَاتِهِمْ حَتّٰى كَاَنَّنَا نُخَاطِبُهُمْ فِيْ حُضُوْرِ اَشْخَاصِهِمْ فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنْ سَادَةٍ غَائِبِيْنَ وَمِنْ سُلَالَةٍ طَاهِرِيْنَ وَمِنْ اَئِمَّةٍ مَعْصُوْمِيْنَ اَللّٰهُمَّ فَاْذَنْ لَنَا بِدُخُوْلِ هٰذِهِ الْعَرَصَاتِ الَّتِي اسْتَعْبَدْتَ بِزِيَارَتِهَا اَهْلَ

پڑھا تھا اور اپنے اصحاب سے فرمایا تھا کہ عورتوں کو اپنے بچوں کے لئے یہ تعویذ کرنا چاہیئے۔

زخم چشم حیوانات وغیرہ کیلئے

امیر المؤمنین علیہ السلام سے مروی ہے کہ یہ تعویذ حیوانات کی نظر کے لئے کرے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ عَبَسَ عَابِسٌ وَشِهَابٌ قَابِسٌ وَحَجَرٌ يَابِسٌ رَدَدْتُ عَيْنَ الْعَائِنِ عَلَيْهِ مِنْ رَاْسِهٖ اِلٰى قَدَمَيْهِ اَخَذَ عَيْنَاهُ قَابِضٌ بِكُلَاهُ وَعَلٰى جَارِهٖ وَاَقَارِبِهٖ جِلْدٌ دَقِيْقٌ وَدَمٌ رَقِيْقٌ وَبَابٌ الْمَكْرُوْهِ تَلِيْقُ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ

الْاَرَضِيْنَ وَالسَّمٰوٰتِ وَاَرْسِلْ دُمُوْعَنَا بِخُشُوْعِ اَلْهَابَةِ وَذَلِّلْ جَوَارِحَنَا بِذُلِّ الْعُبُوْدِيَّةِ وَفَرْضِ الطَّاعَةِ حَتّٰى نُقِرَّ بِمَا يَجِبُ لَهُمْ مِنَ الْاَوْصَافِ وَنَعْتَرِفَ بِاَنَّهُمْ شُفَعَآءُ الْخَلَائِقِ اِذَا نُصِبَتِ الْمَوَازِيْنُ فِيْ يَوْمِ الْاَعْرَافِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ اس کے بعد چوکھٹ کا بوسہ لیکر خضوع اور خشوع کی حالت میں اندر داخل ہو جائے اور تیرا خشوع اور گریہ آجانا ان بزرگواروں کی طرف سے اندر جانے کا اذن ہی دینا ہو جائے گا۔

تیسری فصل

تیسری فصل جنابِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جناب فاطمہ زہراء اور جنت البقیع میں مدفون ائمہ اربعہ علیہ السلام کی زیارت میں ہے) معلوم رہے کہ تمام لوگوں پر اور علی الخصوص حاجیوں کے لئے روضہ مبارکہ ختم المرسلین فخر دو جہاں سید المرسلین حضرت محمد بن عبداللہ صلوات اللہ وسلامہ علیہا کی زیارت کرنا سنّت مؤکدہ ہے اور آپ کی زیارت کا نہ کرنا آپ پر ظلم قیامت کے دن شمار ہوگا۔ شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر لوگ جناب رسول خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرنا چھوڑ دیں تو اس کے بعد ان کے حقیقی وارث امام معصوم پر ضروری ہو گا کہ لوگوں کو آپ کی زیارت جانے پر مجبور کریں کیونکہ آپ کی زیارت کا چھوڑ دینا آپ پر جفا حرام ہے۔ شیخ صدوق رحمۃ اللہ علیہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ تم میں سے جب بھی کوئی حج کرے تو اسے اپنا حج جناب رسول خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت پر ختم کرنا چاہیئے کیوں کہ اس کے ساتھ ہی حج تمام ہوتا ہے، نیز حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اپنے حجوں کو جناب رسول خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت پر ختم کرو کیونکہ حج کے بعد جناب رسول خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ کی زیارت کا نہ کرنا جفا اور ظلم اور خلافِ ادب ہے اور تمہیں حکم دیا گیا ہے کہ تم لوگ ان چند قبور پر جاؤ کہ جن کا تم لوگوں پر حق ہے یعنی اہلبیت علیہم السلام کیونکہ ان کی مودت تمام امّت اسلامی پر واجب ہے) اور ان کی قبروں پر جا کر اللہ تعالی سے رزق طلب کرو ابو صلت ہروی نے بھی روایت کی ہے کہ میں نے جناب امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی کہ آپ اس حدیث کے بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ جو نقل کی جاتی ہے کہ مؤمنین اپنے ٹھکانوں سے اپنے پروردگار کی زیارت کریں گے

خَاسِئًا وَّحَسِيْرٌ شیطانی وسوسہ کے لئے اعوذ باللہ پڑھے اور اس کے بعد یہ پڑھے اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ شیطان دو قسم کے ہوتے ہیں ایک جنی شیطان ہے جو اس کے پڑھنے سے دور ہو جاتا ہے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور ایک شیطان انسانی ہے جو محمد وآل محمد پر درود بھیجنے سے دور ہو جاتا ہے، مؤلف کہتا ہے کہ نماز کے باب میں ایک نماز حدیث

سائل کی مراد یہ ہے کہ بظاہر روایت صحیح معلوم نہیں ہوتی کیونکہ اس سے تو خدا کا جسم ہونا معلوم ہوتا ہے جو عقل کے خلاف ہے اور اگر اس کا کوئی ایسا صحیح معنی ہو سکتا ہے جو توحید کے منافی نہیں تو وہ بیان فرمایئے تو آپ نے اس کا جواب یوں فرمایا کہ اے ابو صلت خداوند عالم نے پیغمبر آخر زمان کو اپنی تمام مخلوق سے اور تمام پیغمبروں اور ملائکہ سے افضل قرار دیا ہے اور ان کی اطاعت کو خداوند عالم نے اپنی اطاعت اور انکی بیعت کو اپنی بیعت اور ان کی زیارت کو اپنی زیارت فرمایا ہے اور خود جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نے میری زیارت میری زندگی میں یا مرنے کے بعد کی گویا اس نے اللہ تعالیٰ کی زیارت کی ہے (لہٰذا اس روایت کے معنی جناب رسول خدا کی زیارت مراد ہے نہ خود خداوند عالم کی کیونکہ وہ جسم جسمانیات سے اس دنیا اور آخرت میں مبری اور پاک ہے) حمیری نے قرب الاسناد میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نے میری زندگی میں یا اس کے بعد میں زیارت کی تو میں اس کی قیامت کے دن شفاعت کروں گا۔ ایک حدیث میں ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام عید کے دن مدینہ منورہ موجود تھے اور آپ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی زیارت کے لئے گئے اور جناب رسول خدا پر سلام کیا اور فرمایا کہ ہم تمام شہر والوں پر خواہ مکہ میں ہوں یا کسی اور جگہ بسبب جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام کرنے کی فضیلت رکھتے ہیں شیخ طوسی رحمۃ اللہ علیہ نے تہذیب الاحکام میں یزید بن عبد الملک سے روایت کی ہے اور اس نے اپنے باپ اور دادا سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا کہ میں ایک دفعہ جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام کی خدمت میں مشرف ہوا تو خود آنجناب نے پہلے مجھ پر سلام کیا اور پوچھا کہ کس کام کے لئے آیا ہے تو میں نے عرض کی کہ ثواب اور برکت کی طلب و خواہش کے لئے تو جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام نے فرمایا کہ مجھے والد بزرگوار جو ابھی بھی حاضر ہیں یعنی علم رکھتے ہیں) نے خبر دی ہے کہ جو شخص مجھ پر یا آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ پر تین روز سلام کرے تو خداوند عالم اس کے لئے بہشت کو واجب کر دے گا تو میں نے عرض کی کہ آپ اور آنجناب کی زندگی میں تو آپ نے فرمایا ہے کہ ہاں زندگی میں بھی اور اس کے بعد بھی علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ عبد اللہ بن عباس سے بسند معتبر منقول ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص امام حسن علیہ السلام کی زیارت جنت البقیع میں کرے تو اس کے قدم صراط پر

بچھو کے لئے تعویذ

نفس یعنی وسوسہ کے لئے گذر چکی ہے۔ چوری سے محفوظ رہنے کے لئے دروازے کے قفل اور حلقہ پر یہ پڑھے قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ آخر سورہ تک

بچھو کا تعویذ

روایت میں ہے کہ سہی ستارے کو جو نبات النعش کے وسطی ستارے کے قریب ہوتا ہے کی طرف خوب نگاہ کر کے تین دفعہ یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ رَبَّ اَسْلَمَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَسَلِّمْنَا مِنْ شَرِّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ بعض روایات میں ہے کہ اس ستارے کو دیکھ کر تین دفعہ یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ رَبَّ هُوَدَ ابْنِ اُسِیَّةَ اَمِنِّیْ شَرَّ کُلِّ عَقْرَبٍ وَحَیَّةٍ

اس وقت جمے رہیں گے جب کہ لوگوں کے قدم پھسل رہے ہوں گے مقنعہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص میری زیارت کرے گا اس کے گناہ بخشے جائیں گے اور اسے فقر اور پریشانی لاحق نہ ہوگی۔ شیخ طوسی رحمۃ اللہ علیہ نے تہذیب میں امام حسن عسکری علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو شخص امام جعفر صادق علیہ السلام اور ان کے والد ماجد امام محمد باقر علیہ السلام کی زیارت کرے تو اسے آنکھ کا درد لاحق نہ ہوگا اور کوئی بیماری اور درد اسے عارض نہ ہوگا اور مبتلا ہو کر نہیں مرے گا ابن قولویہ نے کامل میں ایک طولانی حدیث ہشام بن سالم کے واسطہ سے امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کی ہے کہ جس کا یہ فقرہ ہے کہ ایک شخص جناب امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں مشرف ہوا اور عرض کیا کہ کیا آپ کے والد ماجد کی زیارت ضرور کی جائے تو آپ نے فرمایا ہاں تو اس نے کہا کہ آنجناب کے زائر کے لئے کیا چیز ہوگی۔ آپ نے فرمایا کہ اس کے لئے بہشت ہوگی اگر وہ شخص آپ کی امامت کا قائل اور اعتقاد رکھتا ہو اور آپ کی پیروی کرتا ہو اس نے عرض کی کہ جو شخص ان کی زیارت کو نہ جائے تو اس کے لئے کیا ہوگا تو آپ نے فرمایا کہ ندامت اور حسرت قیامت کے دن۔ اس باب میں احادیث بہت کافی ہیں۔ ہمارے لئے یہی احادیث جو نقل ہوئی ہیں کافی اور واضح ہیں۔ (جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی کیفیت) جب تو مدینہ منورہ وارد ہو تو غسل زیارت کر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کی مسجد میں داخل ہو تو در مسجد پر ٹھہر کر پہلا اذن دخول جو گذر چکا ہے پڑھے اور اس کے بعد در جبرائیل علیہ السلام سے داخل ہو۔ پہلے اپنا داہنا قدم اندر رکھے اور داخل ہونے کے وقت سو دفعہ اللہ اکبر پڑھے۔ اور اس کے بعد تحیۃ مسجد کی دو رکعت بجا لائے اور پھر حجرہ شریف کی طرف جائے اور اپنے ہاتھ کو اس پر ملکر بوسہ دے اور یہ پڑھے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ بْنَ عَبْدِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ نَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَعَبَدْتَ اللهَ مُخْلِصًا حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ فَصَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْكَ وَ رَحْمَتُهٗ وَ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِيْنَ پھر اس ستون کے قریب جو قبر مبارک کے دائیں پہلو ہے قبلہ کی طرف منہ کر کے در انحالیکہ بایاں کندھا قبر مبارک طرف اور داہنا کندھا ممبر کی طرف ہو اور وہی جناب رسول خدا صلی اللہ

بچھو کے لئے تعویذ

اور اگر ہر رات یوں کرے تو سانپ اور بچھو سے محفوظ رہے گا۔ نیز سانپ اور بچھو کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے۔ کہ رات ہونے کے قریب یہ پڑھے بِسْمِ اللهِ وَ بِاللهِ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَخَذْتُ الْعَقَارِبَ وَ الْحَيَّاتِ كُلَّهَا بِاِذْنِ اللهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى بِاَفْوَاهِهَا وَ اَذْنَابِهَا وَ اَسْمَاعِهَا وَ اَبْصَارِهَا وَ قُوَاهَا عَنِّيْ وَ عَمَّنْ اَحْبَبْتُ اِلٰى ضَحْوَةِ النَّهَارِ انشاء اللہ تعالٰی نیز بچھو کے شر کے لئے یہ پڑھے سَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعَالَمِيْنَ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ اِنَّهٗ مِنْ

علیہ وآلہ وسلم کے سر مبارک کا مقام ہے کھڑے ہو کر یہ پڑھے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَاَنَّكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالَاتِ رَبِّكَ وَنَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ وَجَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَبَدْتَ اللّٰهَ حَتّٰى اَتٰىكَ الْيَقِيْنُ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَاَدَّيْتَ الَّذِيْ عَلَيْكَ مِنَ الْحَقِّ وَاَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ وَغَلُظْتَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ فَبَلَّغَ اللّٰهُ بِكَ اَفْضَلَ شَرَفِ مَحَلِّ الْمُكْرَمِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اسْتَنْقَذَنَا بِكَ مِنَ الشِّرْكِ وَالضَّلَالَةِ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَصَلَوَاتِ مَلٰٓئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَاَنْبِيَآئِكَ الْمُرْسَلِيْنَ وَعِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ وَاَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَمَنْ سَبَّحَ لَكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَنَبِيِّكَ وَاَمِيْنِكَ وَنَجِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ وَصَفِيِّكَ وَخَاصَّتِكَ وَصَفْوَتِكَ وَخِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِهِ الدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَاٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ مِنَ الْجَنَّةِ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا وَاِنِّيْ اَتَيْتُكَ مُسْتَغْفِرًا تَائِبًا مِّنْ ذُنُوْبِيْ وَاِنِّيْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكَ لِيَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ اس کے بعد روبقبلہ ہو کر کہ قبر مبارک کندھے کے پیچھے ہو جائے گی اپنی حاجت کو طلب کرے انشاء اللہ پوری ہو جائے گی ابن قولویہ نے بسند معتبر محمد بن مسعود سے روایت کی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو دیکھا کہ آپ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کے پاس آئے اور اپنا ہاتھ قبر مبارک پر رکھکر یہ پڑھا۔ اَسْئَلُ اللّٰهَ الَّذِي اجْتَبَاكَ وَاخْتَارَكَ وَهَدٰى بِكَ اَنْ يُّصَلِّيَ عَلَيْكَ پھر آپنے یہ کہا اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے مصباح میں فرمایا ہے کہ جب آپ کی قبر مبارک کے پاس دعا وغیرہ سے فارغ ہو جائے تو ممبر کے پاس جائے اور اپنا ہاتھ اس سے ملکر اور منبر کے آخر میں جو دو چھوٹے قبہ کی طرح ہیں انہیں بھی اپنی آنکھوں اور منہ سے ملے کیونکہ اس سے آنکھوں کو شفا حاصل ہوتی ہے اور منبر کے پاس کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بجالائے کیونکہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا کہ میری قبر اور منبر

عِبَادُنَا الْمُؤْمِنِيْنَ روایت میں ہے۔ کہ جب حضرت نوح علیہ السلام کشتی پر سوار ہوئے تو بچھو کو کشتی پر سوار ہونے سے منع فرمایا۔ بچھو نے کہا کہ میں آپ سے عہد کرتا ہوں کہ اس شخص کو نہیں ڈسوں گا جو یہ پڑھے سَلَامٌ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى نُوْحٍ فِي الْعَالَمِيْنَ کئی ایک روایات میں آیا ہے کہ نمک کا ملنا بچھو کی زہر کو دور کر دیتا ہے

چوتھا باب

ان دعاؤں میں ہے

جو کافی سے انتخاب کی گئی ہیں اور اس میں کئی ایک فصلیں ہیں پہلی فصل ان دعاؤں میں ہے جو صبح اور شام کے وقت پڑھی جاتی ہیں اور یہ دعائیں جو پہلے گذر چکی ہیں انکے علاوہ ہیں اور وہ دس دعائیں ہیں جو ان اوقات میں پڑھی جاتی ہیں۔ پہلی دعا

کے درمیان جنّت کے باغوں سے ایک باغ ہے اور میرا منبر بہشت کے دروازوں سے ایک دروازہ ہے اس کے بعد مقام نبی صلی اللہ علیہ وآلہ کے پاس جائے اور وہاں پر جتنی نمازیں پڑھ سکے پڑھے اور اور مسجد نبوی صلعم میں زیادہ نمازیں بجالائے کیونکہ وہاں پر ایک نماز ہزار نماز کے برابر ہے اور جب بھی مسجد کے اندر جائے یا اس سے باہر نکلے تو صلوات پڑھے اور جناب فاطمہ زہراؑ کے گھر میں بھی نماز پڑھے اور مقام جبرائیل جو میر نالہ کے نیچے ہے وہاں جائے اور وہی حضرت جبرائیل کے ٹھہر کر جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی خدمت میں مشرف ہونے کے لئے اجازت لینے کی جگہ ہے اور وہاں یہ پڑھے اَسْئَلُكَ اَیْ جَوَادُ اَیْ كَرِیْمُ اَیْ قَرِیْبُ اَیْ بَعِیْدُ اَنْ تَرُدَّ عَلَیَّ نِعْمَتَكَ اور پھر جناب فاطمہ زہرا علیہا السّلام کی زیارت آپ کے روضہ مبارکہ میں بجا لائے اور آپ کی قبر مبارک میں اختلاف ہے۔ ایک گروہ نے یہ کہا کہ آپ کی قبر مبارک جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک اور منبر کے درمیان ہے اور بعض نے کہا ہے کہ آپ کی قبر مبارک خود جناب کے گھر میں ہے اور ایک تیسرے گروہ نے یہ کہا ہے کہ آپ کی قبر مبارک جنّتُ البقیع میں ہے اور ہمارے اکثر علما نے یہ کہا ہے کہ آپ کی زیارت رَوضہ مبارکہ کے قریب کی جائے لیکن آپ کی زیارت ان تینوں جگہ پڑھنا افضل ہے اور جب آپ کی زیارت کے لئے کھڑا ہو تو یوں پڑھے یَا مُمْتَحَنَةُ امْتَحَنَكِ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكِ قَبْلَ اَنْ یَّخْلُقَكِ فَوَجَدَكِ لِمَا امْتَحَنَكِ صَابِرَةً وَّ زَعَمْنَا اَنَّا لَكِ اَوْلِیَآءُ وَمُصَدِّقُوْنَ وَصَابِرُوْنَ لِكُلِّ مَا اَتَانَا بِهٖ اَبُوْكِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَاَتٰی بِهٖ وَصِیُّهٗ فَاِنَّا نَسْئَلُكِ اِنْ كُنَّا صَدَّقْنَاكِ اِلَّا اَلْحَقْتِنَا بِتَصْدِیْقِنَا لَهُمَا لِنُبَشِّرَ اَنْفُسَنَا بِاَنَّا قَدْ طَهُرْنَا بِوَلَایَتِكِ اور اس کا پڑھنا بھی مستحب ہے اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا بِنْتَ نَبِیِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا بِنْتَ حَبِیْبِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا بِنْتَ خَلِیْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا بِنْتَ صَفِیِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا بِنْتَ اَمِیْنِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا بِنْتَ خَیْرِ خَلْقِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا بِنْتَ اَفْضَلِ اَنْبِیَآءِ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا بِنْتَ خَیْرِ الْبَرِیَّةِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا سَیِّدَةَ نِسَآءِ الْعَالَمِیْنَ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا زَوْجَةَ وَلِیِّ اللّٰهِ وَخَیْرِ الْخَلْقِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا اُمَّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ سَیِّدَیْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ

امام جعفر صادق علیہ السّلام نے روایت کی ہے کہ جب صبح داخل ہوتی تھی تو امام زین العابدین علیہ السلام یہ دعا پڑھتے تھے اَبْتَدِئُ یَوْمِیْ هٰذَا بَیْنَ یَدَیْ نِسْیَانِیْ وَعَجَلَتِیْ بِسْمِ اللّٰهِ وَمَا شَآءَ اللّٰهُ

دوسری دعا امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص تین مرتبہ جب رات داخل ہو یہ کلمات پڑھے تو جبرائیل علیہ السلام کے بالوں میں سے صبح ہونے تک ڈھانپا جائے گا۔ اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ الْعَلِیَّ الْاَعْلَی الْجَلِیْلَ الْعَظِیْمَ نَفْسِیْ وَمَنْ یَّعْنِیْنِیْ اَمْرُهٗ اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ نَفْسِیَ الْمَرْهُوْبَ الْمَخُوْفَ الْمُتَضَعْضِعَ لِعَظَمَتِهٖ كُلُّ شَیْءٍ

اَيَّتُهَا الصِّدِّيقَةُ الشَّهِيدَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الرَّضِيَّةُ الْمَرْضِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْفَاضِلَةُ الزَّكِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْحَوْرَاءُ الْإِنْسِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا التَّقِيَّةُ النَّقِيَّةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمُحَدَّثَةُ الْعَلِيمَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمَظْلُومَةُ الْمَغْصُوبَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمُضْطَهَدَةُ الْمَقْهُورَةُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ رَسُولِ اللهِ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْكِ وَعَلٰى رُوحِكِ وَبَدَنِكِ اَشْهَدُ اَنَّكِ مَضَيْتِ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّكِ وَاَنَّ مَنْ سَرَّكِ فَقَدْ سَرَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ وَمَنْ جَفَاكِ فَقَدْ جَفَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ وَمَنْ اٰذَاكِ فَقَدْ اٰذٰى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ وَمَنْ وَصَلَكِ فَقَدْ وَصَلَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ وَمَنْ قَطَعَكِ فَقَدْ قَطَعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ لِاَنَّكِ بَضْعَةٌ مِنْهُ وَرُوحُهُ الَّذِي بَيْنَ جَنْبَيْهِ اُشْهِدُ اللهَ وَرُسُلَهُ وَمَلٰٓئِكَتَهُ اَنِّي رَاضٍ عَمَّنْ رَضِيتِ عَنْهُ سَاخِطٌ عَلٰى مَنْ سَخِطْتِ عَلَيْهِ مُتَبَرِّئٌ مِمَّنْ تَبَرَّأْتِ مِنْهُ مُوَالٍ لِمَنْ وَالَيْتِ مُعَادٍ لِمَنْ عَادَيْتِ مُبْغِضٌ لِمَنْ اَبْغَضْتِ مُحِبٌّ لِمَنْ اَحْبَبْتِ وَكَفٰى بِاللهِ شَهِيدًا وَحَسِيبًا وَجَازِيًا وَمُثِيبًا اس کے بعد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ طاہرین پر صلوات پڑھے، مؤلف کہتا ہے کہ ہم نے جناب زہرا علیہا السّلام کی ایک اور زیارت تیسری جمادی الثانی کے اعمال میں صـ۲۸۶ پر ذکر کی ہے علما نے ایک طویل زیارت آنجناب کی ذکر کی ہے اور وہ بعینہ وہی زیارت ہے کہ جو ہم نے ابھی نقل کی ہے لیکن اسمیں اُشْهِدُ اللهَ ورسلہ وملائکتہ کے بعد یہ موجود ہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا بِنْتَ رَسُولِ اللهِ سے لیکر اُشْهِدُ اللهَ وَرُسُلَهُ وَمَلٰٓئِكَتَهُ تک جیسے پہلے ذکر ہوا اور اسکے بعد موجود ہے اُشْهِدُ اللهَ وَمَلٰٓئِكَتَهُ اَنِّي وَلِيٌّ لِمَنْ وَالَاكِ وَعَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاكِ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكِ اَنَا يَا مَوْلَاتِي بِكِ وَبِاَبِيكِ وَبَعْلِكِ وَالْاَئِمَّةِ مِنْ وُلْدِكِ مُوقِنٌ وَبِوَلَايَتِهِمْ مُؤْمِنٌ وَلِطَاعَتِهِمْ مُلْتَزِمٌ اَشْهَدُ اَنَّ الدِّينَ دِينُهُمْ وَالْحُكْمَ حُكْمُهُمْ وَهُمْ قَدْ بَلَّغُوا عَنِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَدَعَوْا اِلٰى سَبِيلِ اللهِ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ لَا تَاْخُذُهُمْ فِي اللهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ وَصَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْكِ وَعَلٰى اَبِيكِ وَبَعْلِكِ وَذُرِّيَّتِكِ الْاَئِمَّةِ الطَّاهِرِينَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهِ وَصَلِّ عَلَى الْبَتُولِ الطَّاهِرَةِ الصِّدِّيقَةِ الْمَعْصُومَةِ التَّقِيَّةِ النَّقِيَّةِ الرَّضِيَّةِ الْمَرْضِيَّةِ الزَّكِيَّةِ الرَّشِيدَةِ الْمَظْلُومَةِ الْمَقْهُورَةِ الْمَغْصُوبَةِ حَقُّهَا

تیسری دعا نیز امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جب رات داخل ہو تو یہ پڑھے اور اس کے بعد جو دعا چاہے طلب کرے اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ عِنْدَ اِقْبَالِ لَيْلِكَ وَاِدْبَارِ نَهَارِكَ وَحُضُورِ صَلَوَاتِكَ وَاَصْوَاتِ دُعَائِكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ چوتھی دعا امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میرے والد بزرگوار جب صبح داخل ہوتی تھی تو یہ پڑھا کرتے تھے بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ وَاِلَى اللهِ وَفِي سَبِيلِ اللهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَسْلَمْتُ نَفْسِي وَاِلَيْكَ فَوَّضْتُ اَمْرِي وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِي بِحِفْظِ الْاِيمَانِ مِنْ بَيْنِ

اَلْمَمْنُوْعَةِ اِرْثُهَا الْمَكْسُوْرِ ضِلْعُهَا الْمَظْلُوْمِ بَعْلُهَا الْمَقْتُوْلِ وَلَدُهَا فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِكَ وَبَضْعَةِ لَحْمِهٖ وَصَمِيْمِ قَلْبِهٖ وَفِلْذَةِ كَبِدِهٖ وَالنُّخْبَةِ مِنْكَ لَهٗ وَالتُّحْفَةِ خَصَصْتَ بِهَا وَصِيَّهٗ وَحَبِيْبَةِ الْمُصْطَفٰى وَقَرِيْنَةِ الْمُرْتَضٰى وَسَيِّدَةِ النِّسَآءِ وَمُبَشِّرَةِ الْاَوْلِيَآءِ حَلِيْفَةِ الْوَرَعِ وَالزُّهْدِ وَتُفَّاحَةِ الْفِرْدَوْسِ وَالْخُلْدِ الَّتِيْ شَرَّفْتَ مَوْلِدَهَا بِنِسَآءِ الْجَنَّةِ وَسَلَلْتَ مِنْهَا اَنْوَارَ الْاَئِمَّةِ وَاَرْخَيْتَ دُوْنَهَا حِجَابَ النُّبُوَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهَا صَلٰوةً تَزِيْدُ فِيْ مَحَلِّهَا عِنْدَكَ وَشَرَفِهَا لَدَيْكَ وَمَنْزِلَتِهَا مِنْ رِضَاكَ وَبَلِّغْهَا مِنَّا تَحِيَّةً وَّسَلَامًا وَّاٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ فِيْ حُبِّهَا فَضْلًا وَّاِحْسَانًا وَّرَحْمَةً وَّغُفْرَانًا اِنَّكَ ذُو الْعَفْوِ الْكَرِيْمِ شیخ نے تہذیب میں ذکر کیا ہے کہ جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام کی زیارت کی فضیلت شمار سے باہر نقل ہوئی ہے۔ علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے مصباح الانوار سے نقل کیا ہے کہ جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ مجھے والد ماجد نے فرمایا کہ جو شخص تجھ پر صلوات بھیجے تو خداوند عالم اسے بخش دے گا اور وہ میرے ساتھ جہاں میں بہشت میں ہوں گا رہے گا

جنابِ رسولِ خدا کی دور سے زیارت

علامہ مجلسی نے زاد المعاد میں عید مولود کے اعمال میں جو سترہ ربیع الاول ہے فرمایا کہ شیخ اور شہید اور سید طاؤس نے فرمایا ہے کہ جب مدینہ منورہ کے علاوہ کہیں سے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرنا چاہے تو غسل کرکے ایک قبر کی مثل اپنے سامنے مٹی وغیرہ سے بنا کر اس پر آنجناب کا اسم گرامی لکھے اور اپنے دل کو آنحضرت کی طرف متوجہ کرکے یہ پڑھے اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاَنَّهٗ سَيِّدُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَاَنَّهٗ سَيِّدُ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ الْاَئِمَّةِ الطَّيِّبِيْنَ پھر کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَفِيَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَحْمَةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَجِيْبَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَمِنْ تَحْتِيْ وَمِنْ قِبَلِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ نَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ مِنْ كُلِّ سُوْٓءٍ وَّشَرٍّ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ ضُغْطَةِ الْقَبْرِ وَمِنْ ضِيْقِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ سَطَوَاتِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الْبَلَدِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الْحِلِّ وَالْاِحْرَامِ اَبْلِغْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ عَنِّي السَّلَامَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِدِرْعِكَ الْحَصِيْنَةِ وَاَعُوْذُ بِجَمْعِكَ اَنْ تُمِيْتَنِيْ غَرَقًا اَوْ حَرَقًا اَوْ شَرَقًا اَوْ قَوَدًا اَوْ صَبْرًا اَوْ مَسْمُوْمًا اَوْ تَرَدِّيًا فِيْ بِئْرٍ اَوْ اَكِيْلَ السَّبُعِ اَوْ مَوْتَ الْفُجَاءَةِ اَوْ بِشَيْءٍ مِّنْ مِّيْتَاتِ

يَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا قَائِمًا بِالْقِسْطِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا فَاتِحَ الْخَيْرِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا مَعْدِنَ الْوَحْيِ وَالتَّنْزِيلِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُبَلِّغًا عَنِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا السِّرَاجُ
الْمُنِيرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُبَشِّرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَذِيرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُنْذِرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا نُورَ اللهِ الَّذِي يُسْتَضَاءُ بِهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِينَ الطَّاهِرِينَ
الْهَادِينَ الْمَهْدِيِّينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى جَدِّكَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَعَلَى اَبِيكَ عَبْدِ اللهِ اَلسَّلَامُ
عَلَى اُمِّكَ اٰمِنَةَ بِنْتِ وَهْبٍ اَلسَّلَامُ عَلَى عَمِّكَ حَمْزَةَ سَيِّدِ الشُّهَدَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَى عَمِّكَ
الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَلسَّلَامُ عَلَى عَمِّكَ وَكَفِيلِكَ اَبِي طَالِبٍ اَلسَّلَامُ عَلَى ابْنِ عَمِّكَ
جَعْفَرٍ الطَّيَّارِ فِي جِنَانِ الْخُلْدِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَحْمَدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا حُجَّةَ اللهِ عَلَى الْاَوَّلِينَ وَالْاٰخِرِينَ وَالسَّابِقَ اِلَى طَاعَةِ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَالْمُهَيْمِنَ عَلَى رُسُلِهِ
وَالْخَاتَمَ لِاَنْبِيَائِهِ وَالشَّاهِدَ عَلَى خَلْقِهِ وَالشَّفِيعَ اِلَيْهِ وَالْمَكِينَ لَدَيْهِ وَالْمُطَاعَ فِي مَلَكُوتِهِ
الْاَحْمَدَ مِنَ الْاَوْصَافِ الْمُحَمَّدَ لِسَائِرِ الْاَشْرَافِ الْكَرِيمَ عِنْدَ الرَّبِّ وَالْمُكَلَّمَ مِنْ وَرَاءِ
الْحُجُبِ الْفَائِزَ بِالسِّبَاقِ وَالْفَائِتَ عَنِ اللِّحَاقِ تَسْلِيمَ عَارِفٍ بِحَقِّكَ مُعْتَرِفٍ بِالتَّقْصِيرِ
فِي قِيَامِهِ بِوَاجِبِكَ غَيْرَ مُنْكِرٍ مَا انْتَهَى اِلَيْهِ مِنْ فَضْلِكَ مُوقِنٍ بِالْمَزِيدَاتِ مِنْ رَبِّكَ
مُؤْمِنٍ بِالْكِتَابِ الْمُنْزَلِ عَلَيْكَ مُحَلِّلٍ حَلَالَكَ مُحَرِّمٍ حَرَامَكَ اَشْهَدُ يَا رَسُولَ اللهِ مَعَ كُلِّ
شَاهِدٍ وَاَتَحَمَّلُهَا عَنْ كُلِّ جَاحِدٍ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالَاتِ رَبِّكَ وَنَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ
وَجَاهَدْتَ فِي سَبِيلِ رَبِّكَ وَصَدَعْتَ بِاَمْرِهِ وَاحْتَمَلْتَ الْاَذَى فِي جَنْبِهِ وَدَعَوْتَ اِلَى
سَبِيلِهِ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ الْجَمِيلَةِ وَاَدَّيْتَ الْحَقَّ الَّذِي كَانَ عَلَيْكَ وَاَنَّكَ
قَدْ رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِينَ وَغَلُظْتَ عَلَى الْكَافِرِينَ وَعَبَدْتَ اللهَ مُخْلِصًا حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِينُ
فَبَلَغَ اللهُ بِكَ اَشْرَفَ مَحَلِّ الْمُكَرَّمِينَ وَاَعْلَى مَنَازِلِ الْمُقَرَّبِينَ وَاَرْفَعَ دَرَجَاتِ الْمُرْسَلِينَ
حَيْثُ لَا يَلْحَقُكَ لَاحِقٌ وَلَا يَفُوقُكَ فَائِقٌ وَلَا يَسْبِقُكَ سَابِقٌ وَلَا يَطْمَعُ فِي اِدْرَاكِكَ طَامِعٌ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اسْتَنْقَذَنَا بِكَ مِنَ الْهَلَكَةِ وَهَدَانَا بِكَ مِنَ الضَّلَالَةِ وَنَوَّرَنَا بِكَ مِنَ الظُّلْمَةِ
فَجَزَاكَ اللهُ يَا رَسُولَ اللهِ مِنْ مَبْعُوثٍ اَفْضَلَ مَا جَازَى نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهِ وَرَسُولًا عَمَّنْ اُرْسِلَ

السُّوءِ وَلٰكِنْ اٰمِنِّي عَلٰى
فِرَاشِي فِي طَاعَتِكَ وَ
طَاعَةِ رَسُولِكَ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَاٰلِهِ مُصِيبًا لِلْحَقِّ
غَيْرَ مُخْطِئٍ اَوْ فِي الصَّفِّ
الَّذِينَ نَعَتَّهُمْ فِي كِتَابِكَ
كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَرْصُوصٌ
اُعِيذُ نَفْسِي وَوُلْدِي
وَمَا رَزَقَنِي رَبِّي بِقُلْ
اَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ
شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ
غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنْ
شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ
وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا
حَسَدَ وَاُعِيذُ نَفْسِي
وَوُلْدِي وَمَا رَزَقَنِي
کی قبر مبارک کے سامنے کھڑے ہو جائے اور ان کی یہ زیارت پڑھے سَلَامُ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَصَلَوَاتُہٗ عَلَیْکَ یَا ھَانِیْ بْنَ عُرْوَةَ السَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ النَّاصِحُ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ وَلِاَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ اَشْھَدُ اَنَّکَ قُتِلْتَ مَظْلُوْمًا فَلَعَنَ اللّٰہُ مَنْ قَتَلَکَ وَاسْتَحَلَّ دَمَکَ وَحَشٰی قُبُوْرَھُمْ نَارًا اَشْھَدُ اَنَّکَ لَقِیْتَ اللّٰہَ وَھُوَ رَاضٍ عَنْکَ بِمَا فَعَلْتَ وَنَصَحْتَ وَاَشْھَدُ اَنَّکَ قَدْ بَلَغْتَ دَرَجَةَ الشُّھَدَاۗءِ وَجُعِلَ رُوْحُکَ مَعَ اَرْوَاحِ السُّعَدَاۗءِ بِمَا نَصَحْتَ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ مُجْتَھِدًا وَبَذَلْتَ نَفْسَکَ فِیْ ذَاتِ اللّٰہِ وَمَرْضَاتِہٖ فَرَحِمَکَ اللّٰہُ وَرَضِیَ عَنْکَ وَحَشَرَکَ مَعَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ وَجَمَعَنَا وَاِیَّاکَ مَعَھُمْ فِیْ دَارِ النَّعِیْمِ وَسَلَامٌ عَلَیْکَ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اس کے بعد دو رکعت نماز بجا لائے اور اسے جناب ہانی بن عروہ رضی اللہ عنہ کی روح کے لئے ہدیہ کرے اور اس کے بعد جو دعا چاہے طلب کرے اور ان کا وداع بھی اسی طرح پڑھے جو حضرت مسلم علیہ السلام کا وداع ذکر کیا ہے۔

چھٹی فصل

مسجد سہلہ کی فضیلت اور اسکے اعمال اور مسجد زید اور صعصعہ کے اعمال میں ہے

جب مسجد کوفہ کے اعمال سے فارغ ہو چکے تو پھر اس کے بعد کوئی مسجد بھی فضیلت والی مسجد سہلہ سے زیادہ وہاں نہیں ہے اور مسجد سہلہ جو آج کل کوفہ سے تھوڑے فاصلہ پر موجود ہے حقیقت میں یہ حضرت ادریس علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا گھر تھا اور خضر علیہ السلام کے درود کا محل اور جائے سکونت ہے امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ نے ابو بصیر سے فرمایا کہ اے ابو محمد گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ صاحب الزمان اپنے اہل و عیال کے ساتھ مسجد سہلہ میں اترے ہوئے ہیں اور یہ ان کی منزل ہے اور خداوند عالم نے کسی پیغمبر کو نہیں بھیجا مگر اس نے اس مسجد میں نماز پڑھی اور جو شخص اس مسجد میں رہے گویا یوں ہے کہ وہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خیمے میں رہ رہا ہے اور کوئی مومن مرد اور عورت نہیں مگر اس کا دلی رجحان اس مسجد کی طرف ہے اور اس مسجد میں ایک پتھر ہے کہ جس میں

وَاَنْتَ الْقَادِرُ عَلٰی صَرْفِہٖ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ طَوَارِقِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَزَوَابِعِھِمْ وَبَوَائِقِھِمْ وَمَکَائِدِھِمْ وَمَشَاھِدِ الْفَسَقَةِ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَاَنْ اُسْتَزَلَّ عَنْ دِیْنِیْ فَتَفْسُدَ عَلَیَّ اٰخِرَتِیْ وَاَنْ یَّکُوْنَ ذٰلِکَ مِنْھُمْ ضَرَرًا عَلَیَّ فِیْ مَعَاشِیْ اَوْ یَعْرِضَ بَلَاۗءٌ یُّصِیْبُنِیْ مِنْھُمْ لَا قُوَّةَ لِیْ بِہٖ وَلَا صَبْرَ لِیْ عَلَی احْتِمَالِہٖ فَلَا تَبْتَلِیَنِّیْ یَا اِلٰھِیْ بِمُقَاسَاتِہٖ فَیَمْنَعُنِیْ ذٰلِکَ عَنْ ذِکْرِکَ وَیَشْغَلُنِیْ عَنْ عِبَادَتِکَ اَنْتَ الْعَاصِمُ الْمَانِعُ الدَّافِعُ الْوَاقِیْ مِنْ ذٰلِکَ کُلِّہٖ اَسْئَلُکَ اللّٰھُمَّ الرَّفَاھِیَةَ فِیْ مَعِیْشَتِیْ مَا اَبْقَیْتَنِیْ مَعِیْشَةً اَقْوٰی بِھَا عَلٰی طَاعَتِکَ وَاَبْلُغُ بِھَا رِضْوَانَکَ وَاَصِیْرُ بِھَا اِلٰی دَارِ الْحَیَوَانِ غَدًا وَلَا تَرْزُقْنِیْ رِزْقًا

ہر پیغمبر کی صورت موجود ہے اور جو شخص بھی صدق نیت سے اس مسجد میں نماز اور دعا پڑھے تو اس کی دعا اور حاجت پوری ہو گی اور جو شخص بھی اس مسجد میں امان طلب کرے تو جس سے ڈرتا ہے اس سے امان ملے گی میں کہنے لگا یہی اس مسجد کی فضیلت ہے تو آپ نے فرمایا کہ اس کی فضیلت اس سے زیادہ ہے کہ جو میں نے تجھے بتلائی ہے، ہاں یہ وہ بقعہ ہے کہ جسے خداوند عالم دوست رکھتا ہے کہ اسے اس مسجد میں یاد کیا جائے اور اس سے وہاں پر مانگا جائے، اور کوئی رات اور دن نہیں گذرتا مگر ملائکہ اس مسجد کی زیارت کے لئے آتے ہیں اور اللہ کی وہاں عبادت کرتے ہیں، اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ اگر میں تمہاری طرح اس مسجد کے نزدیک رہتا۔ اے ابو محمد تو میں نماز اسی مسجد میں پڑھتا۔ آپ نے فرمایا کہ اے ابو محمد جو میں نے اس مسجد کے اوصاف آپ کو نہیں بتلائے وہ ان سے زیادہ ہیں کہ جو میں نے تجھے بتلائے ہیں، میں نے عرض کی کہ میں آپ پر قربان ہو جاؤں کیا قائم آل محمد عجل اللہ اس مسجد میں ہمیشہ ہوتے ہیں تو آپ نے فرمایا کہ ـــــ ہاں۔

مسجد سہلہ کے اعمال

مغرب اور عشا کے درمیان دو رکعت مسجد سہلہ میں پڑھے، امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے، کہ جو شخص یوں کرے اور پھر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے غم کو زائل کرے گا اور بعض زیارات کی کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جب سہلہ میں داخل ہونا چاہے تو دروازے پر کھڑے ہو جائے اور یہ پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَاِلَى اللّٰهِ وَمَا شَآءَ اللّٰهُ وَخَيْرُ الْاَسْمَآءِ لِلّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنْ عُمَّارِ مَسَاجِدِكَ وَبُيُوْتِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاُقَدِّمُهُمْ بَيْنَ يَدَيْ حَوَائِجِيْ فَاجْعَلْنِي اللّٰهُمَّ بِهِمْ عِنْدَكَ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتِيْ بِهِمْ مَقْبُوْلَةً وَّذَنْبِيْ بِهِمْ مَغْفُوْرًا وَرِزْقِيْ بِهِمْ مَبْسُوْطًا وَدُعَآئِيْ بِهِمْ مُسْتَجَابًا وَحَوَائِجِيْ بِهِمْ مَقْضِيَّةً وَانْظُرْ اِلَيَّ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ نَظْرَةً رَحِيْمَةً اَسْتَوْجِبُ بِهَا الْكَرَامَةَ عِنْدَكَ ثُمَّ لَا تَصْرِفْهُ عَنِّيْ اَبَدًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ وَدِيْنِ نَبِيِّكَ وَوَلِيِّكَ وَلَا تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ اِذْ

دنیا اور آخرت کیلئے دعائیں

يُطْغِيْنِيْ وَلَا تَبْتَلِيْنِيْ بِفَقْرٍ اَشْقٰى بِهٖ مُضَيَّقًا عَلَيَّ اَعْطِنِيْ حَظًّا وَافِرًا فِيْ اٰخِرَتِيْ وَمَعَاشًا وَاسِعًا هَنِيْئًا مَرِيْئًا فِيْ دُنْيَايَ وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا عَلَيَّ سِجْنًا وَلَا تَجْعَلْ فِرَاقَهَا عَلَيَّ حُزْنًا اَجِرْنِيْ مِنْ فِتْنَتِهَا وَاجْعَلْ عَمَلِيْ فِيْهَا مَقْبُوْلًا وَسَعْيِيْ فِيْهَا مَشْكُوْرًا اَللّٰهُمَّ وَمَنْ اَرَادَنِيْ بِسُوْٓءٍ فَاَرِدْهُ بِمِثْلِهٖ وَمَنْ كَادَنِيْ فِيْهَا فَكِدْهُ وَاصْرِفْ عَنِّيْ هَمَّ مَنْ اَدْخَلَ عَلَيَّ هَمَّهٗ وَامْكُرْ بِمَنْ مَكَرَبِيْ فَاِنَّكَ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ وَافْقَاْ عَنِّيْ عُيُوْنَ الْكَفَرَةِ الظَّلَمَةِ وَالطُّغَاةِ الْحَسَدَةِ اَللّٰهُمَّ وَاَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْكَ السَّكِيْنَةَ وَاَلْبِسْنِيْ دِرْعَكَ الْحَصِيْنَةَ وَاحْفَظْنِيْ بِسِتْرِكَ الْوَاقِيْ وَجَلِّلْنِيْ

هَدَيْتَنِي وَهَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ تَوَجَّهْتُ وَمَرْضَاتَكَ طَلَبْتُ وَثَوَابَكَ ابْتَغَيْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ اَللّٰهُمَّ فَاَقْبِلْ بِوَجْهِكَ اِلَيَّ وَاَقْبِلْ بِوَجْهِي اِلَيْكَ پھر آیت الکرسی اور سورہ قل اعوذ برب الفلق اور سورہ قل اعوذ برب الناس پڑھے اور پھر سات دفعہ تسبیح اور سات دفعہ تحمید اور سات دفعہ تہلیل اور سات دفعہ تکبیر کہے یعنی سات دفعہ اس ذکر کو پڑھ دے تو یہ سب اس میں آجائیں گے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَا هَدَيْتَنِي وَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَا فَضَّلْتَنِي وَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَا شَرَّفْتَنِي وَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى كُلِّ بَلَاءٍ حَسَنٍ ابْتَلَيْتَنِي اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ صَلٰوتِي وَدُعَائِي وَطَهِّرْ قَلْبِي وَاشْرَحْ لِي صَدْرِي وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ سید ابن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جب تیرا ارادہ مسجد سہلہ کا ہو تو بدھ کی رات یعنی شب چہار شنبہ کو مغرب اور عشائکے درمیان اس مسجد میں آئے کیونکہ یہ وقت سب وقتوں سے افضل ہے اور جب اس وقت مسجد میں آئے تو پہلے مغرب کی نماز اور اس کے نافلہ بجا لائے اور اس کے بعد اٹھکر دو رکعت نماز تحیۃ مسجد بجا لائے اور جب اس سے فارغ ہو تو اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند کرکے یہ دعا پڑھے اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ مُبْدِئُ الْخَلْقِ وَمُعِيدُهُمْ وَاَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَالِقُ الْخَلْقِ وَرَازِقُهُمْ وَاَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ وَاَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ مُدَبِّرُ الْاُمُورِ وَبَاعِثُ مَنْ فِي الْقُبُورِ اَنْتَ وَارِثُ الْاَرْضِ وَمَنْ عَلَيْهَا اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْمَخْزُونِ الْمَكْنُونِ الْحَيِّ الْقَيُّومِ وَاَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ عَالِمُ السِّرِّ وَاَخْفٰى اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِي اِذَا دُعِيتَ بِهِ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِهِ اَعْطَيْتَ وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهِ وَبِحَقِّهِمُ الَّذِي اَوْجَبْتَهُ عَلٰى نَفْسِكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَقْضِيَ لِي حَاجَتِي السَّاعَةَ السَّاعَةَ يَا سَامِعَ الدُّعَاءِ يَا سَيِّدَاهُ يَا مَوْلَاهُ يَا غِيَاثَاهُ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِي عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُعَجِّلَ فَرَجَنَا السَّاعَةَ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ وَالْاَبْصَارِ يَا سَمِيعَ الدُّعَاءِ اس کے بعد سجدے میں چلا جائے اور اچھی طرح خضوع اور خشوع بجا لائے اور جو چیز چاہے اللہ تعالٰے سے طلب کرے اس کے بعد اس گوشے میں جو مغرب و شمال کی طرف

دنیا اور آخرت کیلئے دعائیں

عَافِيَتَكَ النَّافِعَةَ وَصَدِّقْ قَوْلِي وَفِعَالِي وَبَارِكْ لِي فِي وُلْدِي وَاَهْلِي وَمَالِي اَللّٰهُمَّ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَغْفَلْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُ وَمَا تَوَانَيْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ فَاغْفِرْهُ لِي يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

تیسویں دعا محمد ابن مسلم سے روایت ہے کہ حضرت محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ پڑھو اَللّٰهُمَّ اَوْسِعْ عَلَيَّ فِي رِزْقِي وَامْدُدْ لِي فِي عُمْرِي وَاغْفِرْ لِي ذَنْبِي وَاجْعَلْنِي مِمَّنْ تَنْتَصِرُ بِهِ لِدِينِكَ وَلَا تَسْتَبْدِلْ غَيْرِي

چوبیسویں دعا روایت میں ہے کہ حضرت صادق علیہ السلام اس دعا کو پڑھتے تھے يَا مَنْ يَشْكُرُ الْيَسِيرَ وَيَعْفُو عَنِ الْكَثِيرِ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ

ہے چلا جائے اور اسی گوشہ میں جناب ابراہیم علیہ السّلام کا گھر تھا کہ جہاں سے عمالقہ کے ساتھ لڑائی کے لئے گئے تھے وہاں پر دو رکعت نماز بجالائے اور جب اس سے فارغ ہو تو تسبیح پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهِ الْبُقْعَةِ الشَّرِيْفَةِ وَبِحَقِّ مَنْ تَعَبَّدَ لَكَ فِيْهَا قَدْ عَلِمْتَ حَوَائِجِیْ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاقْضِهَا وَقَدْ اَحْصَيْتَ ذُنُوْبِیْ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهَا اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِیْ مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا لِّیْ وَاَمِتْنِیْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّیْ عَلٰی مُوَالَاةِ اَوْلِيَائِكَ وَمُعَادَاةِ اَعْدَائِكَ وَافْعَلْ بِیْ مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اس کے بعد اس گوشہ میں جو مغرب اور قبلہ کی طرف ہے دو رکعت نماز بجا لائے اور اس کے بعد ہاتھوں کو اٹھا کر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ صَلَّيْتُ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِكَ وَطَلَبَ نَائِلِكَ وَرَجَاءَ رِفْدِكَ وَجَوَائِزِكَ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَتَقَبَّلْهَا مِنِّیْ بِاَحْسَنِ قَبُوْلٍ وَبَلِّغْنِیْ بِرَحْمَتِكَ الْمَاْمُوْلَ وَافْعَلْ بِیْ مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اس کے بعد سجدے میں جائے اور چہرے کی طرف کو خاک پر رکھے اور پھر اس کے بعد مشرق کی طرف جو گوشہ ہے وہاں جائے اور دو رکعت نماز پڑھے اور اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَتِ الذُّنُوْبُ وَالْخَطَايَا قَدْ اَخْلَقَتْ وَجْهِیْ عِنْدَكَ فَلَمْ تَرْفَعْ لِیْ اِلَيْكَ صَوْتًا وَلَمْ تَسْتَجِبْ لِیْ دَعْوَةً فَاِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكَ يَا اَللّٰهُ فَاِنَّهٗ لَيْسَ مِثْلَكَ اَحَدٌ وَاَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُقْبِلَ اِلَیَّ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَتُقْبِلَ بِوَجْهِیْ اِلَيْكَ وَلَا تُخَيِّبْنِیْ حِيْنَ اَدْعُوْكَ وَلَا تَحْرِمْنِیْ حِيْنَ اَرْجُوْكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ مؤلّف کہتا ہے کہ زیارتوں کی بعض غیر معروف کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے بعد مشرق کی طرف جو دوسرا گوشہ ہے وہاں جائے اور دو رکعت نماز بجا لائے اور پھر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا اَللّٰهُ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَجْعَلَ خَيْرَ عُمُرِیْ اٰخِرَهٗ وَخَيْرَ اَعْمَالِیْ خَوَاتِيْمَهَا وَخَيْرَ اَيَّامِیْ يَوْمَ اَلْقَاكَ فِيْهِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ دُعَائِیْ وَاسْمَعْ نَجْوَایَ يَا عَلِیُّ يَا عَظِيْمُ يَا قَادِرُ يَا قَاهِرُ يَا حَيًّا لَا يَمُوْتُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ بَيْنِیْ وَبَيْنَكَ وَلَا تَفْضَحْنِیْ عَلٰی رُءُوْسِ الْاَشْهَادِ وَاحْرُسْنِیْ بِعَيْنِكَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَارْحَمْنِیْ بِقُدْرَتِكَ عَلَیَّ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اس کے بعد جو وسط مسجد میں مقام

اِغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ ذَهَبَتْ لَذَّتُهَا وَبَقِيَتْ تَبِعَتُهَا پچیسویں دعا نیز روایت میں ہے کہ آنحضرت اس دعا کو پڑھتے تھے يَا نُوْرُ يَا قُدُّوْسُ يَا اَوَّلَ الْاَوَّلِيْنَ وَيَا اٰخِرَ الْاٰخِرِيْنَ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ اِغْفِرْ لِیَ الَّتِیْ تُغَيِّرُ النِّعَمَ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُحِلُّ النِّقَمَ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَهْتِكُ الْعِصَمَ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُنْزِلُ الْبَلَاءَ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُدِيْلُ الْاَعْدَاءَ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُعَجِّلُ الْفَنَاءَ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَقْطَعُ الرَّجَاءَ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُظْلِمُ الْهَوَاءَ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَكْشِفُ الْغِطَاءَ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَرُدُّ الدُّعَاءَ وَاغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَرُدُّ غَيْثَ السَّمَاءِ چھبیسویں دعا، نیز یہ دعا بھی آنحضرت سے منقول ہے يَا عُدَّتِیْ فِیْ كُرْبَتِیْ وَيَا صَاحِبِیْ فِیْ شِدَّتِیْ

ہے وہاں پر دو رکعت نماز پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے یَامَنْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَیَّ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ یَا فَعَّالاً لِمَا یُرِیْدُ یَا مَنْ یَحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَحُلْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَنْ یُّؤْذِیْنَا بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ یَا کَافِیْ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ وَّلَا یَکْفِیْ مِنْهُ شَیْءٌ اِکْفِنَا الْمُهِمَّ مِنْ اَمْرِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اس کے بعد دونوں رخساروں کو خاک پر رکھے مؤلف کہتا ہے کہ مسجد کے وسط میں جو مقام بیان ہوا ہے وہ آجکل مقام امام زین العابدین علیہ السلام کے نام سے مشہور رہے اور مزار قدیم میں اسی مقام کی دو رکعت نماز کے بعد یہ دعا پڑھنی نقل کی ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا مَنْ لَا تَرَاهُ الْعُیُوْنُ الخ اور یہ دعا کتہ امیر المومنین علیہ السلام کے اعمال میں صفحہ ۳۹۴ پر گذر چکی ہے۔ اسی مقام کے نزدیک ایک بقعہ ہے کہ جس پر گنبد ہے اور جو مقام صاحب الزمان سے مشہور ہے لہذا اس مقام پر صاحب الزمان عجل اللہ فرجہ کی زیارت پڑھنی بہت مناسب ہے اور بعض کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت کی زیارت اس مقام پر کھڑے ہوئے یوں پڑھے سَلَامُ اللّٰهِ الْکَامِلُ التَّآمُّ الشَّامِلُ الخ اور یہ وہی استغاثہ ہے جو پہلے باب کی ساتویں فصل کے صفحہ ۱۰۸ پر گذر چکا ہے اور سید بن طاوس رحمۃ اللہ علیہ نے اسے سرداب کے زیارات سے دو رکعت نماز بجالانے کے بعد ذکر کیا ہے۔

نماز و دعا مسجد زید رحمۃ اللہ علیہ

مسجد سہلہ کے قریب ایک مسجد ہے جو مسجد زید رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے مشہور ہے وہاں پر دو رکعت نماز بجالائے اور اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھے اِلٰهِیْ قَدْ مَدَّ اِلَیْكَ الْخَاطِئُ الْمُذْنِبُ یَدَیْهِ بِحُسْنِ ظَنِّهٖ بِكَ اِلٰهِیْ قَدْ جَلَسَ الْمُسِیْءُ بَیْنَ یَدَیْكَ مُقِرًّا لَّكَ بِسُوْءِ عَمَلِهٖ وَرَاجِیًا مِّنْكَ الصَّفْحَ عَنْ زَلَلِهٖ اِلٰهِیْ قَدْ رَفَعَ اِلَیْكَ الظَّالِمُ کَفَّیْهِ رَاجِیًا لِّمَا لَدَیْكَ فَلَا تُخَیِّبْهُ بِرَحْمَتِكَ مِنْ فَضْلِكَ اِلٰهِیْ قَدْ جَثَا الْعَائِدُ اِلَی الْمَعَاصِیْ بَیْنَ یَدَیْكَ خَائِفًا مِّنْ یَّوْمٍ تَجْثُوْ فِیْهِ الْخَلَائِقُ بَیْنَ یَدَیْكَ اِلٰهِیْ جَآءَكَ الْعَبْدُ الْخَاطِئُ فَزِعًا مُّشْفِقًا وَّرَفَعَ اِلَیْكَ طَرْفَهٗ حَذِرًا رَاجِیًا وَّفَاضَتْ عَبْرَتُهٗ مُسْتَغْفِرًا نَّادِمًا وَّعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ مَا اَرَدْتُّ بِمَعْصِیَتِیْ مُخَالَفَتَكَ وَمَا عَصَیْتُكَ اِذْ عَصَیْتُكَ وَاَنَا بِكَ جَاهِلٌ وَّلَا لِعُقُوْبَتِكَ مُتَعَرِّضٌ وَّلَا لِنَظَرِكَ مُسْتَخِفٌّ وَّلٰکِنْ سَوَّلَتْ لِیْ نَفْسِیْ وَاَعَانَتْنِیْ عَلٰی ذٰلِكَ

دنیا اور آخرت کیلئے دعائیں

وَیَا وَلِیِّیْ فِیْ نِعْمَتِیْ وَیَا غِیَاثِیْ فِیْ رَغْبَتِیْ آپنے فرمایا یہ دعا امیر المومنین علیہ السلام کی ہے اَللّٰهُمَّ کُتِبَتِ الْاٰثَارُ وَعُلِمَتِ الْاَخْبَارُ وَاطَّلَعْتَ عَلَی الْاَسْرَارِ فَحُلْتَ بَیْنَنَا وَبَیْنَ الْقُلُوْبِ فَالسِّرُّ عِنْدَكَ عَلَانِیَةٌ وَّالْقُلُوْبُ اِلَیْكَ مُفْضَاةٌ وَّاِنَّمَا اَمْرُكَ لِشَیْءٍ اِذَا اَرَدْتَّهٗ اَنْ تَقُوْلَ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ فَقُلْ بِرَحْمَتِكَ لِطَاعَتِكَ اَنْ تَدْخُلَ فِیْ کُلِّ عُضْوٍ مِّنْ اَعْضَائِیْ وَلَا تُفَارِقَنِیْ حَتّٰی اَلْقَاكَ وَقُلْ بِرَحْمَتِكَ لِمَعْصِیَتِكَ اَنْ تَخْرُجَ مِنْ کُلِّ عُضْوٍ مِّنْ اَعْضَائِیْ فَلَا تَقْرَبَنِیْ حَتّٰی اَلْقَاكَ وَارْزُقْنِیْ مِنَ الدُّنْیَا وَزَهِّدْنِیْ فِیْهَا وَلَا تَزْوِهَا عَنِّیْ وَرَغْبَتِیْ فِیْهَا یَا رَحْمٰنُ

ستائیسویں دعا علی بن ابراہیم نے اپنے باپ سے

شِقْوَتِي وَغَرَّنِي سِتْرُكَ الْمُرْخَى عَلَيَّ فَمِنَ الْآنَ مِنْ عَذَابِكَ مَنْ يَسْتَنْقِذُنِي وَبِحَبْلِ مَنْ اَعْتَصِمُ اِنْ قَطَعْتَ حَبْلَكَ عَنِّي فَيَا سَوْاَتَاهُ غَدًا مِنَ الْوُقُوفِ بَيْنَ يَدَيْكَ اِذَا قِيلَ لِلْمُخِفِّينَ جُوزُوا وَلِلْمُثْقِلِينَ حُطُّوا اَمَعَ الْمُخِفِّينَ اَجُوزُ اَمْ مَعَ الْمُثْقِلِينَ اَحُطُّ وَيْلِي كُلَّمَا كَبُرَ سِنِّي كَثُرَتْ ذُنُوبِي وَيْلِي كُلَّمَا طَالَ عُمْرِي كَثُرَتْ مَعَاصِيَّ فَكَمْ اَتُوبُ وَكَمْ اَعُودُ اَمَا اٰنَ لِي اَنْ اَسْتَحْيِيَ مِنْ رَبِّي اَللّٰهُمَّ فَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ اغْفِرْلِي وَارْحَمْنِي يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ وَخَيْرَ الْغَافِرِينَ اس کے بعد گریہ کرے اور صورت کو خاک پر رکھے اور یہ پڑھے اِرْحَمْ مَنْ اَسَاءَ وَاقْتَرَفَ وَاسْتَكَانَ وَاعْتَرَفَ اس کے بعد دائیں طرف چہرہ کو زمین پر رکھکر یہ کہے اِنْ كُنْتُ بِئْسَ الْعَبْدُ فَاَنْتَ نِعْمَ الرَّبُّ اس کے بعد بائیں طرف چہرہ کو زمین پر رکھکر یہ کہے عَظُمَ الذَّنْبُ مِنْ عَبْدِكَ فَلْيَحْسُنِ الْعَفْوُ مِنْ عِنْدِكَ يَا كَرِيمُ اس کے بعد سجدے کی حالت کی طرف لوٹ آئے اور سو دفعہ اَلْعَفْوَ اَلْعَفْوَ کہے۔ مؤلف کہتا ہے کہ یہ کوفہ کے مسجدوں میں سے ایک مسجد ہے اور زید بن صوحان کی طرف منسوب ہے اور زید بن صوحان جناب امیر المومنین علیہ السّلام کے بزرگوار اصحاب میں سے تھے اور ان کا شمار ابدال سے ہوتا تھا۔ آپ جنگ جمل میں جناب امیر المومنین علیہ السلام کی نصرت ویاری میں شہید ہوئے اور یہ دعا جو ذکر ہوئی یہ انہیں کی دعا تھی جو نماز تہجد میں پڑھا کرتے تھے۔ آپ کی مسجد کے نزدیک ان کے بھائی جناب صعصعہ بن صوحان کی مسجد بھی ہے اور یہ بھی جناب امیر المومنین علیہ السّلام کے اصحاب میں سے تھے اور مؤمنین کے بزرگوار اور عارف حق امیر المومنین میں شمار ہوتے تھے اور اتنے فصیح اور بلیغ تھے کہ انہیں جناب امیر المومنین خطیب شحشح فرماتے تھے اور ان کی فصاحت اور خطابت کی آپ نے تعریف فرمائی اور آپ ان لوگوں میں سے تھے جو جناب امیر المومنین علیہ السّلام کو رات کے وقت بعد از شہادت دفن کرنے کے لئے نجف اشرف لے گئے تھے اور جب آنجناب علیہ السّلام کو دفن کر چکے تھے تو صعصعہ نے آپ کی قبر مبارک کے نزدیک کھڑے ہو کر خاک کی مٹھی لی اور اپنے سر پر ڈالی اور عرض کی۔ کہ میرے ماں باپ اے امیر المومنینؑ آپ پر فدا اور قربان ہو جائیں آپ کو اللہ تعالیٰ کی کرامتیں خوشگوار ہوں، بتحقیق آپ کی پیدائش پاکیزہ تھی اور آپ کا صبر بہت قوی تھا اور آپ کا جہاد بہت عظیم و بزرگ تھا اور جس چیز کی آپ کو آرزو رہتی تھی اسے آپنے اب پالیا ہے اور بہت با منفعت آپ نے تجارت کی اور اپنے پروردگار کے پاس پہنچ گئے اسی

انہوں نے ابن محبوب سے اس نے علاء بن رزین سے اس نے عبد الرحمن ابن سیابہ سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا کہ حضرت صادق علیہ السّلام نے مجھے یہ دعا عنایت فرمائی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلِيِّ الْحَمْدِ وَاَهْلِهِ وَمُنْتَهَاهُ وَمَحَلِّهِ اَخْلَصَ مَنْ وَحَّدَهُ وَاهْتَدَى مَنْ عَبَدَهُ وَفَازَ مَنْ اَطَاعَهُ وَاَمِنَ الْمُعْتَصِمُ بِهِ اَللّٰهُمَّ يَا ذَا الْجُودِ وَالْمَجْدِ وَالثَّنَاءِ الْجَمِيلِ وَالْحَمْدِ اَسْئَلُكَ مَسْئَلَةَ مَنْ خَضَعَ لَكَ بِرَقَبَتِهِ وَرَغَمَ لَكَ اَنْفُهُ وَعَفَّرَ لَكَ وَجْهَهُ وَذَلَّلَ لَكَ نَفْسَهُ وَفَاضَتْ مِنْ خَوْفِكَ دُمُوعُهُ وَتَرَدَّدَتْ عَبْرَتُهُ وَاعْتَرَفَ لَكَ بِذُنُوبِهِ وَفَضَحَتْهُ عِنْدَكَ خَطِيئَتُهُ وَشَانَتْهُ عِنْدَكَ جَرِيرَتُهُ فَضَعُفَتْ عِنْدَ ذٰلِكَ قُوَّتُهُ وَقَلَّتْ حِيلَتُهُ

قسم کے کلمات کہہ رہے تھے اور بہت زیادہ گریہ کر رہے تھے اور وہاں کے حضرات کو رولا رہے تھے اور فی الحقیقت جناب امیر المومنین علیہ السلام کی قبر مبارک پر پہلی مجلس رات کی تاریکی میں منعقد ہوئی، کہ جس کے پڑھنے والے جناب صعصعہ بن صوحان تھے اور سامعین جناب امام حسن اور امام حسین علیہما السلام اور جناب محمد بن الحنفیہ اور جناب حضرت عباس علیہ السلام اور آپ کے دوسرے فرزند اور اصحاب خاص تھے اس کے بعد جناب امام حسن اور امام حسین علیہما السلام کی طرف متوجہ ہو کر انہیں والد ماجد کا پرسا اور تسلی دی اور کوفہ کی طرف واپس لوٹ آئے الحاصل مسجد صعصعہ بن صوحان کوفہ کے مساجد محترم میں سے ہے اور ایک جماعت نے رجب کے مہینے میں اسی مسجد میں جناب امام صاحب الزّمان کو دیکھا کہ آپ وہاں پر دو رکعت نماز بجا لا رہے تھے اور اس کے بعد یہ دعا پڑھ رہے تھے اَللّٰھُمَّ یَا ذَا الْمِنَنِ السَّابِغَةِ وَالْاٰلَآءِ الْوَازِعَةِ الخ دعاء آپ کے اس فعل سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ دعا اسی مسجد کے ساتھ خاص ہے جیسا کہ مسجد سہلہ اور مسجد زید کی دعائیں خاص ذکر ہوئی ہیں لیکن یہ بھی احتمال ہو سکتا ہے کہ چونکہ آپ کو رجب کے مہینے میں دیکھا گیا ہے تو ممکن ہے کہ یہ دعا رجب کے مہینوں کے دعاؤں میں سے ہو لہٰذا بہت علماء نے اسے رجب کے اعمال میں ذکر کیا ہے اور ہم نے بھی اس دعا کو رجب کے اعمال میں صـ۱۲۳ پر ذکر کیا ہے طالبین کو اسی صفحہ پر رجوع کر کے اسے پڑھنا چاہیئے۔

ساتویں فصل

جناب ابو عبد اللہ امام حسین علیہ السلام کی زیارت کی فضیلت اور ان آداب میں کہ جس کی زائرین کو علیت راستے میں اور حرم مطہّر میں کرنی چاہیئے اور زیارت کی کیفیّت میں ہے اور یہاں پر تین مقصد ہیں۔

پہلا مقصد۔ آنحضرتؑ کی زیارت کی فضیلت میں ہے

واضح رہے کہ امام حسین علیہ السلام کی زیارت کی فضیلت بیان کرنا احاطہ سے باہر ہے اور بہت کافی احادیث آئی ہیں کہ وہ حج اور عمرہ اور جہاد کے برابر ہے بلکہ اس سے بھی کئی درجہ افضل ہے اور مغفرت کا سبب ہے اور حساب و کتاب کی کمی اور درجات کی بلندی اور دعا کے قبول ہونے اور طول عمر اور حفظ بدن اور مال

وَانْقَطَعَتْ عَنْهُ اَسْبَابُ الْخَدَائِعِ وَاضْمَحَلَّ عَنْهُ كُلُّ بَاطِلٍ وَاَلْجَاَتْهُ ذُنُوبُهُ اِلٰى ذُلِّ مَقَامِهِ بَيْنَ يَدَيْكَ وَخُضُوعِهِ لَدَيْكَ وَابْتِهَالِهِ اِلَيْكَ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ سُؤَالَ مَنْ هُوَ بِمَنْزِلَتِهِ اَرْغَبُ اِلَيْكَ كَرَغْبَتِهِ وَ اَتَضَرَّعُ اِلَيْكَ كَتَضَرُّعِهِ وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ كَاَشَدِّ ابْتِهَالِهِ اَللّٰهُمَّ فَارْحَمِ اسْتِكَانَةَ مَنْطِقِي وَ ذُلَّ مَقَامِي وَمَجْلِسِي وَ خُضُوعِي اِلَيْكَ بِرَقَبَتِي اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ الْهُدٰى مِنَ الضَّلَالَةِ وَالْبَصِيرَةَ مِنَ الْعَمٰى وَالرُّشْدَ مِنَ الْغَوَايَةِ وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ اَكْثَرَ الْحَمْدِ عِنْدَ الرَّخَاءِ وَاَجْمَلَ الصَّبْرِ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ وَاَفْضَلَ الشُّكْرِ عِنْدَ مَوْضِعِ الشُّكْرِ وَالتَّسْلِيمَ عِنْدَ الشُّبُهَاتِ وَاَسْئَلُكَ الْقُوَّةَ فِي طَاعَتِكَ

اور روزی کا زیادہ ہونا اور حاجات کا پورا ہونا اور ہم اور غم کے دور ہونے کا موجب ہے اور آپ کی زیارت کا ترک کرنا دین اور ایمان کے نقص اور ایک بہت بڑے حق کے چھوڑنے کا موجب ہے جو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق میں سے ہے۔ کم از کم ثواب جو آپ کے زائر کو پہنچتا ہے وہ یہ ہے کہ اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اس کی جان اور مال کی اس وقت تک حفاظت فرماتا ہے جب تک وہ اپنے اہل وعیال کی طرف لوٹ نہ آئے اور جب قیامت کا دن ہوگا تو خداوند عالم اس کی حفاظت دنیا کی نسبت بہت زیادہ کرے گا بہت کافی روایات میں ہے کہ آپ کی زیارت غم کو دور کرتی ہے اور جان کنی کی سختی اور قبر کی ہولناکیوں کو دور کرتی ہے اور وہ مال جو آپ کی زیارت کے راستے میں خرچ کرتا ہے اس کے لئے ہر درہم کے عوض ہزار درہم بلکہ دس ہزار درہم لکھا جاتا ہے اور جب زائر آپ کی قبر مبارک کی طرف روانہ ہوتا ہے تو اس کے استقبال کے لئے چار ہزار فرشتے آتے ہیں اور جب واپس لوٹتا ہے تو اسے چھوڑنے کے لئے اتنے فرشتے اس کی مشایعت کرتے ہیں اور آپ کی زیارت کے لئے تمام پیغمبر اور وصی اور دیگر ائمہ معصومین اور ملائکہ آتے ہیں اور آپ کے زائروں کے لئے دعا کرتے ہیں اور ان کو بشارت دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ امام حسین علیہ السلام کے زائرین کی طرف نظرِ رحمت عرفات کے مقام میں رہنے والوں سے پہلے ڈالتا ہے اور قیامت کے دن ہر شخص ان کرامات اور بزرگی کی وجہ سے جو امام حسین علیہ السلام کے زائرین کے لئے دیکھے گا یہی خواہش کرے گا کہ کاش میں بھی آپ کے زائرین سے ہوتا۔ اس بارے میں روایات بہت زیادہ ہیں ہم آپ کی مخصوص زیارات کی فضیلت بیان کرنے کے وقت بعض کی طرف اشارہ کریں گے اور فعلاً ہم ایک روایت یہاں نقل کرتے ہیں۔

ابن قولویہؒ اور کلینی اور سید بن طاؤس وغیرہ معتبر سند سے ثقہ جلیل القدر معاویہ بن وہب بجلی کوفی سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا کہ میں ایک وقت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے آپ کو اپنے مصلے پر نماز میں مشغول دیکھا۔ میں بیٹھا رہا یہاں تک کہ آپ نماز سے فارغ ہوگئے میں نے سنا کہ آپ اپنے پروردگار سے مناجات فرما رہے تھے اور کہتے تھے کہ اے پروردگار تو نے ہمیں اپنی کرامات کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے اور وعدہ دیا ہے کہ ہم شفاعت

وَالضَّعْفَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَالْهَرَبَ إِلَيْكَ مِنْكَ وَالتَّقَرُّبَ إِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضَى وَالتَّحَرِّيَ لِكُلِّ مَا يُرْضِيكَ عَنِّي فِي إِسْخَاطِ خَلْقِكَ الْتِمَاسًا لِرِضَاكَ رَبِّ مَنْ أَرْجُوهُ إِنْ لَمْ تَرْحَمْنِي أَوْ مَنْ يَعُودُ عَلَيَّ إِنْ أَقْصَيْتَنِي أَوْ مَنْ يَنْفَعُنِي عَفْوُهُ إِنْ عَاقَبْتَنِي أَوْ مَنْ آمُلُ عَطَايَاهُ إِنْ حَرَمْتَنِي أَوْ مَنْ يَمْلِكُ كَرَامَتِي إِنْ أَهَنْتَنِي أَوْ مَنْ يَضُرُّنِي هَوَانُهُ إِنْ أَكْرَمْتَنِي رَبِّ مَا أَسْوَأَ فِعْلِي وَأَقْبَحَ عَمَلِي وَأَقْسَى قَلْبِي وَأَطْوَلَ أَمَلِي وَأَقْصَرَ أَجَلِي وَأَجْرَأَنِي عَلَى عِصْيَانِ مَنْ خَلَقَنِي رَبِّ وَمَا أَحْسَنَ بَلَاءَكَ عِنْدِي وَأَظْهَرَ نَعْمَاءَكَ عَلَيَّ كَثُرَتْ عَلَيَّ مِنْكَ النِّعَمُ فَمَا أُحْصِيهَا وَقَلَّ مِنِّي الشُّكْرُ فِيمَا أَوْلَيْتَنِيهِ فَبَطِرْتُ

کریں گے اور ہمیں علوم رسالت عنایت فرمائے ہیں اور پیغمبروں کا وارث ہمیں فرمایا ہے اور ہم پر امت سابقہ کو ختم کر دیا ہے اور ہمیں اپنے پیغمبر کا وصی بنایا ہے اور گذشتہ اور آئندہ کا ہمیں علم عنایت فرمایا ہے اور لوگوں کے دلوں کو ہماری طرف مائل فرمایا ہے۔ مجھے اور میرے بھائیوں اور امام حسین علیہ السلام کی قبر کے زائروں کو بخش دے اور ان لوگوں کو بخش دے جنہوں نے اپنے مال کو خرچ کیا ہے اور اپنے شہروں کو ہم سے نیکی طلب کرنے کے لئے اور تجھ سے ثواب حاصل کرنے کے لئے اور ہم سے وصلت اور تیرے پیغمبر کو خوشنود کرنے کے لئے اور ہمارے حکم کی اطاعت کے لئے چھوڑ کر آپ کی زیارت کو آئے ہیں کہ جن کی وجہ سے ہمارے دشمن ان کے دشمن ہو گئے اور حالانکہ وہ اس میں تیرے پیغمبر کو خوشنود کرنا چاہتے تھے، یا اللہ تو ہی ان کو اس کا بدلہ ہماری طرف سے خوشنودی کا عنایت فرما اور ان کو دن اور رات میں حفظ فرما اور ان کے اہل و اولاد کا خود نگہبان رہنا کہ جنہیں وہ اپنے وطنوں میں چھوڑ کر آرہے ہیں، ان کا ساتھ دینا اور ہر جابر اور دشمن کے شر کو اور ہر کمزور اور قوی اور جن اور انس کے شر کو ان سے دور کرنا۔ اور ان کو اس سے زیادہ عنایت فرمانا جو آپ سے وہ امید رکھتے ہیں جب وہ اپنے وطن کو اور اہل و عیال اور اولاد کو ہمارے لئے چھوڑ کر آرہے تھے اے خدا ہمارے دشمن ان کی ملامت کر رہے تھے جب وہ ہماری طرف آرہے تھے، انہیں ان کی ملامت نے اور مخالفت نے ہماری طرف آنے سے نہیں روکا (اور وہ آئے) خدایا ان چہروں پر کہ جنہیں سورج کی گرمی نے سفروں میں متغیر کر دیا ہے اور ان رخساروں پر کہ جو امام مظلوم حسین علیہ السلام کی قبر مبارک کیلئے جا رہے تھے اپنا رحم فرما۔ اور ان آنکھوں پر جو ہم پر رو رہی ہیں رحم فرما اور رحم فرما ان دلوں پر جو ہماری مصیبت کی وجہ سے جزع اور فزع کر رہے ہیں اور ہمارے درد میں جل رہے ہیں اور ان آہ و فغاں پر رحم کر جو ہماری مصیبت میں بلند ہیں۔ خدایا ان جانوں اور بدنوں کو میں تیرے سپرد کر رہا ہوں۔ تاکہ تو انہیں حوض کوثر سے سیراب فرمائے جبکہ لوگ تشنہ ہوں گے۔ آپ اس قسم کی متصل دعا سجدہ میں فرماتے رہے۔ جب آپ فارغ ہوئے تو میں نے عرض کی کہ جو دعا آپ فرما رہے تھے اگر اس شخص کے حق میں بھی کی جاتی جو اللہ تعالیٰ کو نہ جانتا ہو تو بھی مجھے گمان یہ ہونے لگا تھا کہ اسے جہنم کی آگ کبھی نہ چھوئے گی۔ قسم بخدا میں نے آرزو کی کہ میں نے بھی جناب امام حسین

بِالنِّعَمِ وَتَعَرَّضْتُ
لِلنِّقَمِ وَسَهَوْتُ عَنِ
الذِّكْرِ وَرَكِبْتُ
الْجَهْلَ بَعْدَ الْعِلْمِ وَ
جُزْتُ مِنَ الْعَدْلِ إِلَى
الظُّلْمِ وَجَاوَزْتُ الْبِرَّ
إِلَى الْإِثْمِ وَصِرْتُ إِلَى
اللَّهْوِ مِنَ الْخَوْفِ وَالْحُزْنِ
فَمَا أَصْغَرَ حَسَنَاتِي وَأَقَلَّهَا
فِي كَثْرَةِ ذُنُوبِي وَأَعْظَمَهَا
عَلَى قَدْرِ صِغَرِ خَلْقِي
وَضَعْفِ رُكْنِي رَبِّ
وَمَا أَطْوَلَ أَمَلِي فِي قِصَرِ
أَجَلِي وَأَقْصَرَ أَجَلِي فِي
بُعْدِ أَمَلِي وَمَا أَقْبَحَ
سَرِيرَتِي فِي عَلَانِيَتِي رَبِّ
لَا حُجَّةَ لِي إِنِ احْتَجَجْتُ وَلَا
عُذْرَ لِي إِنِ اعْتَذَرْتُ
وَلَا شُكْرَ عِنْدِي إِنِ
ابْتُلِيتُ وَأُولِيتُ إِنْ
لَمْ تُعِنِّي عَلَى شُكْرِ
مَا أُولِيتُ رَبِّي مَا أَخَفَّ
مِيزَانِي غَدًا إِنْ لَمْ تُرَجِّحْهُ
وَأَزَلَّ لِسَانِي إِنْ لَمْ تُثَبِّتْهُ
وَأَسْوَدَ وَجْهِي إِنْ لَمْ تُبَيِّضْهُ

علیہ السلام کی زیارت کی ہوتی اور حج کو نہ گیا ہوتا تو آپ نے فرمایا کہ تو تو جناب امام حسینؑ کی قبر کے نزدیک رہتا ہے تجھے ان کی زیارت کرنے سے کون سا مانع ہے اے معاویہ تو آنحضرت کی زیارت کو ترک نہ کیا کر۔ میں نے عرض کی کہ میں آپ پر فدا ہو جاؤں۔ میں یہ نہیں جانتا تھا کہ آپ کی زیارت کی اتنی فضیلت ہے آپ فرمانے لگے، اے معاویہ، جو لوگ امام حسین علیہ السلام کے زائروں کے لئے زمین میں دعا کرتے ہیں ان سے کہیں زیادہ مخلوق ہے جو ان کے لئے آسمان میں دعا کرتی ہے، اے معاویہ۔ آپ کی زیارت کو کسی کے خوف کی وجہ سے ترک نہ کیا کر کیونکہ جو شخص کسی کے خوف کی وجہ سے آپ کی زیارت ترک کرے گا اسے اتنی حسرت اور ندامت ہوگی کہ وہ آرزو کرے گا کہ میں تو آپ کی قبر مبارک کے پاس رہتا کہ وہیں پر دفن ہوتا۔ آیا تجھے یہ پسند نہیں کہ خداوند عالم تجھے ان لوگوں کے درمیان دیکھے کہ جن کے لئے جناب رسول خداصلعم اور علی علیہم السلام اور فاطمہ زہرا علیہا السلام اور آئمہ معصومین علیہم السلام دعا کر رہے ہوں، آیا تو نہیں چاہتا، کہ تو ان لوگوں سے ہو کہ جن سے قیامت کے دن ملائکہ مصافحہ کریں۔ آیا۔ تو نہیں چاہتا کہ تو ان لوگوں سے ہو کہ جو قیامت کے دن آئیں اور ان پر کوئی گناہ نہ ہو۔ آیا تو نہیں چاہتا کہ تو ان لوگوں سے ہو کہ جن سے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت کے دن مصافحہ کریں گے۔

دوسرا مقصد

زیارت کرنے والے کے آداب میں ہے کہ جن کی رعایت زائرین کو راستے میں اور حرم مطہر میں کرنی چاہیئے اور وہ چند ایک چیزیں ہیں، پہلی زیارت کے لئے جانے سے پہلے تین دن روزہ رکھے اور تیسرے دن غسل کرے جیسا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس کا دستور دیا ہے اور جس کا ذکر ساتویں زیارت کے ذیل میں آئے گا۔ شیخ محمد بن المشہدی رحمۃ اللہ علیہ نے عیدین کی زیارت کے مقدمہ میں ذکر فرمایا ہے کہ جب زیارت کے جانے کا ارادہ کرے تو پہلے تین دن روزہ رکھے اور تیسرے دن غسل بجا لائے اور اپنے اہل و عیال کو اپنے پاس اکٹھا کر کے یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَوْدِعُكَ الْيَوْمَ نَفْسِیْ وَ اَهْلِیْ وَمَالِیْ وَوُلْدِیْ وَكُلَّ مَنْ كَانَ مِنِّیْ بِسَبِيْلٍ الشَّاهِدَ مِنْهُمْ وَالْغَائِبَ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا بِحِفْظِكَ بِحِفْظِ الْاِيْمَانِ وَاحْفَظْ عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا فِیْ حِرْزِكَ وَلَا تَسْلُبْنَا

دنیا اور آخرت کی دعائیں

رَبِّ كَيْفَ لِیْ بِذُنُوْبِیَ الَّتِیْ سَلَفَتْ مِنِّیْ قَدْ هَدَّتْ لَهَا اَرْكَانِیْ رَبِّ كَيْفَ اَطْلُبُ شَهَوَاتِ الدُّنْيَا وَاَبْكِیْ عَلٰی خَيْبَتِیْ فِيْهَا وَلَا اَبْكِیْ وَ تَشْتَدُّ حَسْرَتِیْ عَلٰی عِصْيَانِیْ وَتَفْرِيْطِیْ رَبِّ دَعَتْنِیْ دَوَاعِی الدُّنْيَا فَاَجَبْتُهَا سَرِيْعًا وَرَكَنْتُ اِلَيْهَا طَائِعًا وَدَعَتْنِیْ دَوَاعِی الْاٰخِرَةِ فَتَثَبَّطْتُ عَنْهَا وَاَبْطَاْتُ فِی الْاِجَابَةِ وَالْمُسَارَعَةِ اِلَيْهَا كَمَا سَارَعْتُ اِلٰی دَوَاعِی الدُّنْيَا وَحُطَامِهَا الْهَامِدِ وَ هَشِيْمِهَا الْبَائِدِ وَسَرَابِهَا الذَّاهِبِ رَبِّ خَوَّفْتَنِیْ وَشَوَّقْتَنِیْ وَاحْتَجَجْتَ عَلَیَّ بِرِقِّیْ وَكَفَلْتَ لِیْ بِرِزْقِیْ فَاٰمَنْتُ خَوْفَكَ وَتَثَبَّطْتُ عَنْ تَشْوِيْقِكَ وَلَمْ اَتَّكِلْ عَلٰی ضَمَانِكَ وَتَهَاوَنْتُ بِاحْتِجَاجِكَ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ اَمْنِیْ مِنْكَ

فِیْ ھٰذِہِ الدُّنْیَا خَوْفًا
وَحَوْلَ تَثَبُّطِیْ شَوْقًا وَّھَا
وَفِیْ مَحَبَّتِکَ فَرَقًا مِّنْکَ
ثُمَّ رَضِّنِیْ بِمَا قَسَمْتَ
لِیْ مِنْ رِّزْقِکَ یَا کَرِیْمُ
اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ
رِضَاکَ عِنْدَ السُّخْطَۃِ
وَالْفُرْجَۃَ عِنْدَ الْکُرْبَۃِ
وَالنُّوْرَ عِنْدَ الظُّلْمَۃِ
وَالْبَصِیْرَۃَ عِنْدَ تَشَبُّہِ
الْفِتْنَۃِ رَبِّ اجْعَلْ
جُنَّتِیْ مِنْ خَطَایَایَ
حَصِیْنَۃً وَّدَرَجَاتِیْ
فِی الْجِنَانِ رَفِیْعَۃً وَّاَعْمَالِیْ
کُلَّھَا مُتَقَبَّلَۃً وَّحَسَنَاتِیْ
مُضَاعَفَۃً زَاکِیَۃً
اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفِتَنِ
کُلِّھَا مَا ظَھَرَ مِنْھَا
وَمَا بَطَنَ وَمِنْ رَّفِیْعِ
الْمَطْعَمِ وَالْمَشْرَبِ وَ
مِنْ شَرِّ مَا اَعْلَمُ وَمِنْ
شَرِّ مَا لَا اَعْلَمُ وَاَعُوْذُبِکَ
مِنْ اَنْ اَشْتَرِیَ الْجَھْلَ
بِالْعِلْمِ وَالْجَفَاءَ بِالْحِلْمِ

نِعْمَتَکَ وَلَا تُغَیِّرْ مَا بِنَا مِنْ نِّعْمَۃٍ وَّعَافِیَۃٍ وَّزِدْنَا مِنْ فَضْلِکَ اِنَّا اِلَیْکَ رَاغِبُوْنَ اور اس کے بعد اپنے
گھر سے بہت خضوع اور خشوع سے نکلے اور یہ بہت زیادہ پڑھتا جائے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ اور اللہ تعالیٰ کی ثنا اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی آل پر درود بھیجتا ہوا بہت
وقار اور آرام کے ساتھ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے ہوئے روانہ ہو۔ روایت میں ہے کہ خداوند عالم امام
حسین علیہ السلام کی قبر کے زائر کے ہر پسینے کے قطرہ سے ہزار فرشتہ خلق فرماتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی تسبیح
اور اس شخص کے لئے اور ہر زائر کے لئے قیامت کے ہونے تک استغفار کرتے ہیں۔ دوسرے امام جعفر
صادق علیہ السّلام سے مروی ہے کہ جب امام حسین علیہ السّلام کی زیارت کے لئے جائے تو آنحضرت کی
زیارت اس حالت میں کرے کہ تیرے سر کے بال پریشان اور غبار آلودہ ہوں اور تو محزون اور غمناک
اور بھوکا پیاسہ ہو کیونکہ آنجناب اسی حالت میں شہید کئے گئے تھے اپنی حاجات کو وہاں طلب کرے
اور پھر اپنے وطن کو لوٹ آئے اور کربلا کو اپنا وطن قرار نہ دے۔ تیسرے زیارت کے سفر میں لذیذ
غذائیں، بریانی، حلوہ، مرغ وغیرہ اپنا زادراہ قرار نہ دے۔ بلکہ اپنی غذا روٹی دودھ دہی وغیرہ جیسی معمولی غذا
قرار دے۔ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ میں سن رہا ہوں کہ
ایک گروہ امام حسین علیہ السّلام کی زیارت کے لئے جاتے ہیں اور اپنے ساتھ ایسے دسترخوان لے جاتے
ہیں کہ جن میں بکرے کی ران بھونی ہوئی اور حلوہ ہوتا ہے حالانکہ جب یہی لوگ اپنے باپ یا دوستوں
کی قبروں پر جاتے ہیں تو ایسا اہتمام نہیں کرتے ایک اور معتبر حدیث میں ہے کہ آنحضرت نے مفضل بن
عمر کو فرمایا کہ امام حسین علیہ السّلام کی زیارت کرنے سے بہتر یہ ہے کہ آپ کی زیارت نہ کرو اور فرمایا
کہ امام حسین علیہ السّلام کی زیارت نہ کرنا آپ کی زیارت کرنے سے بہتر ہے۔ مفضل کہتا ہے کہ میں نے
عرض کی، کہ حضور آپ نے تو میری کمر توڑ دی ہے۔ تو آپ نے فرمایا قسم بخدا، اگر تم اپنے باپ دادا کی قبر
کو جاؤ تو حالت غم واندوہ میں جاتے ہو اور امام مظلوم کی زیارت کے لئے اپنے ساتھ بہترین غذائیں لیکر
جاتے ہو حالانکہ تمہیں پریشان حال خاک آلودہ حالت میں جانا چاہیئے۔ مؤلف کہتا ہے کہ مال دار آدمی کو
کتنا ہی لائق اور سزاوار ہے کہ وہ اس حدیث کا مطالعہ کرے اور کربلا معلیٰ اور اس کے راستہ میں جب
ان کے دوست ان کی مہمانی کریں اور عمدہ قسم کی غذائیں اور خوراک ان کے سامنے رکھیں تو انہیں

اسے قبول نہیں کرنا چاہیئے اور کہہ دینا چاہیئے، کہ ہم تو کربلا کے مسافر ہیں ہمیں اس قسم کی غذائیں لائق نہیں، شیخ کلینی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے بعد آپ کی زوجہ مبارکہ کلبیہ نے امام مظلوم کا ماتم برپا کیا اور خود بھی روئی اور دوسری عورتوں کو اور خدمت گاروں کو رلایا۔ یہاں تک کہ آنکھوں سے آنسو خشک ہوگئے اور آنسو آنے رک گئے ایک دفعہ اس مخدرہ کے لئے جونی جو ایک قسم کا حلال پرندہ ہے کسی نے ھدیہ بھیجا تا کہ اس کے کھانے سے انہیں کچھ قوت و طاقت امام حسین علیہ السلام پر رونے کے لئے پیدا ہوجائے۔ جب اس مخدرہ نے اسے دیکھا۔ تو فرمایا کہ یہ کیا ہے۔ کہا گیا یہ ہدیہ ہے جو فلاں نے آپ کے لئے بھیجا ہے کہ آپ کھائیں اور اس کی وجہ سے ماتم امام حسین علیہ السلام اور اس پر رونے کی آپ میں قوّت حاصل ہو۔ تو آپ نے فرمایا کہ ہم کوئی شادی میں تو مشغول نہیں کہ اس قسم کے کھانے کھائیں، آپ نے حکم دیا کہ اسے گھر سے باہر لے جائیں۔ چوتھے زیارت کے سفر میں مستحب ہے کہ انسان تواضع اور فروتنی اور خشوع اور عبد ذلیل کی طرح راستہ طے کرے، پس جو انسان آج کل موجودہ وسائل کے ساتھ ہوائی جہاز یا ریل گاڑی وغیرہ پر سوار ہو کر جو بہت تیز رفتار میں جاتے ہیں انہیں بہت خیال رکھنا چاہیئے کہ وہ تکبّر دوسرے زائرین پر نہ کریں جو بہت سختی اور مشقت کے ساتھ کربلا معلی جاتے ہیں اور انہیں حقارت کی نگاہ سے نہ دیکھیں اور اپنی بڑھائی اور بزرگی کا خیال نہ کریں۔ علمائے کرام نے اصحاب کہف کے حالات میں نقل کیا ہے کہ وہ دقیانوس کے خواص اور وزراء سے تھے، جب اللہ تعالیٰ کی رحمت انکے شامل ہوتی تو وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اپنی اصلاح کی طرف متوجہ ہوئے اور اپنی مصلحت اسی میں دیکھی کہ لوگوں سے کنارہ کشی کرتے ہوئے ایک غار میں اپنا مقام قرار دیں اور وہاں اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول رہیں پس وہ گھوڑوں پر سوار ہو کر شہر سے باہر نکل آئے اور جب تین میل شہر سے دور نکل گئے تو ہاں میں ایک جن کا نام مبارک تملیخا تھا اس نے اپنے دوستوں سے کہا کہ اے میرے بھائیو، دنیا کی شاہی چلی گئی اور آخرت کی منزل آپہنچی اپنے گھوڑوں سے اترو اور پاؤں پیادہ اللہ تعالیٰ کی طرف چلو، شاید اللہ تعالیٰ تم پر اپنا رحم و کرم کرے اور تمہارے لئے کشائش نصیب فرمائے۔ پس تمام گھوڑوں سے اُتر پڑے اور اس دن انہوں نے سات فرسخ

وَالْجَوْرَ بِالْعَدْلِ وَالْقَطِيعَةَ بِالْبِرِّ وَالْجَزَعَ بِالصَّبْرِ وَالْهُدٰى بِالضَّلَالَةِ وَالْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ

مؤلف کہتا ہے کہ یہ دعا مضامین عالیہ پر مشتمل اور عبدالرحمٰن ابن سیابہ وہی شخص ہے کہ جس کو حضرت صادق علیہ السلام نے ایک وصیّت نافعہ فرمائی کہ جس کا نقل کرنا اس جگہ بہتر ہے اور وہ اس طرح ہے کہ عبدالرحمن نقل کرتا ہے کہ جب میرا باپ سیابہ وفات پاگیا تو ایک شخص اس کے دوستوں میں سے آیا اور ہمارے گھر کے دروازے کو دستک دی میں اس کے پاس گیا تو اس نے مجھے تعزیت دی پھر پوچھا کہ تیرا باپ تمہارے لئے کوئی چیز چھوڑ گیا ہے میں نے کہا کہ نہیں تو اس نے ایک ہزار درہم کی تھیلی جو

راستہ پیدل طے کیا یہاں تک کہ ان کے پاؤں زخمی ہوگئے اور ان سے خون جاری ہونے لگا، پس امام حسین علیہ السلام کے زائروں کو اس مطلب کی طرف متوجہ رہنا چاہیئے اور یہ سمجھیں کہ جس قدر اس راستے میں تواضع کریں گے وہ ان کی رفعت اور بلندی کا موجب ہوگی۔ لہٰذا امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے آداب میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو شخص امام مظلوم کی زیارت پا پیادہ جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر قدم پر ایک ہزار نیکی لکھے گا اور ایک ہزار اس کے گناہ مٹا دے گا اور ایک ہزار اس کے درجے جنت میں بلند فرمائے گا اور جب فرات کی نہر پر پہنچے وہاں غسل کرے اور وہاں سے ننگے پاؤں جوتے ہاتھ میں لئے ہوئے بندہ ذلیل کی طرح حرم مطہر کی طرف روانہ ہو۔ پانچویں اگر راستے میں دیکھے کہ امام حسین علیہ السلام کے زائر راستے میں تھک چکے ہیں یا رہ گئے ہیں تو ان کی جتنا ہو سکے مدد اور امداد کرے اور ان کو کسی منزل تک پہنچانے کی کوشش کرے اور خبردار کہ ان کی ذلت یا ان سے بے پرواہی برتے۔ شیخ کلینی رحمۃ اللہ علیہ نے معتبر سند سے ابو ہارون سے روایت کی ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا کہ آپ نے ایک آدمی سے جو آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا فرمایا کہ تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم ہماری استخفاف یعنی بے اعتنائی کرتے ہو۔ ان میں سے ایک آدمی جو خراسان کا رہنے والا تھا کھڑا ہوگیا اور عرض کی کہ ہم اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگتے ہیں کہ ہم آپ کا یا آپ کے حکم کا استخفاف و بے اعتنائی کریں آپ نے فرمایا، ہاں، تو ہی ایک ان لوگوں میں سے ہے کہ جس نے مجھے معمولی سمجھا اور خوار کیا، اس نے کہا کہ میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ میں نے آپ کو خوار کیا ہو آپ نے فرمایا تجھ پر ویل ہو، کیا تم ہی نہیں تھے کہ جب ہم جحفہ کے نزدیک پہنچے تو ایک آدمی نے تم سے کہا کہ مجھے ایک میل تک سوار کر کے لے جاؤ کہ میں قسم بخدا تھک چکا ہوں قسم بخدا تو نے اس کو سر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا اور معمولی سمجھتے ہوئے اس سے بے اعتنائی کی اور چلے گئے جو شخص کسی مومن کو خوار اور ذلیل کرے وہ ہمیں خوار اور ذلیل کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے احترام کو ضائع اور برباد کرتا ہے۔ مؤلف کہتا ہے کہ ہم نے نانویں آداب میں ایک روایت جو علی بن یقطین کی ہے ص پر ذکر کی ہے جو اس مقام سے مناسبت رکھتی ہے۔ اسے پڑھے کہ اس میں بہت اچھی نصیحت ہے یہ ادب جو ہم نے ابھی ذکر کیا ہے اگرچہ امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے آداب کے ساتھ خاص نہیں، لیکن

اس کے پاس تھی مجھے دی اور کہا کہ اس کی اچھی حفاظت کر اور اس سے کسب معاش کر میں خوش ہوگیا اور اسے اپنی ماں کے پاس لے گیا اور اس کو اس واقعہ کی خبر دی پھر اس دن کے آخر میں اپنے باپ کے ایک دوست کے پاس گیا تاکہ وہ میرے لئے کوئی کسب مہیا کرے اس نے میرے سرمائے کے لئے سابری کپڑے خرید کئے پھر میں ایک دوکان میں بیٹھ گیا اور مشغول کسب ہوا تو خداوند عالم نے مجھے اس کسب سے بہت اچھی روزی دی جب حج کا وقت آیا تو میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ میں حج کو جاؤں میں اپنی ماں کے پاس گیا اور اس سے کہا کہ میں حج پر جانا چاہتا ہوں میری ماں کہنے لگی کہ پہلے اس شخص

چونکہ اکثر اس کا تعلق اس سفر میں بھی ہوتا ہے لہٰذا ہم نے اسے یہاں ذکر کیا ہے، چھٹے جلیل القدر ثقہ محمد بن مسلم سے مروی ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السّلام کی خدمت میں عرض کی کہ جب ہم آپ کے والد بزرگوار جناب امام حسین علیہ السّلام کی زیارت کو جائیں تو کیا ایسا نہیں کہ گویا ہم حج میں ہیں، آپ نے فرمایا کہ ہاں ایسا ہی ہے، تو میں نے کہا کہ ہم پر وہی ضروری ہے جو حج میں ہوتا ہے۔ تو آپ نے فرمایا کہ تم پر لازم ہے کہ جو آپ کا ساتھی ہو اس کے ساتھ اچھی رفاقت برتو اور تم کوئی بات سوائے اچھائی کے اور یادِ خدا کے نہ کرو اور تمہارے لباس کو پاکیزہ ہونا چاہیئے اور حرم میں جانے سے پہلے غسل بجا لائے اور خضوع اور خشوع کے ساتھ جائے اور نماز زیادہ پڑھے اور بہت درود اور صلوات محمد و آلِ محمد علیہم السلام پر بھیجے اور اپنے آپ کو ان چیزوں سے روکے رکھے جو تمہیں لائق اور سزاوار نہیں اور اپنی آنکھوں کو حرام اور شبہ ناک چیزوں سے نیچے رکھے اور پریشان حال اپنے مومن بھائی کے ساتھ احسانات کرے اور اگر کسی کے مصارف ختم ہو چکے ہوں تو اس کی امداد اور دستگیری کرے اور اپنے مصارف میں سے اپنے اور اس کے درمیان تقسیم کر دے، اور تمہیں تقیہ کرتے رہنا چاہیئے کیونکہ دین کا قوام تقیہ میں ہے اور جن چیزوں سے خداوند عالم نے روکا ہے ان سے بچتا رہے اور قسم نہ کھائے اور کسی سے جھگڑا وغیرہ نہ کرے کہ جس میں تمہیں قسم کھانے کی ضرورت پڑے اور اگر تم ان چیزوں پر عمل کرو تو تمہیں حج اور عمرہ کا ثواب کامل ملے گا اور تم کو اس ذات سے ثواب ملے گا کہ جس کے لئے تم نے اپنے مال کو خرچ کیا ہے اور اپنے اہل و عیال سے دور ہوئے ہو اور وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں اپنی رحمت اور خوشنودی عنایت فرمائے گا۔ ساتویں ابو حمزہ ثمالی رحمۃ اللہ علیہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے امام حسین علیہ السّلام کی زیارت کے باب میں نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جب نینوا یعنی کربلا معلّیٰ پہنچے تو اپنے سامان کو وہاں اتار دے اور تیل اور سرمہ نہ لگائے اور گوشت جب تک وہاں رہے نہ کھائے، آٹھویں فرات کے پانی سے غسل کرے کیونکہ بہت کافی روایات اس کی فضیلت میں وارد ہوئی ہیں، امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک حدیث میں منقول ہے کہ جو شخص فرات کے پانی سے غسل کر کے امام حسین علیہ السلام کی قبر مبارک کی زیارت کرے تو گناہوں سے ایسے خالی ہو گا جیسا کہ وہ جس دن ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا، اگرچہ اس پر کبیرہ گناہ بھی کیوں نہ ہوں۔ روایت میں ہے کہ آپ کی خدمت میں عرض

کے ہزار درہم ادا کر عبدالرحمٰن کہتا ہے کہ میں نے اس شخص کے پیسے مہیا کئے اور جب اس کو جا کر دے دیئے تو وہ شخص بہت خوش ہوا جیسے کہ میں نے اسے پیسے بخشے ہیں سو وہ کہنے لگا کہ شاید یہ پیسے تیرے لئے کہ تجھے اگر تو چاہے اور دے دوں میں نے کہا کہ نہیں میرے دل میں خیال پیدا ہوا ہے کہ میں حج پر مشرف ہوں اور میں نے چاہا ہے کہ آپ کے پیسے آپ کو واپس کر دوں پس میں مکہ شریف میں گیا اور حج بجا لانے کے بعد مدینہ شریف کی طرف پلٹا اور کچھ لوگوں کے ساتھ حضرت صادق علیہ السلام کی خدمت میں مشرف ہوا ان اوقات میں آنحضرت اذن عام دیتے تھے میں لوگوں کے آخر میں بیٹھ گیا میں ان دنوں جوان تھا پس لوگوں

کیا گیا کہ ہم بسا اوقات زیارت امام حسین علیہ السلام کو جاتے ہیں لیکن غسل کرنے پر سردی وغیرہ کی وجہ سے قادر نہیں ہوتے تو آپ نے فرمایا کہ جو شخص فرات کے پانی سے غسل کرے اور امام حسین علیہ السلام کی زیارت بجالائے تو اس کے لئے اتنا ثواب لکھا جائے گا کہ جو گننے میں نہیں آسکتا۔ بشیر دھان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص امام حسین علیہ السلام کی زیارت کو جائے اور فرات سے غسل اور وضو کرے تو جتنے قدم بھی وہاں سے اٹھا کر قبر مبارک تک رکھتے ہوئے آئے گا خداوند عالم اس کے لئے ہر ایک قدم پر حج اور عمرہ کا ثواب لکھے گا۔ بعض روایات میں ہے کہ فرات کے اس حصہ سے غسل کرے جو جناب امام حسین علیہ السلام کی قبر مبارک کے مقابل ہے اور بہتر یوں ہی ہے جیسا کہ بعض روایات سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ جب فرات پر پہنچے تو سو دفعہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور سو دفعہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور سو دفعہ صلوات محمد و آل محمد پر پڑھے۔ نانویں جب حائر یعنی روضۂ اقدس کے اندر جانا چاہے تو جو مشرق کی طرف سے دروازہ ہے اس سے داخل ہو جیسا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے یوسف کناسی کو اس کا حکم دیا تھا۔ دسویں ابن قولویہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے مفضل بن عمر رحمۃ اللہ علیہ کو فرمایا کہ اے مفضل جب امام حسین علیہ السلام کے روضہ مبارکہ کے دروازے پر پہنچے تو یہ کلمات پڑھنا کہ تجھے ہر کلمہ کے مقابل اللہ تعالیٰ کی رحمت پہنچے گی اور وہ کلمات یہ ہیں

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ آدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَلِيٍّ وَصِيِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ الْحَسَنِ الرَّضِيِّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الشَّهِيْدُ الصِّدِّيْقُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْوَصِيُّ الْبَارُّ التَّقِيُّ اَلسَّلَامُ عَلَى الْاَرْوَاحِ الَّتِيْ حَلَّتْ بِفِنَائِكَ وَاَنَاخَتْ بِرَحْلِكَ اَلسَّلَامُ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اللّٰهِ الْمُحْدِقِيْنَ بِكَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَعَبَدْتَ اللّٰهَ مُخْلِصًا حَتّٰى اَتٰىكَ الْيَقِيْنُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اس کے بعد قبر مبارک کی طرف روانہ ہووے اور چھوٹے چھوٹے قدم رکھے تاکہ تجھے اس شخص

نے آنحضرت سے سوال کرنا شروع کیا اور وہ جناب ان کو جواب دیتے تھے اور وہ لوگ چلے جاتے تھے یہاں تک مجمع کم ہو گیا تو آنحضرت نے میری طرف اشارہ کیا تو میں آنجناب کے نزدیک ہو گیا فرمایا کیا تیری کوئی حاجت ہے میں نے کہا آپ پر قربان ہو جاؤں میں عبدالرحمٰن سیابہ کا بیٹا ہوں حضرت نے میرے باپ کے حالات پوچھے میں نے عرض کیا کہ وہ فوت ہو گئے ہیں۔ (فتوجّع و ترحّم) یعنی حضرت محزون و غمگین ہوئے گویا کہ آپ کو کوئی درد عارض ہوا ہے اور فرمایا خدا اس پر رحمت کرے پھر پوچھا کیا کچھ ترکہ چھوڑ گیا تھا میں نے کہا کہ نہیں، فرمانے لگے پس تو کیسے حج پر آگیا ہے تو میں نے اس شخص کے آنے اور ہزار درہم دینے

جیسا ثواب ملے کہ جو اللہ کے راستے میں اپنے خون میں غلطان ہو اور جب قبرِ مبارک کے نزدیک پہنچے تو اپنے ہاتھوں کو قبرِ مبارک پر ملے اور یہ کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّۃَ اللّٰہِ فِیْ اَرْضِہٖ وَ سَمَآئِہٖ اس کے بعد نماز پڑھنے لگ جائے اور ہر ایک رکعت جو تو اس حضرت کے پاس پڑھے گا تو اس کا ثواب ہزار حج اور عمرہ اور ہزار غلام کا آزاد کرنا اور ہزار دفعہ اللہ کے لئے پیغمبر مرسل کے ساتھ مل کر جہاد کرنے جتنا ملے گا۔ گیارہویں ابو سعید مدائنی سے منقول ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں گیا اور پوچھا کہ میں امام حسین علیہ السّلام کی زیارت کو جاؤں تو آپ نے فرمایا، ہاں فرزندِ رسولِ مقبول کی قبر کی زیارت کو جا اور جب آنحضرت کی زیارت کرے تو ہزار دفعہ آپ کے سرِ مبارک کی طرف امیرالمومنین علیہ السلام کی تسبیح پڑھنا اور آپ کے پاؤں کی طرف ہزار دفعہ جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام کی تسبیح پڑھنا اور اس کے بعد آپ کے نزدیک دو رکعت نماز بجا لائے کہ ان میں سورہ یٰسین اور سورہ الرحمٰن پڑھے اور اگر ایسا کرے تو تیرے لئے بہت بڑا ثواب ہوگا۔ میں نے عرض کی کہ میں آپ پر فدا ہو جاؤں، مجھے جناب امیرالمومنین علیہ السلام اور فاطمہ زہرا علیہا السلام کی تسبیح تعلیم فرمائیے کہ وہ کونسی ہے تو آپ نے فرمایا ہاں۔ ابو سعید، جناب امیرالمومنین علیہ السلام کی تسبیح یہ ہے سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا تَنْفَدُ خَزَآئِنُہٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا تَبِیْدُ مَعَالِمُہٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا یَفْنٰی مَا عِنْدَہٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا یُشْرِکُ اَحَدًا فِیْ حُکْمِہٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا اضْمِحْلَالَ لِفَخْرِہٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا انْقِطَاعَ لِمُدَّتِہٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ غَیْرُہٗ اور جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام کی تسبیح یہ ہے سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ الْبَاذِخِ الْعَظِیْمِ سُبْحَانَ ذِی الْعِزِّ الشَّامِخِ الْمُنِیْفِ سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ الْفَاخِرِ الْقَدِیْمِ سُبْحَانَ ذِی الْبَهْجَۃِ وَ الْجَمَالِ سُبْحَانَ مَنْ تَرَدّٰی بِالنُّوْرِ وَ الْوَقَارِ سُبْحَانَ مَنْ یَرٰی اَثَرَ النَّمْلِ فِی الصَّفَا وَ وَقْعَ الطَّیْرِ فِی الْهَوَاءِ بارہویں اپنی فریضہ اور نافلہ نمازوں کو امام حسین علیہ السلام کی قبرِ مبارک کے نزدیک بجا لائے کیونکہ نماز وہاں پر قبول ہوتی ہے۔ سیّد بن طاؤس رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ بہت کوشش کرنا کہ تجھ سے کوئی نماز فریضہ اور نافلہ حرم شریف میں پڑھنا فوت نہ ہو کیونکہ روایت میں ہے کہ واجب نماز کا جناب کے حرم میں ادا کرنا حج کے اور نافلہ کا ادا کرنا عمرہ کے برابر ہے۔ مؤلف کہتا ہے کہ مفضل کی روایت میں وہاں پر نماز کے ثواب کا زیادہ ہونا گذر چکا ہے

کا قصّہ شروع کیا عبدالرحمٰن کہتا ہے کہ حضرت نے مجھے مہلت نہ دی کہ میں قصّہ پورا نقل کروں اور فرمایا کہ تو جو حج پر آیا ہے اس مرد کے ہزار درھم کیا ہوئے میں نے عرض کیا کہ وہ مالک کو واپس کر دیئے ہیں۔ آپ نے فرمایا احسن پھر فرمایا کہ کیا تجھے میں وصیّت نہ کروں میں نے عرض کیا کیوں نہیں فرمائیے فرمایا ہمیشہ بات کہنے میں سچ کہو اور امانت کو ادا کرو تاکہ اسی طرح لوگوں کے مال میں شریک ہو جائے اور آپ نے اپنی دو انگلیوں کو جمع کیا یعنی اگر تیری بات سچی ہوئی اور تو نے جھوٹ نہ بولا اور خلف وعدہ نہ کیا اور وقت وعدہ کہ جس کا تو نے طلبگار سے وعدہ کیا ہے اس کے مال کو

واپس کر دیا اور لوگوں کے
مال کو نہ کھایا تو لوگوں
سے جو چاہے گا وہ
تجھے دیں گے پس تو لوگوں
کے اموال میں شریک
ہو جائے گا بسبب اس
امانت اور صداقت کے
جو تجھ میں ہے عبدالرحمٰن
کہتا ہے کہ میں نے حضرت
کی اس وصیت کو حفظ
کیا یعنی اس کے مطابق عمل
کیا اور اتنا مال مجھے ملا کہ
جس سے تیس لاکھ درہم زکوٰۃ
دی اور دوسری روایت
میں ہے کہ یہ دعا حضرت
علی بن الحسین علیہما السلام
کی ہے کہ جس کے آخر
میں آمین رب العالمین
زیادہ ہے۔ اٹھائیسویں دعا
ابن محبوب سے روایت
ہے کہ حضرت صادق
علیہ السلام نے یہ دعا
ایک شخص کو تعلیم فرمائی
کہ وہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ
اَسْئَلُکَ بِرَحْمَتِکَ

معتبر روایت میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص امام حسین علیہ السلام کی زیارت
کرے اور دو رکعت یا چار رکعت نماز آنحضرت کے نزدیک بجالائے تو اس کے لئے حج اور عمرہ
کا ثواب لکھا جائے گا اور جو کچھ اخبار سے معلوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ زیارت کی نماز یا اور کوئی نماز
قبر مبارک کے پیچھے یا بالائے سر جہاں بھی پڑھے اچھا ہے اور اگر بالائے سر نماز کو پڑھنا چاہے
تو اسے ذرہ وہاں پر پیچھے کی طرف ہٹ کر پڑھے تاکہ جناب امام حسین علیہ السلام کی اصل قبر مبارک کے
محاذی اور مساوی نہ ہو (کیونکہ اس صورت میں نماز باطل ہوتی ہے اور اکثر ہمارے زائرین کو اس مسئلہ
کی خبر نہیں ہے) ابو حمزہ ثمالی کی روایت جو امام جعفر صادق علیہ السلام سے ہے اس میں ہے کہ دو
رکعت نماز آنجناب کے بالا سر یوں پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ لیسین اور
دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ الرحمٰن پڑھے اور اگر چاہے تو قبر مبارک کے پیچھے بھی نماز
پڑھے لیکن بالا سر اس کا پڑھنا بہتر ہے اور جب اس نماز سے فارغ ہوئے تو پھر جو نماز چاہے بجالائے
لیکن ان دو رکعت نماز زیارت کو قبر مبارک کے نزدیک جس امام علیہ السلام کی زیارت کر رہا ہو
بجالانے کے بغیر چارہ نہیں۔ ابن قولویہ رحمۃ اللہ علیہ نے امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے
کہ آپ نے ایک شخص کو فرمایا کہ اے فلاں جب تمہیں کوئی حاجت لاحق ہو تو جناب امام حسین علیہ السلام
کی قبر کے نزدیک جا کر چار رکعت نماز بجالائے اور اس کے بعد اپنی وہ حاجت طلب کرے کیونکہ
فریضہ نماز کا وہاں پڑھنا حج کے برابر ہے اور نافلہ کا پڑھنا عمرہ کے برابر ہے۔ تیرہویں جاننا چاہیئے
کہ سب سے عمدہ اعمال حرم مطہر امام حسین علیہ السلام میں دعا کا کرنا ہے کیونکہ آپ کے قبہ مبارکہ کے
نیچے دعا کا قبول ہونا ان چیزوں میں ہے جو امام حسین علیہ السلام کو شہادت کے عوض میں خداوند
عالم نے انہیں مرحمت فرمایا ہے لہٰذا ہر زائر کو اسے غنیمت شمار کرنا چاہیئے اور بہت تضرع
اور زاری اور توبہ اور انابہ وہاں کرے اور اپنی حاجات کو وہاں خداوند عالم کے سامنے پیش کرے
اور اس مضمون پر مشتمل بہت کافی دعائیں وارد ہوتی ہیں اگر اختصار کا لحاظ نہ ہوتا تو ہم یہاں پر چند ایک
دعائیں نقل کرتے لیکن سب سے بہتر صحیفہ کاملہ کی دعاؤں کا پڑھنا ہے کہ جو دعاؤں سے بہترین
دعائیں ہیں اور ہم یہاں زیارت جامعہ کے بعد ایک دعا خاص پر نقل کریں گے جو ہر ایک امام

علیہ السلام کی کاظمین میں زیارت کرنا چاہے تو پہلے غسل زیارت بجا لائے اور اس کے بعد حرم مطہر کیطرف
روانہ ہو دروازے پر کھڑے ہو کر اذن دخول پڑھے اور حرم مبارک میں داخل ہو اور اس حالت میں یہ
پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَالسَّلَامُ
عَلٰى اَوْلِيَآءِ اللّٰهِ پھر امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی قبر مبارک کے مقابل کھڑے ہو کر یہ زیارت پڑھے اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللّٰهِ فِيْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ
اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَابَ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتَ
بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتَلَوْتَ الْكِتَابَ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ وَجَاهَدْتَ فِي اللّٰهِ
حَقَّ جِهَادِهٖ وَصَبَرْتَ عَلَى الْاَذٰى فِيْ جَنْبِهٖ مُحْتَسِبًا وَعَبَدْتَهٗ مُخْلِصًا حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ
اَشْهَدُ اَنَّكَ اَوْلٰى بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَاَنَّكَ ابْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَقًّا اَبْرَءُ اِلَى اللّٰهِ مِنْ اَعْدَآئِكَ وَاَتَقَرَّبُ
اِلَى اللّٰهِ بِمُوَالَاتِكَ اَتَيْتُكَ يَا مَوْلَايَ عَارِفًا بِحَقِّكَ مُوَالِيًا لِاَوْلِيَآئِكَ مُعَادِيًا لِاَعْدَآئِكَ
فَاشْفَعْ لِيْ عِنْدَ رَبِّكَ اس کے بعد اپنے آپ کو قبر مبارک پر ڈال دے اور بوسہ دے اور اپنے چہرے
کے اطراف کو اس پر ملے۔ پھر وہاں سے سر مبارک کی جانب آ کر کھڑا ہو جائے اور یہ زیارت پڑھے
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّكَ صَادِقٌ اَدَّيْتَ نَاصِحًا وَقُلْتَ اَمِيْنًا وَمَضَيْتَ
شَهِيْدًا لَمْ تُؤْثِرْ عَمًى عَلَى الْهُدٰى وَلَمْ تَمِلْ مِنْ حَقٍّ اِلٰى بَاطِلٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اٰبَآئِكَ
وَاَبْنَآئِكَ الطَّاهِرِيْنَ اس کے بعد قبر مبارک کا بوسہ دے اور پھر دو رکعت نماز زیارت پڑھے اور
اس کے بعد جو تیرا دل چاہے نمازیں پڑھے اور اس کے بعد پھر سجدہ میں جائے اور یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ
اِلَيْكَ اعْتَمَدْتُ وَاِلَيْكَ قَصَدْتُ وَبِفَضْلِكَ رَجَوْتُ وَقَبْرَ اِمَامِيَ الَّذِيْ اَوْجَبْتَ
عَلَيَّ طَاعَتَهٗ زُرْتُ وَبِهٖ اِلَيْكَ تَوَسَّلْتُ فَبِحَقِّهِمُ الَّذِيْ اَوْجَبْتَ عَلٰى نَفْسِكَ اغْفِرْ لِيْ

کے اَلَا اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ
پندرھواں امر، نیز شیخ
کلینی نے زرارہ سے روایت
کی ہے کہ انہوں نے کہا
کہ ماہ مبارک کی دوسری
تہائی میں قرآن کو اٹھا
لے اور کھول کر اپنے
سامنے رکھے اور پڑھے
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ
بِكِتَابِكَ الْمُنْزَلِ
وَمَا فِيْهِ وَفِيْهِ اسْمُكَ
الْاَعْظَمُ الْاَكْبَرُ وَ
اَسْمَآؤُكَ الْحُسْنٰى
وَمَا يُخَافُ وَيُرْجٰى
اَنْ تَجْعَلَنِيْ مِنْ عُتَقَآئِكَ
مِنَ النَّارِ اور دعا کرے جس
حاجت کے متعلق تو چاہتا
ہے۔ سولہواں امر، شیخ
کفعمی نے مصباح میں اور
محدث فیض نے خلاصۃ الاذکار
میں فرمایا ہے کہ میں نے
اصحاب امامیہ کے بعض
کتب میں دیکھا ہے کہ جو

وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَا کَرِیْمُ اس کے بعد پھر دائیں چہرے کی جانب قبر مبارک پر رکھے اور یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ قَدْ عَلِمْتَ حَوَائِجِیْ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاقْضِهَا پھر چہرے کی بائیں جانب رکھ کر یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ قَدْ اَحْصَیْتَ ذُنُوْبِیْ فَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْهَا وَتَصَدَّقْ عَلَیَّ بِمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ اس کے بعد سجدہ میں چلا جائے اور سو دفعہ شُکْرًا شُکْرًا کہے پھر سجدے سے سر بلند کرے اور جو دعا چاہے طلب کرے۔ مؤلف کہتا ہے کہ سید جلیل علی بن طاؤس رضی اللہ عنہ نے مصباح الزائرین میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی ایک زیارت کے ذیل میں اس صلوات کہ جس میں آنحضرت کے فضائل اور عبادت و مصیبت موجود ہے نقل فرمایا ہے لہٰذا آنجناب کے زائر کو اس صلوات کے فیض سے اپنے آپ کو محروم نہیں کرنا چاہیئے اور وہ صلوات یہ ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَصَلِّ عَلٰی مُوْسَی بْنِ جَعْفَرٍ وَصِیِّ الْاَبْرَارِ وَاِمَامِ الْاَخْیَارِ وَعَیْبَةِ الْاَنْوَارِ وَوَارِثِ السَّکِیْنَةِ وَالْوَقَارِ وَالْحِکَمِ وَالْاٰثَارِ الَّذِیْ کَانَ یُحْیِی اللَّیْلَ بِالسَّهَرِ اِلَی السَّحَرِ بِمُوَاصَلَةِ الْاِسْتِغْفَارِ حَلِیْفِ السَّجْدَةِ الطَّوِیْلَةِ وَالدُّمُوْعِ الْغَزِیْرَةِ وَالْمُنَاجَاتِ الْکَثِیْرَةِ وَالضَّرَاعَاتِ الْمُتَّصِلَةِ وَمَقَرِّ النُّهٰی وَالْعَدْلِ وَالْخَیْرِ وَالْفَضْلِ وَالنَّدٰی وَالْبَذْلِ وَمَاْلَفِ الْبَلْوٰی وَالصَّبْرِ وَالْمُضْطَهَدِ بِالظُّلْمِ وَالْمَقْبُوْرِ بِالْجَوْرِ وَالْمُعَذَّبِ فِیْ قَعْرِ السُّجُوْنِ وَظُلَمِ الْمَطَامِیْرِ ذِی السَّاقِ الْمَرْضُوْضِ بِحَلَقِ الْقُیُوْدِ وَالْجَنَازَةِ الْمُنَادٰی عَلَیْهَا بِذُلِّ الْاِسْتِخْفَافِ وَالْوَارِدِ عَلٰی جَدِّهِ الْمُصْطَفٰی وَاَبِیْهِ الْمُرْتَضٰی وَاُمِّهٖ سَیِّدَةِ النِّسَاۤءِ بِاِرْثٍ مَغْصُوْبٍ وَوَلَاۤءٍ مَسْلُوْبٍ وَاَمْرٍ مَغْلُوْبٍ وَدَمٍ مَطْلُوْبٍ وَسَمٍّ مَشْرُوْبٍ اَللّٰهُمَّ وَکَمَا صَبَرَ عَلٰی غَلِیْظِ الْمِحَنِ وَتَجَرَّعَ غُصَصَ الْکُرَبِ وَاسْتَسْلَمَ لِرِضَاکَ وَاَخْلَصَ الطَّاعَةَ لَکَ وَمَحَضَ الْخُشُوْعَ وَاسْتَشْعَرَ الْخُضُوْعَ وَعَادَی الْبِدْعَةَ وَاَهْلَهَا وَلَمْ یَلْحَقْهُ فِیْ شَیْءٍ مِنْ اَوَامِرِکَ وَنَوَاهِیْکَ لَوْمَةُ لَاۤئِمٍ صَلِّ عَلَیْهِ صَلٰوةً نَامِیَةً مُنِیْفَةً زَاکِیَةً تُوْجِبُ لَهَا بِهَا شَفَاعَةَ اُمَمٍ مِنْ خَلْقِکَ وَقُرُوْنٍ مِنْ بَرَایَاکَ وَبَلِّغْهُ عَنَّا تَحِیَّةً وَسَلَامًا وَاٰتِنَا مِنْ لَّدُنْکَ فِیْ مُوَالَاتِهٖ فَضْلًا وَاِحْسَانًا وَمَغْفِرَةً وَرِضْوَانًا اِنَّکَ ذُو الْفَضْلِ الْعَمِیْمِ وَالتَّجَاوُزِ الْعَظِیْمِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

زیارت مختص امام محمد نقی علیہ السلام سابقہ تین بزرگواروں نے فرمایا ہے کہ جب زیارت امام موسیٰ کاظمؑ

سورتوں اور آیات کی خاصیتیں

شخص چاہے کہ میں عالم خواب میں کسی پیغمبر یا امام علیہم السلام کو کسی اور آدمی کو یا اپنے والدین کو دیکھوں تو سورہ شمس و سورہ لیل و سورہ قدر و سورہ قل یا ایہا الکافرون و سورہ اخلاص و معوذتین کو پڑھے پھر سو دفعہ سورہ اخلاص اور سو دفعہ صلوات پڑھے اور باوضو ہو کر دائیں طرف سو جائے تو دیکھے گا جس کا ارادہ رکھتا ہے انشاء اللہ اور کلام کرے گا اس سے جو چاہے انشاء اللہ اور نسخہ میں میں نے دیکھا ہے کہ یہ عمل سات راتوں تک کرتا رہے بعد اس کے کہ یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ لَا یُوْصَفُ وَالْاِیْمَانُ یُعْرَفُ مِنْهُ مِنْکَ بَدَتِ الْاَشْیَاۤءُ وَاِلَیْکَ

سے فارغ ہو جائے تو پھر امام محمد تقی علیہ السلام کی زیارت کی طرف جو اپنے جدّ بزرگوار امام موسٰی کاظم علیہ السلام کی پیٹھ کی جانب مدفون ہیں متوجہ ہو اور جب آنجناب کی قبر مبارک کے نزدیک کھڑے ہو تو یہ زیارت پڑھے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللهِ فِي ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ رَسُوْلِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اٰبَآئِكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَبْنَائِكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَوْلِيَائِكَ اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتَلَوْتَ الْكِتَابَ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ وَجَاهَدْتَ فِي اللهِ حَقَّ جِهَادِهٖ وَصَبَرْتَ عَلَى الْاَذٰى فِي جَنْبِهٖ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ اَتَيْتُكَ زَائِرًا عَارِفًا بِحَقِّكَ مُوَالِيًا لِاَوْلِيَائِكَ مُعَادِيًا لِاَعْدَائِكَ فَاشْفَعْ لِيْ عِنْدَ رَبِّكَ اسکے بعد اپنے چہرے کو قبر مبارک پر ملے اور بوسہ دے اور دو رکعت نماز زیارت بجا لائے اور اسکے بعد جو نمازیں تیرا جی چاہے پڑھے اور جب فارغ ہو جائے تو سجدہ میں چلا جائے اور یہ پڑھے اِرْحَمْ مَنْ اَسَاءَ وَاقْتَرَفَ وَاسْتَكَانَ وَاعْتَرَفَ پھر چہرے کی دائیں جانب رکھ کر یہ کہے اِنْ كُنْتُ بِئْسَ الْعَبْدُ فَاَنْتَ نِعْمَ الرَّبُّ پھر بائیں جانب چہرے کی رکھے اور یہ پڑھے عَظُمَ الذَّنْبُ مِنْ عَبْدِكَ فَلْيَحْسُنِ الْعَفْوُ مِنْ عِنْدِكَ يَا كَرِيْمُ اس کے بعد پھر دوبارہ سجدے میں لوٹ آئے اور سو دفعہ شکراً شکراً کہے

ایک اور زیارت امام محمد تقی علیہ السلام

سیّد بن طاؤس نے مزار میں فرمایا ہے کہ جب امام موسٰی کاظم علیہ السلام کی زیارت کر چکے تو پھر امام محمد تقیؑ کی قبر مبارک کے نزدیک ٹھہرے اور آنجناب کی یہ زیارت قبر مبارک کو بوسہ دینے کے بعد پڑھے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا جَعْفَرٍ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ الْبَرَّ التَّقِيَّ الْاِمَامَ الْوَفِيَّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الرَّضِيُّ الزَّكِيُّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَجِيَّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَفِيْرَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سِرَّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ضِيَاءَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَنَاءَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا كَلِمَةَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَحْمَةَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النُّوْرُ السَّاطِعُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْبَدْرُ الطَّالِعُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الطَّيِّبُ مِنَ الطَّيِّبِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الطَّاهِرُ مِنَ الْمُطَهَّرِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاٰيَةُ الْعُظْمٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْحُجَّةُ الْكُبْرٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْمُطَهَّرُ مِنَ الزَّلَّاتِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْمُنَزَّهُ عَنِ الْمُعْضِلَاتِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْعَلِيُّ عَنْ نَقْصِ الْاَوْصَافِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الرَّضِيُّ عِنْدَ الْاَشْرَافِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَمُوْدَ الدِّيْنِ اَشْهَدُ اَنَّكَ وَلِيُّ اللهِ

تَعُوْدُ فَمَا اَقْبَلَ مِنْهَا كُنْتَ مَلْجَاَهٗ وَمَنْجَاهُ وَمَا اَدْبَرَ مِنْهَا لَمْ يَكُنْ لَهٗ مَلْجَاءٌ وَلَا مَنْجًا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ فَاَسْئَلُكَ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَاَسْئَلُكَ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِحَقِّ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ سَيِّدِ النَّبِيِّيْنَ وَبِحَقِّ عَلِيٍّ خَيْرِ الْوَصِيِّيْنَ وَبِحَقِّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ وَبِحَقِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ اللَّذَيْنِ جَعَلْتَهُمَا سَيِّدَيْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اَلسَّلَامُ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُرِيَنِيْ مَيِّتِيْ فِي الْحَالِ الَّتِيْ هُوَ فِيْهَا ستر واں امر نیز کتاب خلاصہ میں بعض کتابوں سے نقل کیا گیا ہے کہ میں نے کتاب ادب الحمید میں دیکھا ہے جو

وَحُجَّتَهٗ فِیْ اَرْضِهٖ وَاَنَّكَ جَنْبُ اللّٰهِ وَخِيَرَةُ اللّٰهِ وَمُسْتَوْدَعُ عِلْمِ اللّٰهِ وَعِلْمِ الْاَنْبِيَآءِ وَرُكْنُ الْاِيْمَانِ
وَتَرْجُمَانُ الْقُرْاٰنِ وَاَشْهَدُ اَنَّ مَنِ اتَّبَعَكَ عَلَى الْحَقِّ وَالْهُدٰى وَاَنَّ مَنْ اَنْكَرَكَ وَنَصَبَ لَكَ الْعَدَاوَةَ
عَلَى الضَّلَالَةِ وَالرَّدٰى اَبْرَءُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَيْكَ مِنْهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ مَا بَقِيْتُ
وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ اور پھر آنجناب کیلئے صلوات یوں پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ
وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الزَّكِيِّ التَّقِيِّ وَالْبَرِّ الْوَفِيِّ وَالْمُهَذَّبِ النَّقِيِّ هَادِى الْاُمَّةِ وَوَارِثِ الْاَئِمَّةِ
وَخَازِنِ الرَّحْمَةِ وَيَنْبُوْعِ الْحِكْمَةِ وَقَائِدِ الْبَرَكَةِ وَعَدِيْلِ الْقُرْاٰنِ فِى الطَّاعَةِ وَوَاحِدِ الْاَوْصِيَآءِ
فِى الْاِخْلَاصِ وَالْعِبَادَةِ وَحُجَّتِكَ الْعُلْيَا وَمَثَلِكَ الْاَعْلٰى وَكَلِمَتِكَ الْحُسْنٰى الدَّاعِىْ اِلَيْكَ وَالدَّالِّ
عَلَيْكَ الَّذِىْ نَصَبْتَهٗ عَلَمًا لِعِبَادِكَ وَمُتَرْجِمًا لِكِتَابِكَ وَصَادِعًا بِاَمْرِكَ وَنَاصِرًا لِدِيْنِكَ
وَحُجَّةً عَلٰى خَلْقِكَ وَنُوْرًا تَخْرِقُ بِهِ الظُّلَمَ وَقُدْوَةً تُدْرَكُ بِهَا الْهِدَايَةُ وَشَفِيْعًا تُنَالُ بِهِ
الْجَنَّةُ اَللّٰهُمَّ وَكَمَا اَخَذَ فِىْ خُشُوْعِهٖ لَكَ حَظَّهٗ وَاسْتَوْفٰى مِنْ خَشْيَتِكَ نَصِيْبَهٗ فَصَلِّ عَلَيْهِ
اَضْعَافَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى وَلِيٍّ ارْتَضَيْتَ طَاعَتَهٗ وَقَبِلْتَ خِدْمَتَهٗ وَبَلِّغْهُ مِنَّا تَحِيَّةً وَسَلَامًا
وَاٰتِنَا فِىْ مُوَالَاتِهٖ مِنْ لَّدُنْكَ فَضْلًا وَاِحْسَانًا وَمَغْفِرَةً وَرِضْوَانًا اِنَّكَ ذُو الْمَنِّ الْقَدِيْمِ
وَالصَّفْحِ الْجَمِيْلِ اور اس کے بعد نماز زیارت پڑھے اور سلام کے بعد یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ
وَاَنَا الْمَرْبُوْبُ آخر تک، جو ص۹۹ پر موجود ہے ایک اور زیارت مختص آنجناب علیہ السلام شیخ صدوق نے
فقیہ میں روایت کی ہے کہ جب آنجناب کی زیارت کرنا چاہے تو پہلے غسل کرکے اپنے آپ کو پاک و
پاکیزہ کرکے پاکیزہ لباس پہن کر یہ زیارت پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْاِمَامِ التَّقِيِّ
النَّقِيِّ الرَّضِيِّ الْمَرْضِيِّ وَحُجَّتِكَ عَلٰى مَنْ فَوْقَ الْاَرْضِ وَمَنْ تَحْتَ الثَّرٰى صَلٰوةً كَثِيْرَةً نَامِيَةً
زَاكِيَةً مُبَارَكَةً مُتَوَاصِلَةً مُتَرَادِفَةً مُتَوَاتِرَةً كَاَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ اَوْلِيَآئِكَ
وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا اِمَامَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثَ عِلْمِ النَّبِيِّيْنَ وَسُلَالَةَ الْوَصِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللّٰهِ فِىْ
ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَتَيْتُكَ زَائِرًا عَارِفًا بِحَقِّكَ مُعَادِيًا لِاَعْدَآئِكَ مُوَالِيًا لِاَوْلِيَآئِكَ فَاشْفَعْ لِىْ
عِنْدَ رَبِّكَ اس کے بعد اپنی حاجت طلب کرے اور پھر چار رکعت نماز دو رکعت امام محمد تقی علیہ السلام

محمد ابن جریر طبری کی تالیف ہے اس نے حارث ابن روح سے اس نے اپنے باپ و دادا سے نقل کیا ہے کہ اس نے اپنی اولاد سے کہا کہ جب کوئی چیز تمہیں اندوہناک کرے تو تم میں سے کوئی فرد بھی رات نہ گذارے مگر اس حالت میں کہ وہ باطہارت ہو اور اس کا فرش و لحاف بھی طاہر ہونا چاہیئے اور اس کے پاس عورت بھی نہیں ہونی چاہیئے پس سات دفعہ سورہ الشمس اور سات دفعہ سورہ واللیل کو پڑھے پھر یہ دعا مانگے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّىْ مِنْ اَمْرِىْ هٰذَا فَرَجًا وَّمَخْرَجًا جب وہ اس عمل کو بجا لائے گا تو کوئی شخص اس کے پاس عالم خواب میں اسی رات یا تیسری رات یا پانچویں

کی زیارت کیلئے اور دو رکعت امام موسیٰ کاظمؑ کی زیارت کیلئے اس قبہ کے نیچے کہ جس میں امام محمد تقیؑ کی قبر مبارک ہے بجا لائے اور نماز امام موسیٰ کاظمؑ کے سرہانے نہ پڑھے کیونکہ اس کے سامنے قریش کی قبریں ہیں اور ان قبروں کو اپنا قبلہ بنانا جائز نہیں ہے۔ مؤلف کہتا ہے کہ شیخ صدوق کی کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے زمانے میں امام موسیٰ کاظمؑ کی قبر مبارک جناب امام محمد تقیؑ کی قبر مبارک سے علیحدہ بنی ہوئی تھی اور اس کا قبہ علیحدہ تھا اور لوگ آنجنابؑ کے قبہ سے نکل کر امام محمد تقیؑ کے قبہ کی طرف جاتے تھے جو علیحدہ بنا ہوا تھا (لیکن مترجم عرض کرتا ہے کہ آجکل دونوں قبریں ایک ہی قبہ کے نیچے ایک ضریح کے اندر موجود ہیں)

دونوں اماموں کی مشترک زیارت: یہ بھی دو قسم پر ہے پہلی قسم: یہ وہ ہے کہ جو ہر ایک امام کیلئے علیحدہ پڑھی جاتی ہے شیخ جلیل جعفر بن محمد بن قولویہ قمی نے کامل الزیارۃ میں امام علی نقیؑ سے روایت کی ہے کہ ان دو اماموں میں سے ایک امام کی زیارت یوں پڑھے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَلِيَّ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللهِ فِيْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ بَدَا لِلّٰهِ فِيْ شَاْنِهٖ اَتَيْتُكَ زَائِرًا عَارِفًا بِحَقِّكَ مُعَادِيًا لِاَعْدَائِكَ مُوَالِيًا لِاَوْلِيَائِكَ فَاشْفَعْ لِيْ عِنْدَ رَبِّكَ يَا مَوْلَايَ یہ زیارت بہت کافی معتبر ہے شیخ صدوق اور شیخ کلینی اور شیخ طوسی نے بھی اسے معمولی اختلاف کے ساتھ ذکر فرمایا ہے۔ دوسری قسم: یہ وہ زیارت ہے کہ جس کے پڑھنے سے دونوں اماموں کی زیارت ہو جائیگی اور وہ یوں ہے کہ شیخ مفید اور شہید اور محمد بن المشہدی نے ذکر کیا ہے کہ ان دونوں بزرگواروں کی زیارت جب ضریح مبارک کے سامنے کھڑے ہو تو یوں پڑھے اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا وَلِيَّيِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا حُجَّتَيِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا نُوْرَيِ اللهِ فِيْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَشْهَدُ اَنَّكُمَا قَدْ بَلَّغْتُمَا عَنِ اللهِ مَا حَمَّلَكُمَا وَحَفِظْتُمَا مَا اسْتُوْدِعْتُمَا وَحَلَّلْتُمَا حَلَالَ اللهِ وَحَرَّمْتُمَا حَرَامَ اللهِ وَاَقَمْتُمَا حُدُوْدَ اللهِ وَتَلَوْتُمَا كِتَابَ اللهِ وَصَبَرْتُمَا عَلَى الْاَذٰى فِيْ جَنْبِ اللهِ مُحْتَسِبَيْنِ حَتّٰى اَتَاكُمَا الْيَقِيْنُ اَبْرَاُ اِلَى اللهِ مِنْ اَعْدَائِكُمَا وَاَتَقَرَّبُ اِلَى اللهِ بِوِلَايَتِكُمَا اَتَيْتُكُمَا زَائِرًا عَارِفًا بِحَقِّكُمَا مُوَالِيًا لِاَوْلِيَائِكُمَا مُعَادِيًا لِاَعْدَائِكُمَا مُسْتَبْصِرًا بِالْهُدَى الَّذِيْ اَنْتُمَا عَلَيْهِ عَارِفًا بِضَلَالَةِ مَنْ خَالَفَكُمَا فَاشْفَعَا لِيْ عِنْدَ رَبِّكُمَا فَاِنَّ لَكُمَا عِنْدَ اللهِ جَاهًا عَظِيْمًا وَمَقَامًا مَحْمُوْدًا اس کے بعد اس تربت شریف

اور میرا خیال ہے کہ اس نے کہا تھا یا ساتویں رات آئے گا اور اس کو اس غم واندوہ نجات پانے کا طریقہ بتائے گا۔ فقیر کہتا ہے کہ بعض نے کہا ہے سورہ والضحیٰ اور الم نشرح کو بھی پڑھے اور کتاب جواہر المنثورہ میں ہے کہ جو شخص چاہے کہ خواب میں دیکھے اپنے مطلب کو تو سونے کے وقت ان سورتوں میں سے ہر ایک سورہ کو سات دفعہ پڑھے والشمس واللیل والتین و اخلاص و قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق کو اور با طہارت پاک مکان میں پاک لباس کے ساتھ رو بقبلہ داہنی جانب یعنی جیسے مردے کو لحد میں رکھا جاتا ہے سو جائے اور اپنے مطلب کو نیت میں لائے اگر اس رات نہ دیکھے تو بعد کی راتوں

کا بوسہ دے اور دائیں جانب چہرے کو اس پر رکھے اور اس کے بعد سر مبارک کی طرف چلا جائے اور یہ پڑھے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا یَا حُجَّتَیِ اللّٰہِ فِیْ اَرْضِہٖ وَسَمَائِہٖ عَبْدُکُمَا وَلِیُّکُمَا زَائِرُکُمَا مُتَقَرِّبًا اِلَی اللّٰہِ بِزِیَارَتِکُمَا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِیْ اَوْلِیَائِکَ الْمُصْطَفَیْنَ وَحَبِّبْ اِلَیَّ مَشَاھِدَھُمْ وَاجْعَلْنِیْ مَعَھُمْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اس کے بعد ہر ایک امام کیلئے دو دو رکعت نماز زیارت پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے جو چاہے دعا کرے۔ مؤلف کہتا ہے کہ چونکہ ان حضرات کے زمانے میں تقیہ بہت تھا اس واسطے مختصر زیارت انہوں نے اپنے شیعوں کو تعلیم دی ہے کہ تاکہ شیعہ حضرات ظالمین کے ظلم سے محفوظ رہیں اور اگر آجکل کوئی زائر لمبی زیارت پڑھنا چاہے تو اسے زیارت جامعہ پڑھنی چاہیئے کیونکہ یہ ان کی بہترین زیارت ہے خصوصاً اس سے ایک زیارت کہ جو حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ امام موسیٰ کاظم کے ساتھ مختص ہے اور وہ زیارت بعد از میں زیارت جامعہ کے باب میں پہلی زیارت ہے جو ص۵۴۶ پر آئے گی اور جب زائران دو اماموں کے شہر سے واپس جانا چاہے تو اسے آنجناب کے کا وداع کرنا چاہیئے اور وداع جیسا کہ شیخ طوسی نے تہذیب الاحکام میں ذکر کیا ہے کہ جب امام موسیٰ کاظمؑ کا وداع کرنا چاہے تو قبر مبارک کے نزدیک کھڑے ہو کر یوں کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَوْلَایَ یَا اَبَا الْحَسَنِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَسْتَوْدِعُکَ اللّٰہَ وَاَقْرَءُ عَلَیْکَ السَّلَامَ اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَبِالرَّسُوْلِ وَبِمَا جِئْتَ بِہٖ وَدَلَلْتَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ اکْتُبْنَا مَعَ الشَّاھِدِیْنَ اور امام محمد تقیؑ کے وداع میں یہ کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَوْلَایَ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَسْتَوْدِعُکَ اللّٰہَ وَاَقْرَءُ عَلَیْکَ السَّلَامَ اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَبِرَسُوْلِہٖ وَبِمَا جِئْتَ بِہٖ وَدَلَلْتَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ اکْتُبْنَا مَعَ الشَّاھِدِیْنَ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ یہ تیرا آخری وداع نہ ہو بلکہ پھر زیارت کی توفیق تجھے اللہ تعالیٰ نصیب فرمائے اس کے بعد قبر مبارک کا بوسہ دے اور اپنے منہ کی دونوں جانب کو قبر مبارک پر رکھے۔ مؤلف کہتا ہے کہ یہاں پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ وہ حکایت اور واقعہ جو مرد صالح باصفا حاجی علی بغدادی کو پیش آیا ہے اور جسے میرے استاد مرحوم نے اپنی کتاب جنۃ الماویٰ اور نجم الثاقب میں نقل کیا ہے ذکر کیا جائے اپنے نجم الثاقب میں فرمایا ہے کہ اگر اس کتاب میں سوائے اس واقعہ کے جو بالکل تازہ ہو چکا ہے اور جو صحیح اور جس میں کافی فوائد موجود ہیں اور کوئی واقعہ نہ ہوتا تو بھی اس کتاب

سونے کے آداب

میں کرے اور سات راتوں سے متجاوز نہیں ہوگا۔ کہا گیا ہے کہ مجرب ہے۔ اٹھارواں امر نیز خلاصتہ الاذکار میں ہے کہ حضرت زہرا صلوات اللہ علیہا سے روایت ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس تشریف لائے جبکہ میں نے بستر بچھایا ہوا تھا اور چاہتی تھی کہ سو جاؤں تو فرمانے لگے اے فاطمہؑ اس وقت تک نہ سو جب تک تو چار عمل بجا نہ لائے ختم قرآن کر اور پیغمبروں کو اپنا شفیع قرار دے اور مومنین کو اپنے سے خوش کر اور حج وعمرہ بجالا یہ کہنے کے بعد آپ مشغول نماز ہو گئے۔ میں نے ان کے نماز ختم کرنے تک توقف کیا اس کے

کی شرافت اور نفاست کیلئے کافی تھا آپ نے اس تمہید کے بعد فرمایا کہ حاجی علی بغدادی نے خداوند عالم
اس کی تائید فرمائے ذکر کیا ہے کہ میرے ذمہ اسّی تومان جو سکہ ایرانی ہے مال امام واجب الادا تھا
میں نجف اشرف گیا اور اس سے بیس تومان علم الھدیٰ الشیخ التقی شیخ مرتضیٰ اعلی اللہ مقامہ کی خدمت
میں اور بیس تومان جناب شیخ محمد حسین مجتہد کاظمینی اور بیس تومان جناب شیخ محمد حسن شروقی کی
خدمت میں پیش کئے اور باقی جو میرے ذمہ بیس تومان رہتے تھے میرا ارادہ تھا کہ واپس لوٹنے کے وقت
جناب شیخ محمد حسن کاظمینی آل یٰسین کی خدمت میں بغداد میں پیش کروں گا اور میں اس کی جلد ادائیگی کر دینے
میں عجلت سے کام لینے میں خوش تھا۔ جمعرات کو میں امامین ہمامین کاظمینؑ کی زیارت کے لئے مشرف
ہوا تو میں زیارت کے بعد جناب شیخ سلمہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس بیس تومان میں سے
کچھ ان کی خدمت میں پیش کئے اور ان سے وعدہ کیا کہ باقی کو آپ تدریجاً مجھے حوالہ فرمادیں میں
کیونکہ میں کچھ اجناس کو فروخت کر کے جہاں آپ فرمائیں گے ادا کر دوں گا اور میں نے ان کی خدمت
سے فارغ ہونے کے بعد اس دن عصر کو بغداد واپس جانے کا عزم ظاہر کیا تو شیخ مذکور نے فرمایا کہ آج یہیں
رہ جائیں۔ میں نے عرض کی کہ کارخانہ کے مزدوروں کی اجرت آج جا کر دینی ہے کیونکہ ہمارے ہاں رسم تھی
کہ پورے ہفتہ کی مزدوری جمعرات کی عصر کو دی جاتی تھی۔ میں وہاں سے اٹھا اور ابھی تقریباً تیسرا حصہ
راستہ کاطے کیا ہوگا کہ میری نگاہ ایک سیّد جلیل القدر پر جو بغداد سے میری طرف آرہے تھے پڑی جب
وہ میرے نزدیک پہنچے تو سلام کیا اور مصافحہ اور معانقہ کے لئے ہاتھ بڑھایا اور اہلاً اور سہلاً فرمایا اور
مجھے سینے سے لگایا اور معانقہ کیا اور ہم نے ایک دوسرے کو (عربی قاعدے) کے ماتحت چوما۔
آپ کے سر مبارک پر سبز عمامہ تھا اور رخسار پر سیاہ بڑا خال تھا۔ آپ نے فرمایا حاجی علی آپ کا
کیا حال اور کہاں جا رہے ہو۔ میں نے عرض کی کہ کاظمین کی زیارت کر کے واپس بغداد جا رہا ہوں۔
آپ نے فرمایا آج رات شب جمعہ ہے اور زیارت کاظمین کیلئے واپس لوٹ آ۔ میں نے عرض کی۔
واپس جانے پر متمکن نہیں ہوں آپ نے فرمایا تو قادر ہے، واپس آجا تاکہ میں تیری گواہی دوں کہ تو میرے
جدّ بزرگوار جناب امیر المؤمنین علیہ السلام اور میرے موالیوں اور دوست داروں میں سے ہے
اور شیخ بھی اس مطلب کی گواہی دے کیونکہ خداوند عالم نے فرمایا کہ اپنے لئے شاہد (گواہ) بناؤ۔ اور

بعد میں نے عرض کیا کہ یا
رسول اللہ آپ نے مجھے
امر فرمایا ہے چار چیزوں
کا کہ اس وقت جن کے
بجالانے کی مجھ میں طاقت
نہیں آپ نے تبسم کیا اور
فرمایا جب تو تین دفعہ
قل ہو اللہ احد کو پڑھ لے
تو گویا کہ تو ایک ختم قرآن
کیا اور جب تو مجھ پر اور مجھ
سے پہلے گزرے ہوئے
نبیوں پر صلوات بھیجے تو
گویا کہ ہم تیرے شفیع ہو
جائیں گے۔ اور جب تو
نے مومنین کے لئے استغفار
کی تو سب مومنین تجھ سے
خوش ہو جائیں گے اور
جب تو نے سبحان اللہ
والحمد للہ ولا الہ الا اللہ
واللہ اکبر پڑھ لیا تو گویا تو
نے حج و عمرہ کیا۔ مولف
کہتا ہے کہ جو شخص سونے
کے وقت تین مرتبہ یفعل
اللہ ما یشاء بقدرتہ ویحکم
ما یرید

یہ عبارت ایک مطلب کی طرف اشارہ تھا جو میرے دل میں تھا کہ شیخ سے اس قسم کی خواہش کا
اظہار کروں کہ مجھے ایک ایسی تحریر لکھ دیں کہ جس میں یہ ذکر ہو کہ میں امیر المومنین علیہ السلام کے دوست
داروں سے ہوں اور اسے اپنے کفن میں ساتھ رکھوں. میں نے عرض کی کہ آپ کو کیسے معلوم ہے
اور آپ کس قسم کی شہادت دیں گے. آپ نے فرمایا کہ جو شخص جس کا حق اسے پہنچاتا ہے اسے
اس کے متعلق کیسے علم نہ ہوگا. میں نے عرض کی کہ کونسا حق. آپ نے فرمایا وہ حق جو تو نے میرے
وکیل کو دیا ہے. میں نے کہا آپ کے کونسے وکیل. آپ نے فرمایا جناب شیخ محمد حسن. میں نے کہا کہ وہ
آپکے وکیل ہیں تو آپ نے فرمایا ہاں وہ میرے وکیل ہیں اور جناب آقا سید محمد بھی. میرے دل میں خطور
ہوا کہ اس سید جلیل القدر نے مجھے میرے نام سے پکارا حالانکہ وہ مجھے نہیں پہچانتے تھے پھر خیال آیا کہ شاید
وہ مجھے جانتے ہونگے اور مجھے پتہ نہ ہو. پھر دل میں خیال آیا. کہ یہ سید بزرگوار حق سادات میں سے کچھ مجھ سے
چاہتے ہیں اور میں یہ چاہتا ہوں کہ انہیں مال امام علیہ السلام سے کچھ دوں تو میں نے عرض کی کہ اے بزرگوار
میرے پاس کچھ آپکے حق میں سے صرف سہم امام علیہ السلام موجود ہے اور میں نے آقا شیخ محمد حسن سے اجازت
لی ہوئی ہے تو کیا آپکو دیدوں تو آپنے تبسم فرمایا اور فرمایا ہاں تو نے ہمارے حق میں سے کچھ میرے وکیلوں
کو نجف اشرف میں پہنچا دیا ہے. میں نے عرض کی کہ جو کچھ میں دے چکا ہوں وہ قبول ہے تو آپنے فرمایا
ہاں. میرے دل میں آیا کہ یہ سید بزرگوار علماء کرام کو اپنا وکیل فرما رہے ہیں اور یہ چیز میرے دل میں بہت بڑی
معلوم ہوئی تو میں نے کہا کہ علماء کرام سہم سادات کے قبضہ میں وکیل ہوتے ہیں اور پھر مجھ پر غفلت طاری
ہوگئی (اور جواب نہ پوچھ سکا) تو آپنے اس وقت فرمایا کہ میرے جد بزرگوار کی زیارت کیلئے واپس لوٹ
جا (تنبیہ) ہمارے پاکستان میں جو حضرات مجتہدین عظام کو خصوصاً غیر سادات مجتہدین کو سہم امام
میں تصرف کرنیکا مجاز نہیں سمجھتے اور یہ خیال کرتے ہیں کہ علماء مجتہدین سہم امام علیہ السلام کو طلباء دین پر
خرچ نہیں کر سکتے انہیں اس واقعہ سے عبرت حاصل کرنی چاہیئے اور مجتہدین کے افعال اور اقوال پر اعتراض
کر کے اپنے امام علیہ السلام کے غضب سے ڈرنا چاہیئے) میں واپس زیارت کیلئے لوٹ آیا اور آپ اپنے دائیں
ہاتھ میں میرا ہاتھ لیکر چل پڑے جب ہم راستہ طے کر رہے تھے تو میں نے دیکھا کہ ہمارے دائیں جانب
ایک نہر سفید اور صاف پانی کی جاری ہے اور لیموں اور نارنجی اور انار اور انگور وغیرہ کے درخت

تا بعزتہم پڑھے تو گویا ایسا
ہے کہ اس نے ہزار رکعت
نماز ادا کی۔ انیسواں امر نیز
خلاصۃ الاذکار میں ہے، کہ
مطالعہ کے وقت یہ پڑھے
اَللّٰهُمَّ اَخْرِجْنِي مِنْ ظُلُمَاتِ
الْوَهْمِ وَاَكْرِمْنِي بِنُورِ
الْفَهْمِ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيْنَا
اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَانْشُرْ
عَلَيْنَا خَزَائِنَ عُلُومِكَ
بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِينَ بیسواں امر،
روایت میں ہے کہ ایک
شخص نے حضرت امام محمد
تقی علیہ السلام کی خدمت میں
لکھا کہ میں بہت مقروض
ہوگیا ہوں حضرت نے
جواب میں تحریر فرمایا کہ
زیادہ استغفار کیا کر اور زبان
کو انا انزلناہ کو پڑھنے سے
تر رکھ یعنی اس کو بھی زیادہ
پڑھا کر۔ اکیسواں امر، ایک
حدیث میں ہے کہ مفضل

میوہ دار جبکہ میوہ کا وقت بھی نہ تھا ہمارے سر کے اوپر سایہ ڈالے ہوئے موجود ہیں میں نے کہا کہ یہ نہر اور درخت کیسے ہیں، تو آپ نے فرمایا کہ ہمارے دوستوں میں سے جو میرے جدّ بزرگوار اور ہماری زیارت کرے یہ ان کیلئے ہیں تو میں نے عرض کی کہ میں کچھ پوچھنا چاہتا ہوں تو آپنے فرمایا پوچھ، میں نے کہا شیخ عبدالرزاق مرحوم ایک عالم مدرس تھے ایک دن میں ان کی خدمت میں گیا تو ان سے سنا کہ فرمارہے تھے کہ جو شخص اپنی عمر بھر رات کو عبادت کرتا رہے اور دن میں روزے رکھتا رہے اور چالیس حج اور چالیس عمرہ بجا لائے اور صفا اور مروہ کے درمیان فوت ہو جائے لیکن امیر المومنین علیہ السلام کے دوستداروں سے نہ ہو تو اسے ان کا کچھ بھی نہیں ملے گا آپ نے فرمایا ہاں۔ قسم بخدا اسے کچھ نہیں ملے گا۔ پھر میں نے اپنے رشتہ داروں میں سے ایک کے متعلق پوچھا کہ کیا وہ امیر المؤمنین علیہ السلام کے دوستداروں سے تھے آپنے فرمایا ہاں اور وہ بھی جو تیرے متعلقین میں سے ہیں، میں نے کہا کہ سیّدی ایک مسئلہ پوچھتا ہوں تو آپنے فرمایا، پوچھ میں نے عرض کی۔ کہ واعظ اور روضہ خوان امام حسین علیہ السلام پڑھتے ہیں کہ ایک شخص سلیمان اعمش کے پاس آیا اور اس نے امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے متعلق پوچھا تو اس نے جواب دیا کہ یہ بدعت ہے اس نے خواب میں دیکھا کہ ایک ہودج (کجاوہ) زمین اور آسمان کے درمیان ہے تو پوچھا کہ اس میں کون ہے تو اسے کہا گیا کہ اس میں جناب فاطمہ زہراؑ اور جناب خدیجۃ الکبریٰ ہیں اس نے کہا کہ کہاں جارہی ہیں تو جواب ملا کہ آج رات جو شب جمعہ ہے اپنے فرزند امام حسین علیہ السلام کی زیارت کیلئے جارہی ہوں اس نے دیکھا کہ بہت کافی (کاغذ) ہودج سے گر رہے ہیں کہ جن پر لکھا ہوا ہے کہ شب جمعہ امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنے والے کو جہنم کی آگ سے قیامت کے دن امان ہے کیا یہ حدیث صحیح ہے آپنے فرمایا ہاں، یہ بالکل صحیح ہے۔ میں نے کہا کہ سیّدی کہ کیا یہ بالکل صحیح ہے کہ جو شخص امام حسین علیہ السلام کی زیارت شب جمعہ کرے اس کیلئے امان ہے۔ آپنے فرمایا قسم بخدا بالکل صحیح ہے میں نے دیکھا کہ اسوقت آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں اور آپ رو رہے تھے۔ میں نے کہا کچھ اور بھی پوچھنا ہے، تو آپنے فرمایا پوچھ۔ میں نے کہا کہ ہم نے ۱۲۶۹ھ میں امام رضا علیہ السلام کی زیارت کی تھی اور درود مقام پر ایک عرب سے جو نجف اشرف کے مشرق کی جانب کا رہنے والا تھا ملاقات ہوئی تھی اور اسے ہم نے مہمان کیا تھا اور اس سے پوچھا تھا کہ امام رضا علیہ السلام کا ملک کیسا ہے تو اس نے کہا کہ جنت ہے

نے حضرت صادق علیہ السلام کی خدمت میں تنگی نفس کی شکایت کی اور کہنے لگا تھوڑا سا چلتا ہوں تو میرا سانس تنگ ہو جاتا ہے اور میں بیٹھ جاتا ہوں تو آپنے فرمایا کہ اونٹ کا پیشاب پی تاکہ ٹھیک ہو جائے، دوسری روایت میں ہے کہ ایک شخص نے کھانسی کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا کہ کچھ انجدان رومی اور اسی مقدار نبات سفوف اس کو ملا کر ایک دو دن تک استعمال کر وہ شخص کہتا ہے کہ ایک دفعہ میں نے کھایا تو ٹھیک ہوگیا، بائیسواں امر، حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک دن ایک شہر سے گزرے تو دیکھا کہ اس شہر کے لوگوں کے چہرے زرد ہیں اور آنکھیں

اور آج مجھے پندرہ دن ہو رہے ہیں کہ میں یہاں رہ رہا ہوں اور امام رضاؑ کے مہمان خانہ سے کھانا کھا رہا ہوں کیا جرأت ہے منکر اور نکیر کو کہ وہ قبر میں میرے پاس آئیں حالانکہ میرا گوشت و پوست امام رضا علیہ السلام کے مہمان خانہ سے بن چکا ہے تو کیا یہ صحیح ہے کہ امام رضاؑ اس کے پاس قبر میں آکر اسے منکر اور نکیر سے چھڑا لیں گے آپ نے فرمایا ہاں، قسم بخدا کہ میرے جدّ اس کے ضامن ہیں۔ میں نے کہا کہ ایک مختصر سوال ہے، آپ نے فرمایا، کہ پوچھ، میں نے کہا کہ میری زیارت امام رضا علیہ السلام کو قبول ہے تو آپ نے فرمایا قبول ہے انشاء اللہ، میں نے کہا اے مولائی ایک اور سوال ہے تو آپ نے فرمایا بسم اللہ پوچھ، میں نے کہا حاجی محمد حسین بزّاز باشی ولد مرحوم حاجی احمد بزّاز باشی جو میرے ساتھ امام رضاؑ کی زیارت میں ہم سفر اور ہم خرچ تھے کی زیارت قبول ہے یا نہ، تو آپ نے فرمایا، ہاں اس بندہ صالح کی بھی زیارت قبول ہے میں نے پھر پوچھا کہ فلاں شخص جو بغداد کا ہمارا رفیق سفر تھا اس کی زیارت قبول ہے یا نہ تو آپ ساکت ہو گئے۔ پھر میں نے دوبارہ پوچھا کہ اسکی زیارت قبول ہے یا نہ تو آپ نے کوئی جواب نہیں دیا یہی حاجی ناقل ہیں کہ وہ کئی ایک آدمی بغداد کے مالدار لوگوں میں سے تھے اور وہ سفر زیارت میں ہمیشہ لہو ولعب میں مشغول رہتے تھے اور جس کے متعلق میں نے پوچھا تھا اس نے اپنی ماں کو بھی قتل کیا ہوا تھا اس کے بعد ہم ایک وسیع سڑک پر جس کے دونوں طرف میں باغات ہیں اور کاظمین کے قریب ہے ایک مقام پر پہنچے کہ جس کے دائیں جانب بغداد سے شروع ہونیوالے باغ آکر ملتے ہیں اور وہ مقام یتیم سیّد کا تھا کہ جسے حکومت نے سڑک میں ملا لیا تھا اور کاظمین کے اہل تقویٰ اور پرہیزگار لوگ سڑک کے اس نقطہ پر نہیں چلتے تھے میں نے اس بزرگوار کو دیکھا کہ وہ اس جگہ پر چل رہے ہیں، میں نے عرض کی کہ اے میرے مولیٰ۔ یہ جگہ بعض یتیم سادات کی ہے کہ جس میں تصرّف کرنا جائز نہیں ہے تو آپ نے فرمایا، کہ یہ جگہ میرے جدّ بزرگوار امیرالمؤمنینؑ کی ہے اور اس کی ذرّیت ہماری اولاد ہے اور ہمارے دوستداروں کیلئے اس جگہ میں تصرّف کرنا جائز ہے اور اس جگہ کے قریب ایک باغ حاجی مرزا ہادی کا تھا جو بغداد کے مشہور مالداروں میں سے ہے تو میں نے پوچھا کہ کیا یہ درست ہے کہ اس باغ کے متعلق مشہور یہی ہے کہ یہ باغ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کا ہے تو آپ نے فرمایا تمہیں اس سے کیا مطلب اور آپ نے اس کا جواب نہیں دیا اتنے میں ہم دجلہ کی اس جگہ پہنچ گئے کہ جہاں سے پانی باغات اور زراعتوں کیلئے لیا

سبز ہو چکی ہیں اور انہوں اپنی کثرت بیماری کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا کہ تم لوگ گوشت کو بغیر دھونے کے پکاتے ہو اور کوئی حیوان نہیں مرتا، مگر یہ کہ وہ جنابت کے ساتھ پھر ان لوگوں نے گوشت کو دھونے کے بعد پکانا شروع کیا تو ان کی بیماریاں دفع دفع ہو گئیں، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا گذر ایک دوسرے شہر سے ہوا تو دیکھا کہ ان سب کے دانت گر چکے ہیں اور ان کے چہروں پر ورم آیا ہوا ہے تو آپ نے فرمایا کہ سونے کے وقت منہ کو کھلا رکھا کرو اور لبوں کو بند کر کے نہ سویا کرو، انہوں نے جب ایسا کیا تو ان کی بیماری ہی زائل ہو گئی، تئیسواں امر حضرت امام محمد باقر علیہ السلام

جاتا ہے اور وہاں سے دو راستے شہر کی طرف جاتے ہیں ایک سلطانی دوسرا سادات کے راستے سے مشہور ہے آپنے سادات کے راستے پر چلنا شروع کیا تو میں نے عرض کی کہ سلطانی راستے سے چلیں تو آپنے فرمایا نہیں ہم اسی راستے پر جائیں گے، تھوڑا سا راستہ چلے تھے کہ ہم صحن مبارک میں کفشداری کے جہاں جوتے اتارے جاتے ہیں کے پاس پہنچ چکے تھے اور کسی کوچہ اور بازار سے گذر نہیں ہوا۔ ایوان مبارک میں باب المراد کی طرف سے جو مشرق کے جانب امامین ہمامین کے پائنتی طرف ہے داخل ہوئے آپ رواق میں بھی نہیں ٹھہرے اور اذن دخول بھی نہیں پڑھا اور حرم میں چلے گئے اور مجھے فرمایا کہ زیارت پڑھ۔ میں نے عرض کی کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں تو آپنے فرمایا کہ میں تجھے زیارت پڑھاؤں تو میں نے عرض کی کہ ہاں۔ تو آپنے فرمایا کہ ءَاَدْخُلُ یَا اللّٰهُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اس کے بعد ہر ایک امام پر سلام کیا یہاں تک کہ امام حسن عسکری پر پہنچے تو فرمایا اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنَ الْعَسْکَرِیْ اس کے بعد فرمایا کہ اپنے زمانے کے امام کو جانتا ہے تو میں نے کہا۔ ہاں تو فرمایا کہ ان پر سلام کر تو میں نے کہا اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ یَا صَاحِبَ الزَّمَانِ یَا ابْنَ الْحَسَنِ آپنے تبسم فرمایا اور یہ کہا عَلَیْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ اس کے حرم میں داخل ہوئے اور ضریح مبارک کے نزدیک گئے اور اس سے چپٹے اور بوسہ دیا اس کے بعد فرمایا کہ اب زیارت پڑھو تو میں نے کہا کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں تو آپنے فرمایا کہ میں تیرے لئے پڑھوں تو میں نے کہا ہاں۔ آپنے فرمایا کہ کونسی زیارت پڑھوں: میں نے کہا جو زیارت افضل ہو تو آپنے فرمایا زیارت امین اللہ افضل ہے اسوقت اپنے یوں پڑھنا شروع کیا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمَا یَا اَمِیْنَیِ اللّٰهِ فِیْ اَرْضِهٖ وَحُجَّتَیْهِ عَلٰی عِبَادِهٖ آخر تک آپنے زیارت امین اللہ پڑھی اسوقت حرم مبارک کے چراغ جلائے گئے میں دیکھ رہا تھا کہ شمعیں جل رہی ہیں لیکن حرم مبارک کسی اور نور سے روشن تھا کہ جو سورج کی روشنی کی طرح اس کے مقابل شمعیں اس چراغ کی نسبت رکھتی تھیں کہ جو سورج کے سامنے جلائی جائے اور مجھ پر اتنی غفلت طاری تھی کہ میں ان علامات کی طرف ملتفت نہ تھا۔ جب زیارت سے آپ فارغ ہوتے تو پائنتی کی طرف مشرق کی جانب آکھڑے ہوئے اور فرمایا کہ جدّ بزرگوار امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا چاہتا ہے۔ میں نے کہا شب جمعہ ہے میں زیارت آنحضرت کی کرنا چاہتا ہوں آپنے زیارت وارث

لڑکا ہونے کے لئے دُعا

سے منقول ہے کہ جب تو کسی مبتلا آدمی کو دیکھے تو آہستہ تین مرتبہ یہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَلَوْ شَاءَ فَعَلَ جو ایسے کرے تو کبھی بھی وہ بلا اس کو نہیں پہنچے گی، دوسری روایت میں ہے کہ یہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلَیْكَ وَعَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ اور اس کو آہستہ کہے تاکہ وہ نہ سنے، چوبیسواں امر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب عورت حاملہ ہو اور اس کے حمل کے چار مہینے گذر جائیں تو اس کا منہ قبلہ کی طرف کرکے آیۃ الکرسی اس پر پڑھو اور اس کے پہلو پر ہاتھ مس کرو اور یہ کہو اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ قَدْ سَمَّیْتُهٗ مُحَمَّدًا یعنی خدایا میں نے اس کا نام محمد

پڑھی اور اتنے میں مؤذن مغرب کی نماز کی اذان سے فارغ ہو چکے تھے آپ نے فرمایا کہ جاؤ اور جماعت کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھو، آپ اس وقت اس مسجد میں جو سر مبارک کی پشت پر واقع ہے اور جہاں جماعت ہو رہی تھی آئے اور امام کے ساتھ دائیں پہلو انفراداً نماز پڑھنی شروع کی اور میں پہلی صف میں جماعت کیساتھ شریک ہوگیا جب میں نماز سے فارغ ہوا تو انہیں پھر نہیں دیکھا میں مسجد سے باہر نکل کر حرم مبارک میں انہیں ڈھونڈنا شروع کیا لیکن انہیں نہ پایا کیونکہ میرا ارادہ تھا کہ انہیں کچھ نقدی طاقات کر کے دوں گا اور رات کو انہیں اپنے پاس مہمان رکھوں گا، اسوقت میری آنکھ خواب غفلت سے کھلی اور اس سیّد بزرگوار کے سب معجزات کی طرف ملتفت ہونے لگا کہ میں نے کیسے ان کی اطاعت کرتے ہوئے آپکے کام کو بغداد سے چھوڑ کر واپس آیا اور ان کا میرا نام لیکر بلانا، اور ان کا اپنے محبّوں کیلئے شہادت دینا اور اس نہر اور میوہ دار درختوں کا جیساکہ میوہ کا وقت نہ تھا دیکھنا وغیرہ کہ جسکی وجہ سے مجھے یقین ہوگیا کہ وہ تو میرے امام جناب مہدی علیہ السلام تھے کیونکہ ان کا اذنِ دخول میں امام حسن عسکری علیہ السلام کے بعد پوچھنا کہ اپنے زمانے کے امام کو جانتے ہو اور پھر فرمانا کہ ان پر سلام کرو اور سلام کے بعد تبسّم فرما کر ان کا وعلیک السلام سے جواب دینا وغیرہ یہ سب علامتیں میرے امام مہدی علیہ السلام کی ہی تھیں، میں اسوقت کفشداری کے پاس آیا اور ان سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ وہ باہر چلے گئے ہیں اور کیا وہ سیّد تیرے رفیق اور ہمراہی تھے تو میں نے کہا ہاں اسکے بعد میں نے وہ رات اپنے سابقہ میزبان کے پاس آکر گزاری اور جب صبح ہوئی تو جناب شیخ محمد حسن کیخدمت میں حاضر ہو کر کل جو واقعات گذرے تھے ان سے بیان کئے آپنے ہاتھ اپنے منہ پر رکھکر مجھے اس قصّہ اور واقعہ اور راز کے بیان کرنے سے منع فرمایا اور فرمایا کہ خداوند عالم موفّق کرے میں نے اس واقعہ کے ایک مہینہ گذرنے تک اس واقعہ کو کسی کے سامنے اظہار نہیں کیا تھا کہ ایک دن پھر حرم مطہر میں تھا کہ ایک سیّد جلیل القدر کو دیکھا کہ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ اس دن کا کیا واقعہ تھا، تو میں نے کہا کہ میں نے کوئی چیز نہیں دیکھی تھی آپنے پھر پوچھا تو میں نے شدید انکار کیا اس کے بعد وہ میری نظروں سے اوجھل ہو گئے اور انہیں پھر نہیں دیکھا، دوسرا مطلب مسجد براثا میں جانا اور وہاں نماز ادا کرنے میں ہے، واضح رہے کہ مسجد براثا ایک مشہور اور متبرک مسجد ہے جو بغداد اور کاظمین کے درمیان زواروں کے راستے میں واقع ہوئی ہے اس کے فیض سے اکثر زوار محروم رہتے ہیں حالانکہ بہت کافی فضائل اور شرافت اس کے لئے نقل ہوئی ہے

رکھاہے۔ جب ایسا کریگا تو خدا اس کو بیٹا بنائے گا پس اگر اس کا نام محمد رکھے تو مبارک ہے اور اگر کوئی اور نام رکھا تو اگر خدا چاہے گا تو اس سے وہ لڑکا لے لے گا اور اگر چاہے گا تو اس کو بخش دے گا، پچیسواں امر روایت ہے کہ عقیقہ کے گوسفند کو ذبح کرتے وقت یہ دعا پڑھی جائے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ عَقِيْقَةٌ عَنْ فُلَانٍ (یہاں پر اس بچے کا نام لے) لَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَدَمُهَا بِدَمِهٖ وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وِقَاءً لِاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ اور دوسری حدیث میں فرمایا ہے کہ یہ دعا پڑھے يَا قَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا مُسْلِمًا وَمَا اَنَا

حموی نے جو ۶۲۶ھ کے مورخین میں سے ہے اپنی معجم البلدان میں کہا ہے براثا بغداد کا ایک محلہ کرخ محلہ کے قبلہ اور باب محول کے جنوب میں واقع تھا اس محلہ میں ایک شیعوں کی جامع مسجد تھی کہ جس میں وہ نماز پڑھتے تھے اور بعد میں خراب ہو گئی تھی اور اس نے لکھا ہے کہ راضی باللہ خلیفہ بنی عباس کے زمانے سے پہلے شیعہ اس مسجد میں اکٹھے ہوتے تھے اور صحابہ پر سب کرتے تھے راضی باللہ کے حکم سے اچانک اس مسجد میں ٹوٹ پڑے اور جسے وہاں پایا گرفتار کر کے قید کر لیا اور مسجد کو خراب کر کے زمین کے مساوی کر دیا شیعوں نے اس واقعہ کی خبر بغداد کے گورنر حکم ماکانی کو دی اس گورنر نے حکم دیا کہ دوبارہ اس مسجد کو وسیع تر مضبوط بنا دیا جائے اس کے صدر دروازے پر راضی باللہ کا نام لکھا۔ اور اس زمانے سے لیکر ۴۵۰ھ تک یہ ہمیشہ آباد تھی اور نماز جماعت ہوتی تھی لیکن بعد میں اب تک بے کار غیر آباد پڑی ہوئی ہے (لیکن موجودہ زمانے میں جو ۱۳۷۹ھ ہے اس مسجد کو دوبارہ بہت بڑی عالیشان عمارت کیسا تھ شیعوں نے آباد کر دیا ہے اور اسوقت بہت زوار وہاں جاکر اعمال بجا لاتے ہیں، مترجم) براثا بغداد شہر کے آباد ہونے سے پہلے ایک دیہات تھا کہ جس کے متعلق لوگوں کا گمان ہے کہ وہاں سے امیر المومنین علی علیہ السلام نے خوارج نہروان کی لڑائی کو جاتے ہوئے گزر کیا تھا اور اسی مسجد میں نماز ادا فرمائی تھی اور اس بستی کے حمام میں بھی آپ نے غسل فرمایا تھا اور یہ براثا ابو شعیب عابد براثی کی طرف منسوب ہے اور وہ پہلے شخص ہیں جو براثا میں ایک جھونپڑی بنا کر سکونت اختیار کی اور اپنی موت کیوقت تک یہاں عبادت کرتے رہے ایک بہت بڑے مالدار کی لڑکی کا کہ جس کی تربیت عالیشان محلوں میں ہوئی تھی گزر اس جھونپڑی سے ہوا جب اس کی نگاہ ابو شعیب پر پڑی اور اس نے اس کی اس حالت کو دیکھا تو اسے اس کی وہ حالت بہت پسند آئی اور اسکے دل میں ابو شعیب کی محبت جاگزین اس حد تک ہوئی کہ اس کی اسیر محبت ہو کر مجبوراً اس عابد کے نزدیک آبیٹھی اور کہا کہ میں چاہتی ہوں کہ تیری خدمت رہوں انہوں نے جواب دیا میں تجھے اس شرط پر قبول کرتا ہوں کہ اس موجودہ شان و شوکت و ہیبت کو خیرباد کہہ دے اس سعادت مند عورت نے اسے قبول کیا اور عبادت گزاروں کے لباس کو اختیار کیا تب ابو شعیب نے ان سے شادی کر لی جب ہی وہ لڑکی اس جھونپڑی میں داخل ہوئی تو اس نے دیکھا کہ ابو شعیب نے رطوبت کی سرایت سے بچنے کیلئے زمین پر اپنے نیچے ایک چٹائی بچھائی ہوئی تھی اس عورت نے ان سے کہا کہ میں تیرے پاس جب تک اس چٹائی کو اپنے نیچے سے باہر نہ پھینک دے نہیں رہوں گی کیونکہ میں نے آپ سے ہی سنا ہے کہ آپ کہتے تھے کہ

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ تَقَبَّلْ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ تو لڑکے کا نام لے اور اس جانور کو ذبح کر دے علامہ مجلسی نے کتاب حلیہ میں فرمایا ہے کہ جان لینا چاہیئے بچے کے لئے عقیقہ کرنا سنت مؤکدہ ہے اس شخص کیلئے جو اس کی قدرت رکھتا ہو اور بعض علماء اس کو واجب سمجھتے ہیں اور بہتر یہ ہے کہ عقیقہ ساتویں دن کیا جائے اور اگر تاخیر کی گئی تو لڑکے کے بلوغ تک باپ پر سنت ہے اور بلوغ کے بعد آخیر عمر تک اس لڑکے

زمین کہتی ہے کہ اے آدم کے بیٹے تو اپنے اور میرے درمیان حجاب اور پردہ ڈالتا ہے حالانکہ کل تو میرے پیٹ میں آنے والا ہے پس ابو شعیب نے اس چٹائی کو باہر پھینک دیا اور اس سعادت مند عورت کے ساتھ مرنے تک ٹھہرے رہے اور اللہ کی دونو بہت اچھی طرح عبادت کرتے رہے (مؤلّف کہتا ہے کہ ہم نے ہدیۃ الزّائرین میں اس مسجد کی فضیلت میں کافی روایات نقل کی ہیں۔ اور یہ بھی کہا ہے کہ ان اخبار سے کئی ایک فضیلتیں اس مسجد کی معلوم ہوتی ہیں کہ اگر ایک فضیلت بھی ان میں سے کسی اور مسجد میں پائی جائے تو اس لائق ہو جاتی ہے کہ انسان اسکی طرف منازل بعیدہ سے سفر کرکے اس میں نماز اور دعا کے فیض سے مستفیض ہو۔ اور وہ فضیلتیں یہ ہیں۔ پہلی اللہ تعالیٰ کا یہ قرار دے دینا کہ اس سرزمین میں کوئی بادشاہ لشکر کے ساتھ سوائے پیغمبر اور وصی پیغمبر کے نہیں اُترے گا۔ دوسری حضرت مریم کے گھر کا یہاں پر ہونا، تیسری یہ زمین حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زمین ہے۔ چوتھی اس چشمے کا یہاں ہونا جو حضرت مریمؑ کے لئے ظاہر ہوا تھا، پانچویں، اس چشمے کو حضرت امیر علیہ السلام کا دوبارہ ظاہر کرنا، چھٹی یہاں پر ایک متبرک سفید پتھر کا ہونا کہ جس پر حضرت مریمؑ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو رکھتی تھیں، ساتویں، اسی پتھر کا دوبارہ جناب امیرالمؤمنین کا معجزہ سے ظاہر کرنا اور اسے قبلہ کی طرف نصب کر دینا اور اس کی طرف نماز پڑھنا، آٹھویں۔ جناب امیرالمؤمنینؑ اور ان کے دو فرزند حضرت امام حسن مجتبیٰؑ و امام حسین سیّد الشّہداءؑ کا اس میں نماز پڑھنا۔ نویں، جناب امیرالمؤمنینؑ کا اس مکان کی شرافت اور اس زمین کی تقدّس کی وجہ سے یہاں پر چار دن تک رہنا، دسویں پیغمبروں کا یہاں نماز پڑھنا بالخصوص جناب خلیل الرحمٰن علیہ السلام کا یہاں پر نماز بجالانا۔ گیارھویں، یہاں پر ایک پیغمبر کی قبر مبارک کا یہاں پر ہونا اور شاید وہ قبر جناب حضرت یوشع علیہ السلام کی ہو کیونکہ شیخ مرحوم نے فرمایا ہے کہ آپ کی قبر کاظمین سے باہر مسجد براثا کے سامنے ہے بارھویں، حضرت امیرالمؤمنینؑ کیلئے اسی جگہ پر آفتاب کا پلٹ آنا اتنی شرافتیں اور فضائل اور آیات الٰہی اور معاجز حیدریہ کے ظہور کے باوجود معلوم نہیں ہے کہ ہزار زائروں میں سے کوئی ایک زائر بھی اس مسجد میں جاتا ہو، حالانکہ وہ ان کے راستے پر ہے اور وہ ان سے مکرر گزرتے رہتے ہیں اور اگر کوئی اتفاقاً وہاں اس فیض کے حاصل کرنے کیلئے چلا جائے اور وہاں پہنچ کر دروازہ مسجد کو بند پائے تو مختصر سی رقم دروازے کے کھلوانے پر خرچ کرنے سے کتراتا ہے اور اپنے آپکو اتنے بڑے فیوضات سے محروم رکھتا ہے حالانکہ بغداد اور ظالموں کے محلوں کی سیر و سیاحت کیلئے اور فضول مال و متاع نجس و ناپاک

کے لئے سنّت ہے اور بہت سی احادیث معتبرہ میں ہے کہ عقیقہ کرنا واجب ہے اس شخص پر کہ جس کے ہاں لڑکا ہو اور بہت سی احادیث میں منقول ہے کہ لڑکا عقیقہ کا گرو ہے یعنی اگر عقیقہ نہ کیا گیا تو تلف اور اس کے متعلق مختلف بیماریوں کا خوف ہے اور حضرت صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ عقیقہ لازم ہے ہر اس شخص پر جو غنی ہے اور جو فقیر ہے جب اس سے ہو سکے تو کرے اور اگر نہ ہو سکے تو پھر کوئی ڈر نہیں۔ اور اگر عقیقہ اس کے لئے نہ کریں اور قربانی اس کے لئے کبھی کر دیں تو وہ قربانی عقیقہ کے لئے بھی کافی ہے اور دوسری حدیث میں منقول ہے کہ کچھ لوگوں نے آنحضرت سے سوال

سے خرید اجاتا ہے اور جس کے خریدنے کو زائر زیارت کا جزو سمجھتا ہے بے باکانہ خرچ کرتا ہے اللہ ہی نیکیوں کی طرف توفیق دینے والا ہے۔

(تیسرا مطلب) نوّاب اربعہ کی زیارت میں ہے

نواب اربعہ جناب ابو عمر عثمان بن سعید اسدی اور جناب ابو جعفر محمد بن عثمان اور شیخ ابوالقاسم حسین ابن روح نوبختی اور شیخ جلیل ابوالحسن علی بن محمد ثمری رضی اللہ عنہم ہیں۔ واضح رہے کہ زوار وں کے وظائف میں سے جب تک کہ وہ کاظمین شریفین میں رہ رہے ہیں امام صاحب العصر صلوات اللہ علیہ کے ان چار نائبوں کی زیارت کیلئے بغداد میں جانا بھی ہے کیونکہ ہر ایک ان نائبوں میں سے اگر دور کے شہروں میں مدفون ہوتے تو ہر انسان کو ان کی زیارت کا فیض حاصل کرنے کیلئے سفر کی تکالیف برداشت کرکے جانا چاہیئے تھا کیونکہ کوئی بھی ائمہ کے خاص اصحاب میں ان کی بزرگی اور جلالت قدر تک نہیں پہنچ سکتا اس واسطے کہ تقریباً ستر سال تک یہ بزرگوار منصب سفارت پر فائز تھے اور امام اور رعیّت کے درمیان واسطہ تھے کہ جن کے ہاتھوں پر بہت کافی کرامات اور خارق عادات جاری ہوئے حتیٰ کہ بعض علما ان کی عصمت کے بھی قائل ہو گئے ہیں اور یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ جبکہ یہ بزرگوار اپنی زندگی میں امام صاحب العصرؑ اور ان کی رعیت کے درمیان واسطہ تھے اور اس واسطے کے لوازم میں لوگوں کی حاجات اور خطوط اور عرائض کا آنحضرت تک پہنچانا تھا۔ اب بھی موت کے بعد ویسے منصب شریف پر انہیں یہ فخر حاصل ہے اور لا محالہ وہ خطوط جو حاجات اور تختیوں پر مشتمل ہیں ان کے واسطے سے آنحضرت تک پہنچ سکتے ہیں۔ جیسا کہ یہ چیز اپنے مقام پر ثابت ہے۔ نواب اربعہ کی زیارت کیفیّت یوں ہے جیسا کہ شیخ طوسیؒ نے تہذیب میں اور سیّد بن طاؤسؒ نے مصباح الزائر میں ذکر کیا ہے اور انہوں نے اس کیفیّت کی نسبت ابوالقاسم حسین بن روحؒ کی طرف دی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ان کی زیارت میں پہلے جناب رسول خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ پر سلام کرے اور ان کے بعد جناب امیرالمومنین اور جناب خدیجۃ الکبریٰ اور جناب فاطمہ زہراؑ اور جناب امام حسنؑ اور امام حسینؑ اور ہر ایک امامؑ پر سلام کرے۔ یہاں تک صاحب العصر صلوات اللہ علیہ تک پہنچ جائے اور اس کے بعد یہ کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ اور فلان بن فلان کی جگہ اس نائب کا اسم گرامی

کیا کہ ہم نے عقیقہ کرنے کے لئے گوسفند تلاش کیا ہے لیکن نہیں مل سکا تو کیا فرماتے ہیں آپ کیا اس کی قیمت تصدق کر دیں آپ نے فرمایا طلب کر یہاں تک کہ مل جائے۔ خدا دوست رکھتا ہے طعام کھلانے اور خون بہانے کو، دوسری حدیث میں ہے کہ حضرت سے پوچھا گیا کہ وہ بچہ جو ساتویں دن مر جائے کیا اس کے لئے بھی عقیقہ کیا جائے تو آپ نے فرمایا کہ اگر ظہر سے پہلے مر جائے تو عقیقہ نہیں اور اگر ظہر کے بعد مرے تو کرنا چاہیئے۔ ایک حدیث معتبر میں عمر ابن یزید سے منقول ہے کہ اس نے آنحضرت کی خدمت میں عرض کیا، کہ مجھے معلوم نہیں کہ میرے باپ نے میرا عقیقہ کیا تھا

اوران کے والد کا نام لے اور پھر یہ کہے اَشْهَدُ اَنَّكَ بَابُ الْمَوْلَىٰ اَدَّيْتَ عَنْهُ وَاَدَّيْتَ اِلَيْهِ مَا خَالَفْتَهُ وَلَا خَالَفْتَ عَلَيْهِ قُمْتَ خَاصًّا وَانْصَرَفْتَ سَابِقًا جِئْتُكَ عَارِفًا بِالْحَقِّ الَّذِي اَنْتَ عَلَيْهِ وَاَنَّكَ مَا خُنْتَ فِي التَّاْدِيَةِ وَالسِّفَارَةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنْ بَابٍ مَا اَوْسَعَهُ وَمِنْ سَفِيْرٍ مَا اٰمَنَكَ وَمِنْ ثِقَةٍ مَا اَمْكَنَكَ اَشْهَدُ اَنَّ اللهَ اخْتَصَّكَ بِنُوْرِهٖ حَتّٰى عَايَنْتَ الشَّخْصَ فَاَدَّيْتَ عَنْهُ وَاَدَّيْتَ اِلَيْهِ اس کے بعد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام شروع کر کے امام صاحب العصر تک سلام کرتا جائے اور پھر یہ کہے جِئْتُكَ مُخْلِصًا بِتَوْحِيْدِ اللهِ وَمُوَالَاةِ اَوْلِيَآئِهٖ وَالْبَرَآءَةِ مِنْ اَعْدَآئِهِمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ خَالَفُوْكَ يَا حُجَّةَ الْمَوْلٰى وَبِكَ اِلَيْهِمْ تَوَجُّهِيْ وَبِهِمْ اِلَى اللهِ تَوَسُّلِيْ اس کے بعد دعا کرے اور اللہ تعالےٰ سے جو کوئی حاجت ہو طلب کرے کہ انشاءاللہ پوری ہو گی۔ مؤلف کہتا ہے کہ بہت مناسب اور ضروری ہے کہ بغداد میں جناب شیخ اجل عالیمقام ثقۃ الاسلام محمد بن یعقوب کلینی کی خداوند عالم ان کی قبر مبارک معطر فرمائے زیارت کی جائے اور یہ وہ عالی قدر شیعوں کے محدّث ہیں کہ جنہیں شیخ اور رئیس الشیعہ کہا جاتا ہے اور مقام روایت میں اوثق اور اثبت ہیں اور جنہوں نے کتاب اصول کافی اور فروع کافی جو شیعوں کیلئے نور بصارت کی حیثیت رکھتی ہے عرصہ بیس سال میں اسے تالیف کیا ہے۔ واقعا اس بزرگوار نے تمام شیعوں پر ایک بہت بڑا احسان کیا ہے اور بالخصوص علما شیعوں پر ان کا بہت احسان ہے ان کی جلالت قدر اور عظمت و بزرگی کو دیکھتے ہوئے ابن اثیر جیسے اہل سنّت والجماعت کے عالم اور مورخ اور محدّث نے انہیں سنہ ۳ھ کا مجدّد مانا ہے اور سنہ ۲ھ کا مجدد جناب امام رضا علیہ السلام ثامن الائمہ علیہم السلام کو کہا ہے اور ہم نے ان اکثر علما کا ذکر ہدیۃ الزّائرین میں کیا ہے جو مشاہد مقدسہ ائمہ طاہرین میں مدفون ہیں صاحب ذوق اس کتاب کا مطالعہ فرمائیں

چوتھا مطلب جناب سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی زیارت میں ہے۔ واضح رہے جو زائرین کاظمین شریفین پہنچ چکے ہوں انہیں وہاں سے مدائن اللہ کے صالح اور نیک بندے جناب سلمان محمدی رضوان اللہ علیہ کی زیارت کیلئے جانا چاہیئے جو پہلے چار رکنوں میں ایک رکن ہیں جنکے متعلق جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ السلمان منّا اہل البیت یعنی سلمان ہم اہل بیت نبوت میں سے ایک ہے آنجناب کی فضیلت میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سلمان ایک سمندر ہے یعنی علم کا جو خشک نہیں ہو گا اور وہ ایک خزانہ (ایمان وعلم) ہے جو ختم ہونے والا نہیں، سلمان ہم اہلبیت

عقیقہ کا بیان

یا نہیں حضرت نے فرمایا کہ تو اپنے لئے عقیقہ کر تو اس نے بوڑھاپے میں اپنا عقیقہ کیا، اور حدیث حسن میں منقول ہے کہ ساتویں دن بچے کا نام بھی رکھنا چاہیئے اور عقیقہ بھی کرنا چاہیئے اور سر بھی منڈوانا چاہیئے اور اس کے سر کے بالوں کو چاندی سے وزن کر کے اس چاندی کو تصدق کیا جائے اور عقیقہ کے جانور کا ایک پاؤں اور ایک ران اس دایہ کے پاس بھیجنی چاہیئے جس نے بچہ کے پیدا ہونے کے وقت مدد کی ہے اور باقی گوشت لوگوں کو کھانے کیلئے دیں اور صدقہ کریں اور دوسری حدیث موثق میں ہے کہ جب بچہ یا بچی میرے ہاں پیدا ہو تو ساتویں دن اس کا عقیقہ کر اور اس کا نام رکھ اور اس کا سر منڈوا

میں سے ہیں اور وہ علم و حکمت کی سخاوت کرتے ہیں اور دلیل و برہان لوگوں کو دیتے ہیں، جناب امیر
المومنینؑ نے انہیں لقمان حکیم قرار دیا ہے۔ بلکہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے انہیں لقمان حکیم سے بہتر فرمایا ہے
اور امام محمد باقرؑ نے انہیں متوسمین سے قرار دیا ہے (یعنی جو ایمان و جنت کے علامت زدہ لوگ قیامت
کے دن ہونگے ان کے ایک فرد حضرت سلمان فارسی ہونگے) روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب سلمان
محمدی اسم اعظم کا علم رکھتے تھے اور ان لوگوں میں سے تھے کہ جنکے ساتھ ملائکہ بات چیت کرتے ہیں اور وہ ایمان
کے جس کے کل دس درجے ہیں دسویں درجے تک فائز ہو چکے تھے اور انہیں علم غیب اور منایا حاصل تھا۔
انہوں نے بہشت کے تحفے دنیا میں تناول فرمائے ہوئے تھے انکی طرف بہشت مشتاق اور عاشق تھی، اللہ کا
رسول پاک انہیں بہت دوست رکھتے تھے اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خداوند عالم کا چار انسانوں کے
ساتھ محبت رکھنے کا جو امر ملا تھا ان چار میں سے ایک جناب سلمان فارسیؓ تھے۔ بہت کافی قرآن کی آیتیں ان کی
مدح و ثنا میں نازل ہوئی ہیں اور جب بھی جناب جبرائیلؑ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آتے تھے
تو انہیں عرض کرتے تھے کہ خداوند عالم کا سلام جناب سلمان فارسی کو پہنچا دیں اور انہیں منایا اور بلایا اور انساب کا علم
عطا کریں۔ بعض راتوں میں وہ جناب رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیساتھ خلوت میں رہتے تھے اور انہیں جناب رسولخدا
اور جناب امیرالمومنینؑ نے ایسے اسرار الٰہی کی تعلیم دی تھی کہ جسے ان کے علاوہ کوئی قوت برداشت نہیں رکھتا تھا
اور وہ ایسے مرتبہ تک پہنچ چکے تھے کہ جن کے متعلق جناب امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ سلمان پاک نے علم اوّل اور
علم آخر کو پالیا ہے اور وہ ایسا سمندر ہے جو ختم نہیں ہوگا۔ اور وہ ہم اہلبیت میں سے ہیں ہم نے جو کچھ یہاں مختصر
سلمان فارسی کے فضائل نقل کئے ہیں ان کی زیارت کرنے کے شوق کیلئے کافی ہیں اور انہیں تمام صحابہ کرام اور تمام
امتؐ ایک خاص امتیاز حاصل ہے کہ ان کے غسل و کفن کیلئے جناب امیرالمومنینؑ بطور اعجاز مدینۂ منورہ سے مدائن
تشریف لے گئے اور انہیں اپنے دست مبارک سے غسل و کفن دیا اور ان پر نماز جنازہ درانحالیکہ ان کے پیچھے
ملائکہ کی بے شمار صفیں موجود تھیں پڑھی اور پھر اسی رات واپس مدینہ منورہ واپس لوٹ آئے (سبحان اللہ) محمد و آل محمد
کے ساتھ محبت اور مودت اور ان کے افعال و اقوال کی سچی پیروی دیکھئے، جناب سلمانؓ کو کس عظمت و جلالت
پر پہنچا دیا کاش آج کے شیعہ جو اپنے آپ کو زبانی شیعہ کہلاتے ہیں اور جن کے افعال اور اقوال سے ائمہؑ کے دامن امامت
پر بدنما داغ بنے ہوئے ہیں اپنے ائمہ اطہار کے ساتھ عملی محبت کا ثبوت دیتے تو تمام عالم پر واضح ہو جاتا کہ امن

اور سر کے بالوں کے برابر سونا یا چاندی صدقہ دے۔ اور دوسری حدیث میں وارد ہوا ہے کہ گوسفند کا چوتھا حصہ دایہ کو دینا چاہیئے اور اگر بغیر دایہ کے پیدا ہوا ہے تو وہ چوتھائی ماں کو دی جائے تاکہ وہ جسے چاہے دیدے اور کم از کم دس مسلمانوں کو کھلایا جائے اور جتنے زیادہ ہوں تو بہتر ہے اور خود اس سے نہ کھائے اور اگر دایہ یہودی عورت ہو تو اس کو گوسفند کی قیمت کا چوتھا حصہ دیا جائے اور دوسری روایت میں وارد ہوا ہے کہ قابلہ یعنی دایہ کو تیسرا حصہ گوسفند کا دینا چاہیئے اور علماء کے نزدیک مشہور یہ ہے کہ عقیقہ کا جانور اونٹ ہو یا دنبہ یا بکری اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے

عالم اور نجاتِ و فلاحِ انسانیت صرف انہیں بزرگوار خاندان نبوت وعصمت کے نقش قدم پر چلنے میں منحصر ہے۔ مترجم)
